فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | منگل 14 صفر المظفر 1445ھ 20 اگست 2024ء 5 بھادوں 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 309

عوام کی خدمت کیلئے تعلیم، صحت اور فلاحی منصوبے اولین ترجیح ہیں

مریم نواز

دنیا بھر میں انسانوں کی خدمت کرنے والوں کو سلام اور خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں۔ انسانیت کی خدمت کا عظیم مقصد قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے

خدمت میں مصروف تمام ریسکیو ورکرز، ڈاکٹرز، نرسز، امدادی کارکنان کو سلام پیش کرتی ہوں۔ انسانیت کی خدمت کو عبادت سمجھتی ہوں، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت کے لیے تعلیم، صحت اور دیگر فلاحی منصوبے حکومت کی اولین ترجیح ہیں۔ انسانیت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں مریم نواز نے کہا کہ دنیا بھر میں انسانوں کی خدمت کرنے والوں کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔ انسانیت کی خدمت کا عظیم مقصد قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ انہوں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنر سندھ کی تبدیلی معاملے پر مسلم لیگ ن پی پی سے دوبارہ ہاتھ کر گئی

ن لیگ کامران ٹیسوری کی تبدیلی کی زبان سے پھر گئی، پیپلز پارٹی کی قیادت کو یقین دہانی کرائی گئی تھی، ذرائع

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کی تبدیلی معاملے پر مسلم لیگ ن پی پی سے دوبارہ ہاتھ کر گئی، ن لیگ نے پی پی قیادت کو کامران ٹیسوری کی تبدیلی کی یقین دہانی کرائی تھی۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن نے پیپلز پارٹی کے گورنر سندھ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

ملک احمد خان نے قائم مقام گورنر پنجاب کی ذمہ داریاں سنبھال لیں

ڈپٹی اسپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ قائم مقام اسپیکر پنجاب اسمبلی بن گئے، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے قائم مقام گورنر پنجاب کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کے غیر ملکی دورے کے باعث ملک محمد احمد خان قائم مقام گورنر پنجاب ہوں گے۔ ڈپٹی اسپیکر ملک ظہیر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

بطور سزا لوڈ شیڈنگ کو جائز قرار دینے کیلئے نیپرا ایکٹ میں ترمیم کا فیصلہ

پاور ڈویژن خط غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے افراد کو بجلی کے بنیادی حق سے محروم کر دے گا

کراچی (این این آئی) حکومت نے بطور سزا لوڈشیڈنگ کو جائز قرار دینے کے لیے نیپرا ایکٹ میں ترمیم کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومتی اقدام کا مقصد مجموعی تکنیکی اور تجارتی نقصانات کی آڑ میں ملک بھر میں ریونیو پر مبنی لوڈ شیڈنگ کو قانونی شکل دینا ہے جس کے بعد پاور ڈویژن خط غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے افراد کو ان کے بجلی کے بنیادی حق سے محروم کر دے گا۔ پاور ڈویژن کے مطابق حکومت ملک کے پاور سیکٹر کو درپیش متعدد چیلنجز کے حل کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے، گردشی قرضے کا بڑھتا ہوا رجحان اس شعبے اور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

190 ملین پاؤنڈ کیس

اسلام آباد ہائیکورٹ نے ٹرائل کورٹ کو فیصلہ سنانے سے روک دیا

جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس بابر ستار پر مشتمل ڈویژن بینچ نے رجسٹرار آفس کے اعتراضات کے ساتھ درخواست پر سماعت کی

نیب کو نوٹس جاری کرتے ہوئے بدھ تک جواب طلب کرلیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے ٹرائل کورٹ کو 190 ملین پاؤنڈ کیس کا حتمی فیصلہ سنانے سے روکتے ہوئے سماعت بدھ تک ملتوی کر دی

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 190 ملین پاؤنڈ کیس بند کرنے کے نیب کے پرانے فیصلے کی ریکارڈ فراہمی کی درخواست پر ٹرائل کورٹ کو کیس کا حتمی فیصلہ سنانے سے روک دیا۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس بابر ستار پر مشتمل ڈویژن بینچ نے رجسٹرار آفس کے اعتراضات کے ساتھ درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر اور خالد یوسف چودھری ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار کے وکلا نے دلائل دیے کہ بانی پی ٹی آئی کے خلاف ریفرنس میں 35 گواہ ہو چکے، آخری گواہ تفتیشی افسر پر جرح جاری ہے، بانی پی ٹی آئی کو القادر ٹرسٹ کیس میں ہی اسلام آباد ہائیکورٹ سے گرفتار کیا گیا تھا، نیب نے ابتدائی طور پر 8 ملزمان کے خلاف ریفرنس دائر کیا، عدالت نے دیگر چھ کو عدم پیشی پر اشتہاری قرار دے دیا، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف ریفرنس زیر سماعت ہے۔ بیرسٹر سلمان نے کہا کہ نیب کے مطابق این سی اے نے 190 ملین پاؤنڈز کی رقم ضبط کی، الزام یہ ہے پٹیشنر جب وزیر اعظم تھے تو انہوں نے 190 ملین پاؤنڈ کے حوالے سے سہولت فراہم کی، نیب کا کیس ہے پیسے سٹیٹ بینک میں آنے تھے لیکن سپریم کورٹ کے اکاؤنٹ میں آئے۔ عدالت نے کہا کہ ہمارے پاس کیس ہے یہ رجسٹرڈ تو نہیں۔ سلمان صفدر کا کہنا تھا کہ ہم نے ٹرائل کورٹ میں نیب ایگزیکٹو بورڈ میٹنگ کا ریکارڈ طلب کرنے کی درخواست دی مگر ٹرائل کورٹ نے ریکارڈ طلب کرنے کی ہماری درخواست مسترد کر دی، ٹرائل جج نے درخواست مسترد کرنے کی حیران کن وجوہات لکھیں، ٹرائل جج نے لکھا کہ تفتیشی افسر اس ریکارڈ کا لکھنے والا یا کسٹوڈین نہیں ہے۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے دریافت کیا کہ آپ نے کتنی درخواستیں دائر کیں؟ وکیل نے بتایا کہ صرف یہی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

پی ٹی آئی رہنما مسرت جمشید چیمہ کی نومئی کے 12 کیسز میں ضمانتیں کنفرم

صحافی نے عطاء بندیال، فیض حمید سے رابطے کیلئے "اعظم سواتی" کے نام کے کوڈ ورڈ کا مفروضہ بنایا، کبھی رابطہ نہیں ہوا، گفتگو

راولپنڈی / لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ کی نومئی کے حوالے سے 12 کیسز میں ضمانتیں کنفرم ہوگئیں۔ مسرت جمشید چیمہ انصاف لائرز فورم کے وکلاء کی ٹیم کے ہمراہ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت پیش ہوئیں۔ وکلاء کے دلائل کے بعد عدالت نے مسرت جمشید چیمہ کی 12 کیسز میں ضمانتیں کنفرم کر دیں۔ بعد ازاں گفتگو کرتے ہوئے مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ میں خاص طور پر انصاف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

پنجاب کی طرح باقی صوبے بھی بجلی بلوں میں ریلیف دے سکتے ہیں: عطا تارڑ

عوام کو ریلیف کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پنجاب کی طرح دیگر صوبائی حکومتیں بھی اپنے طور پر عوام کو بجلی بلوں میں ریلیف دے سکتی ہیں۔ وفاقی دارالحکومت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ ملک میں بجلی کے بلوں پر باتیں کی جا رہی ہیں، موجودہ حکومت جب سے اقتدار میں آئی ہے اس کا ایک ہی مقصد تھا کہ بجلی کے بلوں میں کمی کی جائے، عوام کو ریلیف کی فراہمی حکومت کی ترجیح باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

پنجاب حکومت کا اسلام آباد کے شہریوں کو بھی سستی بجلی دینے کا فیصلہ

اسلام آباد کی بجلی کمپنی کے ساتھ لاہور گوجرانوالہ فیصل آباد اور ملتان کی بجلی کمپنیوں کو خطوط بھیج دیے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بھی دو مہینے کے لیے سستی بجلی دے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر اسلام باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

PDMA
PUNJAB
لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سندھ حکومت ہمت کرے، عوام کو بجلی بلوں پر ریلیف دے، عظمیٰ بخاری

عوامی ریلیف کے اقدام پر فضول قسم کی سیاست کرنا باعث تعجب ہے، مریم نواز نواز شریف کی بیٹی ہے اور نواز شریف نے ہمیشہ عوام کی بات کی ہے

عوامی جماعت ہونے کے دعویدار کے تمام وزرا اور ترجمان تین دن سے عوامی ریلیف کے ہی خلاف بیانات دے رہے ہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پچھلے تین دن سے سندھ حکومت پریشان ہے پنجاب حکومت نے بجلی کے بلوں میں ریلیف کیوں دے دیا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سعید غنی کی پریس کانفرنس پر ردعمل میں کہا کہ بھائی پنجاب کی وزیر اعلیٰ کو اپنے صوبے کے عوام کی فکر ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

لاہور، وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ ہائیکورٹ بار، پنجاب ایسوسی ایشنز کے عہدیداران کے ساتھ کورٹ فیس کے ریٹس پر مشاورت کر رہے ہیں

سندھ حکومت کرپٹ نہیں، چاہتا ہوں اپنے کام سے یاد رکھا جاؤں، مراد علی شاہ

کراچی کے بارے میں جو گمان پیدا ہوگیا ہے اس میں حقیقت نہیں ہے، انٹرویو

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کرپٹ نہیں، چاہتا ہوں اپنے کام سے یاد رکھا جاؤں۔ نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

خیبر پختونخوا میں بجلی کی قیمت کم نہ کی گئی تو اسلام آباد میں دھرنا دینگے، ایمل ولی

جس صوبے میں آئی پی پیز کی بھرمار ہے وہاں ووٹ بینک کی خاطر بلوں میں کمی کی جا رہی ہے

پشاور (این این آئی) صدر عوامی نیشنل پارٹی ایمل ولی خان کا کہنا ہے کہ سستی بجلی خیبر پختونخوا پیدا کر رہا ہے لیکن 14 روپے فی یونٹ ریلیف پنجاب میں دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

غربت کی وجہ سے بچیوں کی جلد شادی کی جاتی ہے: شرمیلا فاروقی

سندھ سب سے زیادہ سیلاب سے متاثر ہوا ہے، اس کی وجہ سے بھی غربت میں اضافہ ہوا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما و ایم این اے ڈاکٹر شرمیلا فاروقی کا کہنا ہے کہ غربت کی وجہ سے بھی والدین بچیوں کی جلد شادی کر دیتے ہیں۔ نجی ٹی وی کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

ڈیجیٹل اور ہیومن رائٹس تنظیمیں سوشل میڈیا بندش پر آواز بلند کریں، بیرسٹر سیف

مینڈیٹ چوروں کے انٹرنیٹ سلو کرنے کے غیر آئینی اقدام سے عوام رل رہے ہیں

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل اور ہیومن رائٹس تنظیمیں سوشل میڈیا بندش پر آواز بلند کریں۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

وائس چانسلرز کا سالانہ یکساں سیلری پیکج، سمری وزارت خزانہ کو ارسال

پہلے سال تنخواہ سوا 10 لاکھ، دوسرے سال سوا 11 لاکھ، تیسرے سال 12 لاکھ 42 ہزار ہوگی

کراچی (این این آئی) وفاقی ہائر ایجوکیشن کمیشن نے ملک بھر کے وائس چانسلرز کی سالانہ بنیادوں پر یکساں سیلری پیکج کی منظوری کیلئے سمری وفاقی وزارت خزانہ کو ارسال کر دی۔ سمری کے مطابق وائس چانسلرشپ کی مدت کے آخری سال ان کی تنخواہ 15 لاکھ سے زیادہ ہو جائے گی جبکہ پہلے سال یہ تنخواہ 10 لاکھ 26 ہزار روپے ہوگی، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

پشاور، صوبائی وزیر تعلیم فیصل خان ترقی کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبے پر بریفنگ دی جا رہی ہے

عرس داتا گنج بخش، لاہور ہائیکورٹ سمیت ماتحت عدالتوں میں تعطیل کا اعلان

لاہور (این این آئی) حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ کے عرس پر لاہور ہائیکورٹ سمیت ماتحت عدالت میں تعطیل کا اعلان کر دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے 26 اگست کو حضرت علی ہجویری کے عرس کے موقع پر چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

اسلام آباد، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم سے یو این ڈی پی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ایم پاکس کے حوالے سے ایئر پورٹس اور انٹری پوائنٹس پر سکریننگ اور سرویلنس کا موثر نظام موجود ہے، ڈاکٹر مختار بھرتھ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایم پاکس کے کیسز کے حوالے سے صورتحال تسلی بخش ہے، تمام ایئر پورٹس اور انٹری باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

یکم جولائی سے 17 اگست تک بارشوں کے دوران 189 افراد جاں بحق

سب سے زیادہ پنجاب میں 68، خیبر پختونخوا میں 65 اور سندھ میں 32 افراد جان کی بازی ہار گئے، این ڈی ایم اے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ملک بھر میں یکم جولائی سے 17 اگست تک بارشوں کے دوران 189 افراد جاں بحق اور 333 زخمی ہوگئے۔ این ڈی ایم اے نے ملک بھر میں یکم جولائی سے 17 اگست تک ہونے والی موسلا دھار بارشوں سے ہونے والے نقصانات پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33


لاہور، چیئرمین کرکٹ بورڈ محسن نقوی قذافی اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

شکاگو میں مقیم پاکستانیوں کی جانب سے یوم آزادی کی پروقار تقریب کا انعقاد

پاکستان کی سالمیت استحکام اور ترقی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی اور ملی نغمے بھی سنائے گئے

شکاگو (این این آئی) پاکستان کے 77ویں یوم آزادی کے سلسلے میں شکاگو میں مقیم پاکستانیوں نے یوم آزادی کی ایک پروقار تقریب منعقد کی جس سے پاکستان کے قونصل جنرل طارق کریم سمیت پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

چینی کمپنی سولر پینلز کی تیاری و اسمبلنگ پلانٹ لگائے گی، معاہدہ ہوگیا

پنجاب کے وزیر صنعت چوہدری شافع حسین اور چینی کمپنی "اے آئی کے او" کے صدر ایلکس ہینگ نے دستخط کئے

لاہور (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے چینی سولر کمپنی کا پنجاب حکومت کے ساتھ سولر پینل کی تیاری اور اسمبلی پلانٹ لگانے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ پنجاب کے وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین اور چینی کمپنی "اے آئی کے او" باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

پشین کے منزری ڈیم میں 2 بچے ڈوب گئے

1 بچے کی لاش نکال لی گئی ہے، دوسرے کی تلاش جاری ہے، پی ڈی ایم اے حکام

پشین (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پشین میں واقع منزری ڈیم میں 2 بچے ڈوب گئے۔ پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق بچے نہاتے ہوئے ڈیم میں ڈوبے ہیں۔ پی ڈی ایم اے حکام نے بتایا ہے کہ 1 بچے کی لاش نکال لی گئی ہے، دوسرے کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

دس سال قبل آج کے دن پارلیمنٹ کا گھیراؤ جمہوریت کے خلاف گھناؤنی سازش تھی، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے 19 اگست 2014 کو پارلیمنٹ کا گھیراؤ کرنے کو جمہوریت کے خلاف ایک گھناؤنی سازش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، پارلیمنٹ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

الیکشن ترمیمی ایکٹ کیخلاف درخواست پر وفاقی حکومت سمیت دیگر فریقین کو نوٹسز، جواب طلب

الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کا اطلاق ماضی سے نہیں ہوسکتا، ایکٹ کو غیر آئینی قرار دیا جائے، درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کے خلاف دائر متفرق درخواست پر وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شکیل احمد نے شہری منیر احمد کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

کوہاٹ ٹل بلاک میں ایک ماہ میں تیل و گیس کا تیسرا ذخیرہ دریافت

یومیہ 153 بیرل خام تیل، 17.9 ایم ایم سی ایف ڈی گیس بھی حاصل ہوگی، اعلامیہ

لاہور (این این آئی) کوہاٹ ٹل بلاک کے راز گیر ون فارمیشن میں ایک ماہ کے دوران تیل و گیس کا تیسرا ذخیرہ دریافت ہوگیا، تیل و گیس کی کمپنیز نے پاکستان اسٹاک ایکس چینج کو خط بھیج کر اہم ڈویلپمنٹ سے آگاہ کر دیا۔ اعلامیے کے مطابق باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

وزیر داخلہ محسن نقوی کا ملک کے مختلف علاقوں میں بارشوں سے قیمتی جانوں کے نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملک کے مختلف علاقوں میں بارشوں کے باعث قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے جاں بحق افراد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

لاہور کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش، سڑکوں پر پانی جمع

بجلی کا ترسیلی نظام بھی متاثر، کئی علاقوں میں فیڈرز ٹرپ ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا

لاہور (این این آئی) لاہور کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش سے جل تھل ایک ہو گیا، شہر کی سڑکیں ندی نالوں کا منظر پیش کرنے لگیں۔ صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف علاقوں ایبٹ روڈ، لکشمی چوک، ڈیوس روڈ، مال روڈ پر خوب بادل باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی روزانہ کی بنیاد پر سائلین سے ملاقاتیں، شہریوں کے مسائل سن کر موقع پر احکامات دیئے

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے اوپن ڈور پالیسی پر عمل درآمد کے حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر سائلین سے ملاقاتیں کرتے ہوئے شہریوں کے مسائل سن کر موقع پر احکامات باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

راولپنڈی، رہنما تحریک انصاف مسرت جمشید چیمہ عدالت کے باہر گفتگو کر رہی ہیں

فائر وال کی تنصیب و انٹرنیٹ بندش کیخلاف درخواست پر اعتراضات دور، سماعت آج ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے انٹرنیٹ کی سست روی اور فائر وال کی تنصیب کے خلاف درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کر کے اپیل پر سماعت آج منگل کیلئے مقرر کر دی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے اعتراض کے ساتھ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

کے پی اسمبلی کا اجلاس ملتوی ہونے کی اندرونی کہانی سامنے آگئی

سابق صوبائی وزیر شکیل احمد اور ان کے ہمنوا ایم پی ایز کے ممکنہ احتجاج کے باعث اسپیکر کو اجلاس ملتوی کرنا پڑا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی کا اجلاس ملتوی کرنے کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، اسپیکر بابر سلیم سواتی نے 19 اگست کو ہونے والے اجلاس کو اگلے سوموار یعنی 26 اگست تک موخر کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق صوبائی وزیر شکیل احمد اور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

مون سون کے طاقتور اسپیل کی تباہ کاریاں، مختلف حادثات میں 10 افراد جاں بحق

طوفانی بارشوں اور سیلاب سے ندی نالے بپھر گئے، کئی مکانات گر گئے جبکہ زمینی رابطے کٹ گئے

ڈیرہ غازیخان، احمد پور شرقیہ، راجن پور (این این آئی) ملک بھر میں مون سون کے طاقتور اسپیل نے تباہی مچا دی، ہر طرف پانی ہی پانی ہو گیا، سیلاب سے سینکڑوں مکانات اور اسپتال تباہ ہو گئے اور ندی نالے بپھر گئے جبکہ پنجاب میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

کراچی سے پی آئی اے کی 3 پروازیں منسوخ، کئی گھنٹوں تاخیر کا شکار

پی آئی اے کے فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے جدہ اور گوادر کی دو پروازیں بھی منسوخ

کراچی (این این آئی) آپریشنل وجوہات کے باعث کراچی سے قومی ایئر لائن کی 3 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ پی آئی اے کے فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے جدہ کی پرواز منسوخ کر دی گئی ہے جبکہ کراچی سے گوادر کی دو پروازیں بھی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

گھوٹکی، موٹروے پر بس ٹریلر سے ٹکرا گئی، 8 مسافر جاں بحق، 4 زخمی

حادثہ ڈرنگ ملوک والی کے قریب پیش آیا، جاں بحق افراد میں خواتین اور بچے بھی شامل

گھوٹکی (این این آئی) گھوٹکی کے قریب سکھر ملتان موٹروے پر مسافر بس ٹریلر سے ٹکرا گئی، حادثے میں 8 افراد جاں بحق اور 4 زخمی ہو گئے۔ موٹروے پولیس کا کہنا ہے کہ حادثہ ڈرنگ ملوک والی کے قریب پیش آیا، جاں بحق افراد میں خواتین اور بچے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

جنرل فیض کیخلاف الزامات پبلک، پروسیڈنگ کو بھی پبلک کیا جائے

شاہد خاقان عباسی

نواز شریف کی اقتدار سے بے دخلی سمیت ماضی کے واقعات کے جواب چاہئیں تو ٹروتھ کمیشن بنایا جائے

فیض حمید صاحب کو گرفتار کر لیا گیا ہے، انہوں نے کیا کیا، کیا نہیں کیا مجھے اس کا علم نہیں ہے، باتیں بہت سی ہم نے بھی سنی ہیں،، انٹرویو

کراچی (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ سابق ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

لاہور، سیکرٹری فوڈ پنجاب معظم اقبال سپرا آٹا تھیلوں کے نرخوں کا جائزہ لینے بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خیرپور: زہریلا دودھ پینے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق

جاں بحق افراد میں 2 بچے بھی شامل، تفتیش کی جا رہی ہے زہریلا دودھ کہاں سے آیا، پولیس

خیرپور (این این آئی) خیرپور کے علاقے پیر جو گوٹھ میں زہریلا دودھ پینے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

گلگت بلتستان میں لینڈ سلائیڈنگ سے شاہراہ قراقرم مختلف مقامات پر بند

ضلع غذر میں لینڈ سلائیڈنگ سے 15 مکانات مکمل تباہ، 59 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا

غذر (این این آئی) گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات میں پیش آئے ہیں جس کے باعث شاہراہ قراقرم مختلف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

سیاسی استحکام و پالیسیوں کے تسلسل کے بغیر ملکی ترقی ممکن نہیں

احسن اقبال

اس وقت ملک کو معاشی بحران کا سامنا ہے، ملکی مجموعی ریونیو کا 50 فیصد قرضوں کی شکل میں ادا کرنا پڑ رہا ہے

وزیر اعظم شہباز شریف کے حالیہ دورہ چین کے ثمرات آنا شروع، 1000 افراد پر مشتمل وفد ٹریننگ کیلئے ستمبر میں چین روانہ ہوگا

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ اس وقت ملک کو معاشی بحران کا سامنا ہے، ملکی مجموعی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

Food For All
Available, Accessible, Affordable, Edible
2nd NSPP PUBLIC POLICY
CONFERENCE ON
Food Security
لاہور، وفاقی وزیر احسن اقبال فوڈ سیکورٹی کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

انٹرنیٹ میں خلل سے آئی ٹی انڈسٹری کو 30 کروڑ ڈالرز کا نقصان ہو رہا ہے: علی احسان

آئی ٹی سیکٹر میں بڑی کمپنیوں کی شکایات ہیں کہ ان کی لائنیں متاثر ہوئی ہیں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) سینئر وائس چیئرمین پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن علی احسان نے بتایا ہے کہ ملک میں انٹرنیٹ میں خلل سے آئی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

راجن پور میں فلڈ ریلیف کیمپس و ریسکیو سرگرمیوں کا جائزہ لیا جائے گا، خواجہ سلمان رفیق

کچی کینال میں پانی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے صورتحال کا جائزہ لینے پی ڈی ایم اے کا دورہ کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے موجودہ موسمی صورتحال اور راجن پور اور ڈیرہ غازی خان میں رودکوہیوں کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا نے رودکوہیوں میں سیلابی ریلوں اور انتظامات بارے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز راجن پور کی رود کوہیوں سے درمیانے سے اونچے درجے کے سیلابی ریلے گزرے۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پی ڈی ایم اے و انتظامیہ کے پیشگی الرٹ کے باعث کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا۔ کچی کینال میں پانی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے کچی کینال سے رودکوہیوں کے پانی کی گذرگاہوں بارے بھی بریفنگ دی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر ڈی جی پی ڈی ایم اے کے ہمراہ فوری طور پر راجن پور وزٹ کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ راجن پور میں فلڈ ریلیف کیمپس و ریسکیو سرگرمیوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ راجن پور میں ممکنہ سیلابی ریلوں اور فلیش فلڈنگ بارے انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا۔ شہریوں کے تحفظ کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

اوورسیز پاکستانی کو لوٹنے والا ملزم 24 گھنٹے میں پولیس نے گرفتار کرلیا

بیگ میں موجود 800 ڈالر، سام سنگ موبائل فون، 7 عدد کینیڈین اے ٹی ایم چوری کرلئے تھے

لاہور (خالد صمدانی سے) لاہور آئیر پورٹ پر چوہدری بلال مظفر اوورسیز پاکستان جو عمرہ کی سعادت کر کے واپس آیا تو لاہور آئیر پورٹ پر نامعلوم چور نے اس کا بیگ جس میں 800 ڈالر سام سنگ موبائل فون 7 عدد کینیڈین اے ٹی ایم کارڈ چوری کرلیا جو تقریباً 20 لاکھ کم وبیش بنتے ہیں جس کی ایف آئی آر 188 // 24 تھانہ سرور روڈ میں درج کرائی گئی انویسٹی گیشن پولیس کے ڈی ایس پی محمد خان کی ہدایت پر چوری کی واردات نہایت قابل فرشناس اور کرائم فائٹر اے ایس آئی اکمل شہزاد نے 24 گھنٹے میں سی سی ٹی وی کیمرہ کی مدد سے ٹریس کرلی اور اصل ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے مال برآمد کرکے لواحقین کے حوالے کردیا جس پر بلال کی فیملی نے پولیس کا شکریہ ادا کیا

معاون خصوصی برائے صنعت وحرفت اور فنی تعلیم عبدالکریم تو ڈھیر کو موبائل ایکسریز کمپنی کے سی ای او ایاز علی شیلڈ دے رہے ہیں۔

نکاسی آب آپریشن: کمشنر لاہور زین بن مقصود کا مختلف علاقوں کا دورہ

قرطبہ چوک سے نکاسی آب آپریشن کو جلد مکمل کیا جائے، کمشنر لاہور کی ہدایت

لاہور (خبرنگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے نکاسی آب آپریشن کے جائزہ کے لیے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور کو آگاہ کیا گیا کہ آج لاہور میں زیادہ سے زیادہ 53 ایم ایم بارش ریکارڈ ہوئی۔ قرطبہ چوک پر 50 ایم ایم بارش ہوئی ہے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ لاہور کے کچھ علاقوں میں تیز بارش ہوئی ہے۔ اب رک چکی ہے۔ کمشنر لاہور نے ہدایت کی کہ قرطبہ چوک سے نکاسی آب آپریشن کو جلد مکمل کیا جائے۔ قرطبہ چوک پر سکولوں سے چھٹی اوقات کے باعث ٹریفک روانی کو قائم رکھا جائے۔ اور ایریا وائز رین فیلڈ رپورٹ کیمطابق بارشی علاقوں سے نکاسی آب آپریشن پر مزید وسائل لگائیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ واسا انتظامیہ فیلڈ میں موجود ہے۔ نکاسی آب کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ کمشنر لاہور نے قرطبہ چوک سے واسا سکرز مشینز۔ اور ڈی واٹرنگ سیٹس سے نکاسی آب آپریشن کا بھی جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور نے ہدایت کی کہ فیلڈ میں کام کرنے والی مشینری کے جنریٹرز کو مکمل نکاسی آب ہونے تک مکمل فعال رکھا جائے۔

آئی جی پنجاب، ساتویں سول سروسز ٹریننگ سندھ حکومت وفد کے سربراہ کو تھانوں کی اپ گریڈیشن پر مبنی کتاب "تھانے پنجاب دے" دے رہے ہیں۔

سندھ حکومت کے ساتویں سول سروسز ٹریننگ پروگرام میں شامل افسران کا سنٹرل پولیس آفس کے مطالعاتی دورے کے موقع پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور و دیگر افسران کیساتھ گروپ فوٹو۔

سندھ حکومت کے 07ویں سول سروسز ٹریننگ پروگرام میں شامل زیر تربیت افسران کے وفد کا سنٹرل پولیس آفس کا مطالعاتی دورہ،

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے زیر تربیت افسران سے خطاب کیا، سوالات کے جوابات بھی دیئے

تھانوں کے فرنٹ اینڈ کو اپ گریڈ کرنے کے بعد باقی ترقیاتی پراجیکٹس کو تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے، انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس انسداد جرائم کے ساتھ ساتھ شہریوں کو سروسز ڈیلیوری کی باآسانی فراہمی پر یکساں توجہ دے رہی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس کا ہر ڈاکومنٹ کیو آر کوڈ سے منسلک ہے جس پر شہریوں کا فیڈ بیک قابل ستائش ہے اور اس فیڈ بیک کی روشنی میں سروسز کے معیار کو مزید بہتر بنا رہے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پولیس، انتظامیہ اور دیگر اداروں کی مشترکہ کاوشیں شہریوں کی مشکلات میں خاطر خواہ کمی لاسکتی ہیں، لہذا تمام افسران عوام کی مشکلات کے فوری ازالہ اور انصاف کی باآسانی فراہمی کو اپنا نصب العین بنائیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پنجاب کے تمام اضلاع کو سیف سٹی ٹیکنالوجی پر منتقل کرنے کا کام تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے، تھانوں کے فرنٹ اینڈ کو اپ گریڈ کرنے کے بعد باقی ترقیاتی پراجیکٹس کو تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج سنٹرل پولیس آفس میں سندھ حکومت کے 07ویں سول سروسز ٹریننگ پروگرام میں زیر تربیت افسران کے مطالعاتی دورے کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے زیر تربیت افسران سے خطاب کیا، سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ سندھ حکومت کے مختلف اداروں کے افسران کو پنجاب پولیس کی ورکنگ، سروس ڈیلیوری پراجیکٹ بارے آگاہی دی گئی، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز شہزادہ سلطان نے لاء اینڈ آرڈر اور آپریشنز برانچ کے پیشہ ورانہ امور بارے بریف کرتے ہوئے بتایا کہ پنجاب پولیس کی بارڈر چیک پوسٹوں کو جدید وسائل سے اپ گریڈ کیا جارہا ہے، پنجاب پولیس نے ڈی جی خان اور میانوالی میں دہشتگردوں کے حملے کو ناکامی و پسپائی سے دوچار کیا ہے۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن اظہر اکرم نے انویسٹی گیشن امور اور ڈی آئی جی ویلفیئر غازی صلاح الدین نے ویلفیئر اقدامات بارے بریفنگ دی، اے آئی جی انسپکشن شائستہ ندیم نے خواتین کے تحفظ کیلئے جاری اقدامات اور تحفظ مراکز کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی، اے آئی جی ایڈمن ڈاکٹر رضوان احمد خان نے ایڈمن امور بارے گفتگو کی جبکہ ایس ایس پی مستنصر فیروز نے بتایا کہ "میرا پیارا ایپ" کے ذریعے اب تک 01 ہزار بچوں کو والدین سے ملوایا گیا ہے، آرٹیفیشل انٹیلی جنس سسٹم کے فیچرز سے مزین یہ ایپ سینکڑوں خاندانوں کی مشکلات کے ازالے کا باعث بن رہی ہے۔ زیر تربیت افسران کو 1787 آئی جی پی کمپلینٹ سنٹر، مانیٹرنگ اینڈ کنٹرول روم سمیت دیگر فلورز کا دورہ کروایا گیا، دورے کے اختتام پر آئی جی پنجاب نے وفد کے سربراہ کو تھانوں کی اپ گریڈیشن پر مبنی کتاب "تھانے پنجاب دے" دی۔

ایل ڈبلیو ایم سی کے ملازمین کا تنخواہوں کی عدم ادائیگی، نوکری سے برطرف کیے جانے پر احتجاجی مظاہرہ

لاہور (این این آئی) ایل ڈبلیو ایم سی کے ملازمین نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی اور نوکری سے برطرف کیے جانے پر پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا، ملازمین ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھائے انتظامیہ کے خلاف نعرے بازی کرتے رہے۔ مظاہرین نے کہا کہ بغیر نوٹس دیئے اور کسی وجہ کے نوکریوں سے برخاست کر دیا گیا۔ تین چار ماہ سے تنخواہیں بھی نہیں دی گئیں۔ تنخواہیں نہ ملنے پر گھروں میں فاقے ہو رہے ہیں۔ ہمارا ایک سینیٹری ورکر چار چار لوگوں کا کام کرتا ہے اپنے رشتہ داروں کو رکھنے کے لیے ہمیں نکال دیا گیا ہے۔ ارباب اختیار سے گزارش ہے ہمارا معاشی قتل بند کیا جائے، جب تک تنخواہیں دے کر ہمیں بحال نہیں کیا جاتا احتجاج جاری رہے گا۔

غیرت کے نام پر اپنی کزن کو قتل کرنے والے 2 ملزمان گرفتار، آلہ قتل برآمد

لاہور (این این آئی) غیرت کے نام پر اپنی کزن کو قتل کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور ڈاکٹر انوش مسعود کے نوٹس پر اندھے قتل کی واردات ٹریس کرلی گئی۔ گرفتار ملزمان عاشق اور شہباز نے 32 سالہ فوزیہ کو فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا، ملزمان نے قتل کی سنگین واردات کے بعد نعش کھیتوں میں پھینک دی تھی۔ ملزمان کو اپنی چچا زاد کزن فوزیہ کے امجد نامی شخص سے ناجائز تعلقات کا شبہ تھا۔ انچارج انویسٹی گیشن ہنجر وال نے اپنی ٹیم کے ہمراہ روپوش اشتہاری ملزمان کو ٹھوکر سے گرفتار کیا، ملزم کو ہیومن انٹیلی جنس سمیت روایتی اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا گیا۔

ہم پاک فوج کے ساتھ ہیں، اس سے ہمارا کوئی اختلاف نہیں، احمد خان بھچر

16 ایم پی او کے تحت کارکنوں کی لسٹ بنائی جارہی ہے' قائد حزب اختلاف

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ ہم پاک فوج کے ساتھ ہیں، اس سے ہمارا کوئی اختلاف نہیں، بانی پی ٹی آئی کہہ چکے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) ہمیں لڑانے کی کوشش کر رہی ہے، حماد اظہر سینئر لیڈر ہیں وہ پنجاب میں کام کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احمد خان بھچر نے کہا کہ 22 اگست کو اسلام آباد میں ہمارا پرامن جلسہ ہے، 16 ایم پی او کے تحت کارکنوں کی لسٹ بنائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے ریٹائرڈ جج صاحبان کو الیکشن ٹربیونلز میں نہ لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان کو فارم 47 کی حکومت مل گئی ہے تو عوام کو ریلیف دینا چاہیے، ہم دوبارہ اسلام آباد جائیں گے، پرامن جلسہ ہمارا آئینی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی غلط پالیسیوں سے 3 کھرب کی آئی ٹی انڈسٹری میں بحران آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی نہ ہم نے کیا اور نہ کوئی اس کا پلان تھا۔

مرکزی انجمن کمبوہاں پاکستان کے زیر اہتمام کیریئر کونسلنگ اینڈ اوٹریچ سیمینار

چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوہ نے صدارت کی، یونیورسٹی ڈین وڈائریکٹر رابعہ روف کمبوہ بھی شریک

شیخوپورہ: مرکزی انجمن کمبوہاں پاکستان کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف لاہور کے ایڈیٹوریم ہال میں منعقدہ کیریئر کونسلنگ اینڈ اوٹریچ سیمینار سے انجمن کمبوہاں پاکستان کے مرکزی صدر چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوہ ودیگر خطاب کررہے ہیں دوسری طرف سوینئر پیش کیا جارہا ہے۔

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن کمبوہاں پاکستان کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف لاہور کے ایڈیٹوریم ہال میں کیریئر کونسلنگ اینڈ اوٹریچ سیمینار منعقد کیا گیا جس کی صدارت انجمن کمبوہاں پاکستان کے مرکزی صدر وسی ای او لیپس لازولی اور شاہ زر ٹیکسٹائل ملز پرائیویٹ لمیٹڈ چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوہ نے کی، تقریب میں یونیورسٹی ڈین و ڈائریکٹر ڈاکٹر رابعہ روف کمبوہ، ڈائریکٹر چوہدری ابرار الحق، ڈاکٹر نوید، ہیڈ آف کیریئر کونسلنگ خالد پرویز ڈھوٹ کمبوہ، جنرل سیکرٹری پنجاب کرنل لیاقت علی قمر کمبوہ، عائشہ خالد ڈھوٹ کمبوہ، ڈاکٹر وقار احمد نیاز کمبوہ، خدیجہ عرفان کمبوہ، چوہدری گوہر علی تھند کمبوہ و دیگر نمائندہ شخصیات سمیت رحمان فاؤنڈیشن اینڈ کڈنی سنٹر، نے شرکت کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوہ نے کہا کہ یونیورسٹی آف لاہور کی انتظامیہ اور اساتذہ کی انتھک جدوجہد کے باعث یہ یونیورسٹی پاکستان میں تعلیمی کارکردگی کے لحاظ سے سرفہرست اور دنیا کی دس بہترین یونیورسٹیوں میں شامل ہے، انہوں نے کمبوجا قوم کی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ہمارا کمبوجا ٹرائب آج بھی دنیا میں ایک بڑا ٹرائب ہے جو پاکستان میں پنجاب، سندھ، بلوچستان، پختون خواہ، گلگت بلتستان چترال نورستان افغانستان اور اگے تک پھیلا ہوا ہے اور اگر ہندوستان کی بات کی جائے تو ہندوستان کے پنجاب سے لیکر بہار اتر پردیش ساؤتھ انڈیا میں کرومی، کامہ کمبوج کے نام سے جبکہ کشمیر سے لیکر سری لنکا نیپال بھوٹان ملائشیا کوریا کمبوڈیا اور جاپان تک آباد ہے اور مجھے فخر ہے کہ میں کنگ سائرس حضرت ذوالقرنین کی اولاد سے ہوں جن کے نام پہ آج بھی دنیا کی ڈیمو کریسی کھڑی ہے اور اگر ہیومن رائٹس کی بات کی جائے تو ہمارے جد امجد کنگ سائرس حضرت ذوالقرنین کا سائرس سلنڈر جو روم نمبر 52 میں رکھا گیا ہے ہماری قوم کی (کمبوجیا کمبوج کمبوہ کیشکن کمبوجا خمر کمبوجا) ہماری قوم کمبوجا کی انسانی حقوق کی بہتری کے بارے میں ایک پہچان ہے، ہم محنتی اور جرائم فری قوم ہیں۔

لاہور: ڈی جی آرکیالوجی ظہیر عباس ملک بارش کے دوران انگہ اور علی مردان خان کے مقبروں کا معائنہ کر رہے ہیں۔

والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی سینٹ میری میگڈالین چرچ کے تاریخی اور مذہبی ورثے کو محفوظ کرنے جا رہی ہے

پراجیکٹ کا دستاویزی کام مکمل ہوچکا ہے جبکہ مرمت اور تزئین و آرائش کا عمل وسائل کی تقسیم کے بعد شروع کیا جائے گا۔ یہ چرچ 1857 میں تعمیر کیا گیا

لاہور (تحقیق صدیقی) والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی سینٹ میری میگڈالین چرچ کے تاریخی اور مذہبی ورثے کو محفوظ کرنے جارہی ہے جو کہ عابد مجید روڈ، لاہور کینٹ پر واقع ہے۔ اس چرچ کو محفوظ کرنے کے لئے حکومتِ پنجاب بذریعہ ہیومن رائٹس اینڈ مینارٹی افیئرز ڈپارٹمنٹ، معاشی تعاون کرے گی۔ سینٹ میری میگڈالین چرچ کو محفوظ کرنے کا پراجیکٹ دراصل کارپس کمانڈر لاہور کی جانب سے حکومت سے کی گئی چرچ کی حفاظت کے متعلق ایک درخواست سے شروع ہوا۔ حکومت کی جانب سے یہ منصوبہ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کو دیا گیا ہے تاکہ اس چرچ کو جلد سے جلد محفوظ کیا جاسکے جس طرح والڈ سٹی نے اس سے پہلے اقلیتوں کی عبادت گاہوں جیسا کہ مندروں، چرچوں اور گردواروں، کو محفوظ کیا ہے۔ اس پراجیکٹ کا دستاویزی کام مکمل ہوچکا ہے جبکہ مرمت اور تزئین و آرائش کا عمل وسائل کی تقسیم کے بعد شروع کیا جائے گا۔ یہ چرچ 1857 میں تعمیر کیا گیا تھا اور موجودہ وقت میں اقلیتوں کی اہم عبادت گاہوں میں سے ایک ہے۔ یہ پراجیکٹ دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں چرچ کی اندرونی مرمت جبکہ دوسرے مرحلے میں بیرونی حصوں کو محفوظ کیا جائے گا۔ اندرونی مرمت میں فرش پہ کام کیا جائے گا جس کے ساتھ ساتھ لکڑی کے کام کو بھی بہتر بنایا جائے گا۔

آئی پی پیز کا بھاری بوجھ ڈالنے میں پیپلز پارٹی، نواز لیگ، ق لیگ اور پی ٹی آئی کی حکومتوں کا حصہ ہے۔ حافظ نعیم الرحمن

حکومت نے معاہدے کے مطابق عوام کو ریلیف نہ دیا تو ملک بھر سے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ شروع کیے جائیں گے

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ بجلی کے بھاری بلوں میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے صرف پنجاب میں 2 ماہ کے لیے 14 روپے فی یونٹ کمی کے بجائے پورے ملک میں بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی کی جائے۔ آئی پی پیز کا سلسلہ 1994ء سے چل رہا ہے، 2013 سے 2018 کے درمیان اور اس کے بعد بھی آئی پی پیز سے عوام دشمن معاہدے کیے گئے، آئی پی پیز کا بھاری بوجھ ڈالنے میں پیپلز پارٹی، نواز لیگ، ق لیگ اور پی ٹی آئی کی حکومتوں کا حصہ ہے، عوام اب ان کپیسٹی چارجز کا بھاری بوجھ مزید نہیں اُٹھا سکتے۔ حکومت نے جماعت اسلامی سے معاہدے کے مطابق عوام کو ریلیف نہ دیا تو ملک بھر سے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ شروع کیے جائیں گے۔ 28 اگست کو ملک گیر شٹر ہڑتال ہوگی۔ اس کے بعد ہم ایک بڑی ماس موبلائزیشن شروع کر رہے ہیں، ممبرز بنائیں گے، کمیٹیاں بنائیں گے جن میں نوجوانوں کو شامل کریں گے۔ کے الیکٹرک، نیپرا اور حکومت کا ایک شیطانی اتحاد ہے جو کراچی کے عوام کے خلاف بنا ہوا ہے، کے الیکٹرک کو ہر حکومت اور حکمران پارٹی نے سپورٹ کیا ہے۔ سب سے زیادہ بوسیدہ پلانٹ اور لائن لاسز کے الیکٹرک کے ہیں، اس کے باوجود اسے نوازا جارہا ہے۔ سندھ حکومت نے سارے اختیارات اور وسائل پر قبضہ کیا ہوا ہے، تمام ترقیاتی اتھارٹیز سندھ حکومت کے پاس ہیں، آئین کے مطابق بلدیاتی اداروں کو انتظامی و مالی اختیارات منتقل نہیں کیے گئے، واٹر کارپوریشن اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بھی ٹاؤن کے ماتحت نہیں۔ کراچی میں پانی کی فراہمی اور صفائی ستھرائی کا سارا نظام تباہ حال ہے، قبضہ میئر اور صوبائی وزیرِ بلدیات کی نااہلی کی سزا کراچی کے عوام بھگت رہے ہیں، سندھ حکومت این ایف سی ایوارڈ سے تو اپنا حصہ وصول کرلیتی ہے لیکن پی ایف سی ایوارڈ جاری نہیں کرتی۔ کراچی کی اسکیموں کے لیے صرف ایک عشاریہ چھ ارب روپے کی رقم رکھی گئی ہے جو سندھ حکومت کی جانب سے کراچی کے عوامی مسائل کے حوالے سے سنجیدگی ظاہر کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

حق دو کراچی کو
Haq Do Karachi Ko
جماعت اسلامی

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کراچی آمد کے موقع پر ٹاؤن چیئرمینز کے ہمراہ ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

سرسید ماڈل ہائی سکول سول لائنز میں جشن آزادی تقریب، پرنسپل سہیل احمد کرمانی نے صدارت کی



شیخوپورہ: سرسید ماڈل ہائی سکول سول لائنز کالج روڈ کے پرنسپل سہیل احمد خان کرمانی، ولید احمد خاں اور اساتذہ جشن آزادی کی تقریب پر کیک کاٹ رہے ہیں، دوسری طرف بچوں کا جوش وخروش

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سرسید ماڈل ہائی سکول سول لائنز کالج روڈ اور آفیسر کالونی برانچ 2 میں جشن آزادی کی تقریب منعقد کی گئی جس کی صدارت سکول پرنسپل سہیل احمد خاں کرمانی نے کی اس موقع پر ولید احمد خاں، اساتذہ، ودیگر سٹاف اور طالب علموں نے شرکت کی، تقریب میں بچوں نے آزادی کے حوالے سے تقاریر، ٹیبلو اور ملی نغمے پیش کرکے تقریب کو چاند چاند لگا دیئے طالب علموں سے خطاب کرتے ہوئے سہیل احمد خاں کرمانی کا کہنا تھا ہمیں اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرنا چاہیے کہ ہم پاکستان جیسے آزاد ملک میں رہتے ہیں جو ملک آزاد نہیں ان سے آزادی کی قدر پوچھ کے دیکھیے کیا ہوتی ہیں۔

شیخوپورہ: پیر بہار شاہ کا سیوریج سسٹم ناکارہ، شہری مشکل میں

گندے پانی کے جگہ جگہ جوہڑ بننے کے باعث مقامی رہائشیوں کی آمدورفت ناممکن ہوگئی

شیخوپورہ: شہر کا گنجان علاقہ پیر بہار شاہ میں گزشتہ دو ماہ سے کھڑا سیوریج کا گندہ پانی شہریو کیلئے وبال جان

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ کی گنجان رہائشی آبادی پیر بہار شاہ کا سیوریج سسٹم ناکارہ ہونے کے باعث شہری شدید دشواریوں کا شکار ہیں گندے پانی کے جگہ جگہ جوہڑ بننے کے باعث مقامی رہائشیوں کی آمدورفت ناممکن ہوگئی ہے جبکہ گندے پانی پر پنپنے والے حشرات کی بہتات ہوگئی ہے اور تعفن وبدبو نے رہائشیوں کا سانس لینا محال کررکھا ہے جس پر اہل علاقہ نے شدید احتجاج کیا ہے، احتجاجی مظاہرین چوہدری صفدر گجر، عمران صفدر گجر ایڈووکیٹ، حاجی عبدالغفور، سید عارف اسرار، مرزا زاہد بیگ، رانا خالد محمود بھٹی، سید نوید شاہ، ملک عرفان، سید حیدر علی رضوی، عدنان گوندل، مرزا عزیز بیگ، عمران گوندل، فرحان گوندل، انس بلوچ، سنی ظفر بٹ، رضوان گوندل، سید حسنین رضا رضوی ودیگر نے کہنا تھا کہ گزشتہ دو ماہ سے سینکڑوں مکین شدید اذیت اور کوفت کا شکار ہیں گھروں سے نکلنا تک محال ہے مقامی مسجد تک نمازیوں کی رسائی ممکن نہیں، سیوریج کے کھڑے گندے پانی کے جوہڑوں پر پنپنے والے مچھروں و دیگر حشرات رات بھر سونے نہیں دیتے جن کے کاٹنے سے مقامی رہائشی مختلف امراض کا شکار ہو رہے ہیں جن میں زیادہ تر تعداد بچوں کی ہے جبکہ سیوریج سسٹم کی تباہ حالی کے تدارک کی خاطر ضلعی انتظامیہ و میونسپل کمیٹی کا عملہ کام کرنے سے قاصر ہے اور بار بار شکایات کے باوجود شنوائی و دادرسی کو تیار نہیں آبادی سے ملحق طالبات کا کالج بھی قائم ہے

پورے پنجاب میں آگاہی مہم شروع کر رہی ہے، عائشہ بٹ

کالجز میں سیمینار کے ذریعے پمفلٹ اور کتابچہ کی صورت میں میٹیریل مہیا کر رہے ہیں

وزیرآباد: گورنمنٹ پبلک ہائی سکول میں ٹریفک قوانین کی آگاہی کے سلسلے میں منعقدہ سیمینار سے چیف ٹریفک پولیس گوجرانوالہ عائشہ بٹ خطاب کررہی ہیں، ایم پی اے وقار احمد چیمہ، پرنسپل ناصر اقبال لون، رضوان سردار ہمراہ ہیں۔

وزیرآباد (نامہ نگار) پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق نوجوانوں کو ٹریفک قوانین کی آگاہی کے لئے پورے پنجاب میں آگاہی مہم شروع کر رہی ہے، اٹھارہ سال سے کم عمر نوجوانوں کو ڈرائیونگ نہیں کرنی اور نہ ہی بغیر لائسنس اور شناختی کارڈ کے ڈرائیونگ قانوناً جرم ہے، ٹریفک آگاہی مہم کو ہم سکولوں اور کالجز میں سیمینار کے ذریعے، پمفلٹ اور کتابچہ کی صورت میں میٹیریل مہیا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ نے گورنمنٹ پبلک ہائی سکول وزیرآباد میں ٹریفک آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم پی اے وقار احمد چیمہ، پرنسپل ناصر اقبال لون، شیخ بلال احمد، ناصر محمود اللہ والے، سٹی ایجوکیشن کے سیکرٹری پروفیسر حافظ منیر احمد، میر ایاز عامر، ملک زاہد محمود، رضوان سردار، عاصم خان سمیت سینکڑوں طلباء بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل باصلاحیت اور روشن مستقبل کی ضامن ہے مہذب معاشرے کا اندازہ وہاں کے ٹریفک قوانین کی پابندی سے لگایا جاتا ہے ہمیں ٹریفک قوانین پر عمل پیرا ہو کر مہذب قوم ہونے کا ثبوت دینا ہے، ٹریفک قوانین شہریوں کے حفاظت کے لئے بنائے جاتے ہیں اور انکی پاسداری کرنے میں ان کا ہی فائدہ ہے، ٹریفک پولیس کا مقصد ٹریفک قوانین کا نفاذ اور شہریوں کو بہتری سہولیات فراہم کرنا ہے۔

ڈی جی ایل ڈی اے کا اڈا پلاٹ، پائن ایونیو کے اطراف کا دورہ، تجاوزات و تعمیراتی ملبہ ہٹانے کی ہدایت کی

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کاسی ٹی او لاہور کے ہمراہ گلبرگ کے اطراف زیر تعمیر املاک کا جائزہ لیا

ایل ڈی اے، ضلعی انتظامیہ متحرک/تعمیراتی میٹریل وملبہ ہٹانے کا آپریشن شروع

ڈی جی ایل ڈی اے کا اڈا پلاٹ، پائن ایونیو اور گلبرگ اطراف کی شاہراہوں کا دورہ، تجاوزات و تعمیراتی ملبہ ہٹانے کی ہدایت

لاہور (خبرنگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ایل ڈی اے اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہوگئیں ہیں۔ مشترکہ ٹیموں نے شہر میں تعمیراتی میٹریل و ملبہ ہٹانے کا آپریشن شروع کر دیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز اڈا پلاٹ، پائن ایونیو اور اطراف کی شاہراہوں کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے چیف ٹاؤن پلانر ٹو ایل ڈی اے اور اسسٹنٹ کمشنر رائیونڈ کو تجاوزات و تعمیراتی ملبہ ہٹانے کی ہدایت کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ تعمیراتی میٹریل و ملبہ ایس او پیز کے بغیر رکھنے پر املاک سیل کر کے مقدمہ درج کیا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ شہری تعمیراتی میٹریل کو گرین شیٹ ودیگر ایس او پیز کے مطابق کور کریں، بلڈنگ لائن کے اندر رکھیں۔ زیر تعمیر پلازوں ودیگر املاک پر بھی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ہدایت کی کہ اڈا پلاٹ، پائن ایونیو اور اطراف کی شاہراہوں سے عارضی و مستقل تجاوزات ختم کی جائیں۔ ان شاہراہوں پر گرین بیلٹس وفٹ پاتھوں پر لگے غیر قانونی بورڈز بھی ہٹائے جائیں۔ ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ، ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر مشترکہ کارروائیاں کریں۔

آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈی پی او شیخوپورہ کی دفتر میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سنیں کھلی کچہری میں شہریوں کے بیٹھنے کا خصوصی انتظام کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری شہریوں کی شکایات سنیں کھلی کچہری میں شہریوں کے بیٹھنے کا خصوصی انتظام کیا گیا شہریوں سے جو درخواستیں موصول ہوئیں ڈی پی او شیخوپورہ نے ان درخواستوں کو ترجیح بنیادوں پر سننے کے بعد ان میں سے کچھ درخواستوں کو موقع پر ہی حل کر دیا اور بقایا کے فوری حل کے لیے متعلقہ پولیس افسران کو احکامات جاری کیے کھلی کچہری کا مقصد عوام والناس کی شکایات کو روزانہ کی بنیاد پر سننا ان کا مناسب اور فوری حل اور بروقت کاروائی اور جلد از جلد انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنا ہے تاکہ انصاف کی فوری فراہمی کو شہریوں کے گھر کی دہلیز پر پہنچا کر ان کی دادرسی کی جاسکے، اس موقع پر ڈی پی او شیخوپورہ کا کہنا تھا کہ شیخوپورہ پولیس کی جانب سے عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے اپنے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے اور اس میں پولیس کی کسی قسم کی کوتاہی اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

محافظ کمیٹی جنازگاہ اور المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے اشتراک سے شجرکاری مہم

وزیرآباد (نامہ نگار) محافظ کمیٹی جنازگاہ و پیر مٹھا قبرستان وزیرآباد اور المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے اشتراک سے پیر مٹھا قبرستان اور سڑک کنارے پودے لگانے کی تقریب منعقد ہوئی جسمیں صدر المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی اسرار احمد صدیقی، صدر محافظ کمیٹی عمران سنی کمبوہ، آصف خان، حافظ محمد سلیم، نائب صدر سیٹھ محمد اکبر، جنرل سیکرٹری محمد ندیم مہر، فنانس سیکرٹری ظہیر احمد کھوکھر، سیکرٹری اطلاعات ونشریات محمد سلیم انصاری، ممبران حاجی محمد صفدر، حاجی محمد رفیق مہر، محمد عمر مہر، سیٹھ ارشد، رضوان مہر، محمد عامر، محمد خلیل، مہر عرفان رفیع، شاہد اسلام بھٹہ، عمر رضا ودیگر نے شرکت کی۔

سندھ سول سروسز ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت افسران کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ

مینجنگ ڈائریکٹر اور چیف آپریٹنگ آفیسر نے وفد کو ادارے کی ورکنگ بارے بریفنگ دی

لاہور (خبرنگار) سندھ سول سروسز ٹریننگ پروگرام کے زیرتربیت افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر اور چیف آپریٹنگ آفیسر نے وفد کو ادارے کی ورکنگ بارے بریفنگ دی۔ وفد کو ورچوئل چائلڈ سیفٹی سنٹر، ویمن پولیس سٹیشن سمیت مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا گیا۔ وفد نے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن سنٹر اور آپریشنز اینڈ مانیٹرنگ سینٹر کی ورکنگ کے عمل کا جائزہ لیا۔ وفد کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس ٹریفک مینجمنٹ سسٹم بارے بریفنگ دی گئی۔ زیر تربیت افسران کو بریفنگ دیتے ہوئے مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا کہنا تھا کہ بہت جلد شیخوپورہ سمیت دیگر شہروں میں سیف سٹیز پراجیکٹس کا افتتاح کرنے جارہے ہیں۔ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے قائم ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن کارآمد ثابت ہو رہا ہے۔ چیف آپریٹنگ آفیسر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی مستنصر فیروز نے وفد کو اتھارٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا اور بریفنگ دی اور بتایا کہ پنجاب بھر میں سمارٹ سیف سٹی پراجیکٹس لگائیں جائینگے جو کہ کم لاگت اور جدید آرٹیفیشل انٹیلی جنس بیسڈ ہونگے۔ وفد کے شرکاء نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جدید انفراسٹرکچر کے باعث لاہور دنیا کے بڑے شہروں کا مقابلہ کر رہا ہے۔ سیف سٹی کیمروں کی بدولت لاہور محفوظ تر اور پرامن شہر ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی رول ماڈل کا کردار ادا کر رہی ہے، استفادہ کرینگے۔

سندھ سول سروسز ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت افسران کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایات سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

ملکی املاک کو نقصان پہنچانے والوں کو کسی صورت معافی نہیں ملنی چاہیے، انجینئر خرم دستگیر خان

فوٹو جرنلسٹ اپنے کیمرے کی آنکھ سے عوامی مسائل کو حکام بالا تک پہنچاتے ہیں۔ پرنٹ میڈیا میں فوٹو گرافرز کی اہمیت کو کسی صورت بھی نہیں بھلایا جاسکتا۔ تصویر کے بغیر کوئی بھی خبر اور اخبار نامکمل ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو)۔ 9 مئی واقعات میں ملوث افراد کو بے نقاب ہونا چاہیے۔ پاکستان کی تاریخ میں بڑے سیاہ واقعات ہوئے ہیں۔ نوجوانوں کو پاکستان کی تاریخ کے بارے میں توڑ مروڑ کر بتایا گیا ہے۔ سیاسی استحکام کی طرف ہم جانا چاہتے ہیں۔ معاشرتی مسائل کو اجاگر کرنے میں فوٹو جرنلسٹ ہمیشہ کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ فوٹو جرنلسٹ اپنے کیمرے کی آنکھ سے عوامی مسائل کو حکام بالا تک پہنچاتے ہیں۔ پرنٹ میڈیا میں فوٹو گرافرز کی اہمیت کو کسی صورت بھی نہیں بھلایا جاسکتا۔ تصویر کے بغیر کوئی بھی خبر اور اخبار نامکمل ہے۔ مسلم لیگ ن کی حکومت صحافیوں اور فوٹو گرافروں کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق وفاقی وزیر انجینئر خرم دستگیر خان اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ طارق قریشی نے فوٹو جرنلسٹ ایسوسی کے نومنتخب صدر طارق بزمی، سینئر نائب صدر جواد یوسف، نائب صدور علی سکندر، محمد ارشد، جنرل سیکرٹری ایچ اے حمید، جائنٹ سیکرٹری ذوالفقار زمان، فنانس سیکرٹری نذیر احمد مغل، سیکرٹری اطلاعات عابد گوگا بٹ، ڈپٹی فنانس سیکرٹری میاں نذیر، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات محمد علی سجن، آفس سیکرٹری بابر کھوکھر سے انکے عہدوں کا حلف لیا۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ طارق قریشی نے بھی فوٹو جرنلسٹ ایسوی ایشن کی تقریب سے خطاب کیا اور کہا کہ فوٹو جرنلسٹ پرنٹ میڈیا میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں جو کسی بھی حالات میں اپنے کیمرے کے ذریعے عوامی مسائل کو حکام بالا تک پہنچاتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ طارق قریشی نے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے فوٹو جرنلسٹ کیساتھ ہر ممکن تعاون کا اعلان کیا۔

گوجرانوالہ: سابق وفاقی وزیر انجینئر خرم دستگیر خان فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر طارق بزمی و دیگر عہدیداروں سے حلف لے رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر طارق قریشی بھی ہمراہ ہیں۔

دین اسلام کی بقا ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تحفظ میں ہے، مولانا محمد الیاس چنیوٹی

پاکستانی قوم پر انعام خداوندی اللہ کا احسان نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت کی برکت کا ثمر ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسلام کا تشخص ختم نبوت سے ممکن دین اسلام کی بقا ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تحفظ میں ہے مولانا محمد الیاس چنیوٹی آزاد ریاست اسلامیہ کا قیام پاکستانی قوم پر انعام خداوندی اللہ کا احسان نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت کی برکت کا ثمر ہے ریاست کی بقا نظریہ کی پاسداری میں ہے آئین پاکستان کا تقاضا ہے کہ امتناع قادیانیت پر سختی سے عمل درآمد کرایا اور قادیانیوں کو آئین کا پابند بنایا جائے کیونکہ قادیانی غیر مسلم اقلیت ہیں یوم آزادی کے سلسلہ میں خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد میں تقریب کا انعقاد بچوں نے تلاوت قرآن مجید اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیش کرنے کی سعادت حاصل کی اور نقد انعامات حاصل کئے پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امیر انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان رکن پنجاب اسمبلی مولانا محمد الیاس چنیوٹی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا قاری محمد رفیق نفیسی مولانا سیف اللہ نقشبندی مولانا مفتی عتیق الرحمن نفیسی کرتے ہوئے کہا کہ آزادی نعمت خداوندی تحریک آزادی میں ہزاروں علما کرام کا کردار قابل تحسین اہمیت کا حامل ہے جس پر قوم انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے 14 اگست تجدید عہد کا دن نظریہ پاکستان کی پاسداری کی یاد دلاتا ہے نظریہ و آئین کا تقاضا ہے کہ ملک میں نفاذ شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عملاً نفاذ کیا جائے اسلام مکمل ضابطہ حیات سیرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم انسانیت کے لئے مشعل راہ عملی نمونہ ہے دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے۔

عزم عالیشان فاؤنڈیشن کی جانب سے واربرٹن میں فری میڈیکل اینڈ فزیوتھراپی کیمپ کا انعقاد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) عزم عالیشان فاؤنڈیشن کی جانب سے واربرٹن میں فری میڈیکل اینڈ فزیوتھراپی کیمپ ملک مسعود اختر کھوکھر کے ڈیرہ پر لگایا گیا جو صبح 9 بجے سے دوپہر 3 بجے تک جاری رہا۔ اس کیمپ میں ہیپاٹائٹس B,C یورک ایسڈ شوگر اور بلڈ پریشر کے مفت ٹیسٹ کیے گئے۔ اس کے علاوہ جگر معدہ بچوں کے امراض امراض غذائیت، فزیوتھراپی اور امراض جلد کے 350 سے زائد مریضوں کا مفت معائنہ کیا گیا اور مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ اس کیمپ میں شیخوپورہ کے ڈاکٹرز نے شرکت کی اور اپنی خدمات سرانجام دیں۔ کیمپ کے آرگنائزر اور عزم عالیشان فاؤنڈیشن کے چیئرمین ملک راشد منظور کا کہنا تھا کے مہنگائی کے اس دور میں غریب عوام کے پاس جہاں روٹی کھانے کے پیسے نہیں وہاں پر بیماریوں کے علاج کا کوئی ذریعہ نہیں اور لوگ اپنی بیماریوں کے علاج سے محروم ہیں۔ وہاں پر ہمیں ان غریبوں کو علاج کی سہولیات فراہم کرنی چاہیے اور جہاں تک ہو سکے اپنے علاقہ میں لوگوں کو علاج معالجے میں مدد کرنی چاہیے۔ اس موقع پر انہوں نے بتایا کے اس کیمپ کا انعقاد کے ایک مخیر دوست کے تعاون سے کیا گیا۔ اس کے علاوہ عزم عالیشان فاؤنڈیشن کے شیخوپورہ کے کوآرڈینیٹر ملک تیمور اشرف اور واربرٹن کی اور باقی والنٹیئر ز کا شکرگزار ہوں کے انہوں نے اپنی ذاتی کاوشوں سے علاقے کے لوگوں کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کیں۔ اس موقع پر ملیاں کلاں کے سیاسی شخصیات جناب ملک مسعود اختر کھوکھر، چوہدری ناصر واہگہ، حسن واہگہ کا کیمپ کا دورہ کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کے وہ اپنی چھوٹی سی ٹیم کی بدولت اس کیمپ کو کامیاب بنایا۔ اور کہا کے وہ تمام ڈاکٹرز خصوصاً ڈاکٹر علی ناصر واہگہ (ہیڈ آف PKLI ڈیپارٹمنٹ DHQ ہسپتال شیخوپورہ) ڈاکٹر اسفر رئیس ڈاکٹر علی حسن ڈاکٹر سیدہ معصومہ زینب اور دیگر ڈاکٹر صاحبان اس کے علاوہ SSPO کے صدر علی عابد کے بھی شکرگزار ہیں جنہوں نے اس کیمپ میں اپنی ٹیم کے ہمراہ شرکت کی اور اس کو کامیاب بنانے میں ہمارا ساتھ دیا۔

خالد وسیم علامتی نہیں بلاشبہ جیت کا نشان اور برینڈ بن چکے ہیں، عظیم بٹ

خدمت میں عظمت ایک نعرہ نہیں جیت کا نشان ہے۔ ڈائیریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) گزشتہ لکیں دھائیوں سے اتحاد گروپ کے عظیم رہنما محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہنمائی میں ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی انتخابات میں جیت کا سہرہ ہمارے لیڈر کے تدبر تحمل و بردباری کی بدولت ہے۔ خالد وسیم ایک علامتی نہیں بلاشبہ جیت کا نشان ایک برینڈ بن چکے ہیں جن کی وضعداری و محبتوں نے ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی فیز 1 اگوکی و فیز 2 پسرور روڈ گنہ کلاں کے ممبران کا اس عظیم بردبار شخصیت پر اعتماد ہے۔ ان باتوں کا اظہار سنیئر صحافیوں کیساتھ ایک خصوصی نشست کے دوران ڈائیریکٹر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی محمد عظیم بٹ نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنے عہد و قول کے پکے اور وعدوں کو ایفا کرنے والے سیاسی و سماجی شخصیت ثبوت سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ محبتوں کے سفیر اور وہ پر اثر شخصیت ہیں جنہوں نے اپنے مدمقابل کو بھی ہمیشہ عزت بخشی ہے۔ انتخابات میں اپنے مدمقابل جو پچھاڑ کر بھی دوبارہ مخالفین کو یہ پیغام دینا کہ نفرت وجھوٹ کی دیواریں گرا کر ہمارے پاس آئیں اور مل کر ممبران و سوسائٹی کی فلاح و بہبود کیلئے مثبت عملی کاوشیں کریں۔

سپیک فار حسین کوالیفائنگ راؤنڈ کامیاب رہا۔ حافظ شاف علی

نوجوان پاکستان کا تابناک مستقبل ہیں۔ سینٹرل گورنر جناح کا پاکستان

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سپیک فار حسین سیمینار کا سالانہ انعقاد سینٹرل گورنر جناح کا پاکستان حافظ شاف علی کھاڈ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں نوجوان سپیکرز نے حصہ لیتے ہوئے فلسفہ امام عالی مقام حضرت امام حسین علیہ السلام و سانحہ کربلا کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ اس دوران نوجوانوں نے تاریخی اعتبار سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے جامع انداز میں سپیک فار حسین سیمینار میں شرکت کی۔ سینٹرل گورنر جناح کا پاکستان حافظ شاف علی کھاڈ کا کہنا تھا کہ تاریخ انسانی میں اس قدر عظیم قربانیاں کسی نے پیش نہ کیں جو نواسہ رسول حضرت امام حسین علیہ السلام اور شہدائے کربلا نے دین کی سربلندی کیلئے پیش کیں۔ بلاشبہ آج کا نوجوان جس قدر انہماک کیساتھ تاریخ اسلام اور جدید علوم اسلامی میں دلچسپی لے رہے ہیں اس سے یہ بات روز روشن کی طرح حقیقت پر مبنی ہے

نشان امتیاز ریاض الدین شیخ بلاشبہ مدبر رہنما ہیں۔ میاں یوسف

بزنس کمیونٹی نیشنل لیڈر سیالکوٹ کی پہچان ہیں۔ ڈائریکٹر سیال

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) اتحاد فاؤنڈرز گروپ لیڈر و فیڈریشن میں سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی توانا و موثر آواز نشان امتیاز حکومت پاکستان ریاض الدین شیخ بلاشبہ وہ تاجر رہنما ہیں جن کی مدبر سوچ و رہنمائی میں سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پلیٹ فارم پر شہر اقبال سیالکوٹ میں وہ میگا پراجیکٹس و کارہائے نمایاں سرانجام دیئے گئے کہ جو آہنی مثال آپ ہیں جن میں سیالکوٹ ڈرائی پورٹ و دیگر بزنس کمیونٹی کیلئے ایکسپورٹ پروموشن و پراسس زونز کا قیام و دیگر میگاپراجیکٹس اور پرائیویٹ سیکٹر میں دنیا کے جدید ایئر پورٹس کی سہولیات لئے ایشیاء کے بڑے رن وے کیساتھ پاکستان کا پہلا سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ ہو یا پھر سیالکوٹ کی اپنی ایئر سیال ایئرلائن۔ بیشک اتحاد فاؤنڈرز گروپ لیڈر و بزنس کمیونٹی کے بے تاج بادشاہ ریاض الدین شیخ کی قیادت نے ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کو گزشتہ چار دہائیوں میں اپنے گروپ سے صدور دیئے وجہ سیالکوٹ کی مختلف ٹریڈ باڈیز و بزنس کمیونٹی کا اپنے قائد پر اعتماد اور انکی قائدانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہے سب سے بڑی بات سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے نیشنل لیڈر ریاض الدین شیخ کو انکی ملکی سطح پر قائدانہ صلاحیتوں کے اعتراف کے طور پر صدر پاکستان کیجانب سے نشان امتیاز دیا گیا۔

ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے کی پلاننگ کی جائے، ڈپٹی کمشنر

یونین کونسل سطح پر ستھرا پنجاب کے لئے اضافی مشینری لیں، محمد آصف رضا

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے ہدایت کی ہے کہ ضلع بھر میں ستھرا پنجاب پروگرام کو مزید کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے موثر پلاننگ کی جائے۔ یونین کونسل سطح پر ستھرا پنجاب کے لئے اضافی مشینری لیں اور ڈیلی ویجز سینٹری سٹاف بھرتی کریں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صفائی مہم کو کامیاب بنانے کا ٹاسک تفویض کر رکھا ہے لہذا گلی محلوں اور شاہرات کی صفائی پر فوکس رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی مہم کی کامیابی میں زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔ انہوں نے پرائس کنٹرول میکنزم پر عملدرآمد پر بھی بریفنگ لی اور واضح کیا کہ پرائس کنٹرول میں لاپروائی برداشت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اسٹنٹ کمشنرز پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو متحرک کریں۔ پرفارمنس نہ دکھانے والوں سے مجسٹریٹ کے اختیارات واپس لے لیں۔ انہوں نے کہا کہ پھل وسبزیوں اور کریانہ کی اشیاء کے ساتھ چکن کی قیمت کو قابو میں رکھیں۔

سیالکوٹ میں 4 ارب 64 کروڑ 71 لاکھ 57 ہزار کی لاگت سے کل 29 ترقیاتی

منصوبوں پر مجموعی طور پر 47 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے، ڈپٹی کمشنر

سیالکوٹ: ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

جہلم مہنگائی کے باعث گھریلو جھگڑوں کی شرح میں اضافہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مہنگائی کے باعث گھریلو جھگڑوں کی شرح میں اضافہ، لڑائی جھگڑے روزانہ کا معمول بن گئے، شہریوں نے وزیراعظم پاکستان، وزیراعلیٰ پنجاب، چیف جسٹس آف پاکستان، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ سے مہنگائی کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہر کی سماجی، رفاعی، فلاحی، تنظیموں کے عمائدین نے معاشرتی عدم توازن سے پیدا ہونے والے خدشات کو ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اپنے ملبوسات کو فروخت کر کے مہنگائی کم کرنے کے دعوے کرنے والے سیاست دانوں نے اقتدار میں آتے ہی ساتھیوں سمیت خوب مزے لینے شروع کر رکھے ہیں۔ اس عرصے کے دوران مہنگائی کم تو کیا ہونا تھی بلکہ تاریخ کے تمام ریکارڈ پاش پاش کر دیئے، مہنگائی کی شرح میں کئی سو فیصد اضافہ ہو چکا ہے۔

جہلم پولیس کی بڑی کامیابی، اندھا قتل ٹریس، ملزم گرفتار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پولیس کی بڑی کامیابی، اندھا قتل ٹریس، واقعہ میں ملوث ملزم گرفتار، آلہ قتل اسلحہ ناجائز برآمد، ایس ایچ او تھانہ سوہاوہ محمد عمران اور ٹیم نے اہم کاروائی کرتے ہوئے خاتون صحافی نوشین رانا کے قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم کی شناخت توکل حسین کے نام سے ہوئی ہے، جو مقتولہ کا سابقہ خاوند ہے، ملزم سے وقوعہ میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، گاڑی اور مقتولہ کا موبائل فون برآمد کر لئے گئے، نوشین رانا نے توکل حسین سے پسند کی شادی کی اور سال 2023 میں بذریعہ عدالت خلع حاصل کر لی تھی، توکل حسین کو مقدمہ بازی، عدالتی کاروائی اور مقتولہ کی جائیداد میں سے حصہ نہ ملنے کا رنج تھا، مدعی مقدمہ، ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ اندھے قتل کو ٹریس کرتے ہوئے نامعلوم ملزم کی گرفتاری سوہاوہ پولیس کے لئے بڑا چیلنج تھا، ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نا ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، ڈی پی او جہلم کی ڈی ایس پی سوہاوہ، ایس ایچ او سوہاوہ معہ ٹیم کو بھرپور شاباش، تعریفی سرٹیفکیٹس اور ٹیم کے لئے نقد انعام کا اعلان کیا ہے۔

ظفروال رکن پنجاب اسمبلی احمد اقبال پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے بلامقابلہ چیرمین منتخب۔

ظفروال (تحصیل رپورٹر) تفصیلات کے مطابق:۔ رکن پنجاب اسمبلی چوہدری احمد اقبال نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب کا چیئرمین منتخب ہونے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی قیادت کا شکرگزار ہوں کہ جنہوں نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے لیے بلامقابلہ چیئرمین منتخب کیا اور اس فرض کی ادائیگی کے قابل سمجھا۔ اس فرض کی ادائیگی میں قوم اور پارٹی قیادت کو مایوس نہیں کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب کے تمام محکموں میں اخراجات اور فنڈز کے استعمال پر مانیٹرنگ رکھے گی۔ چوہدری احمد اقبال کا کہنا تھا کہ عوام کے ٹیکس کے پیسے عوام کی بہتری، فلاح اور عوامی مفاد میں خرچ ہونے چاہئیں۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی سرکاری خزانے کے غیر قانونی استعمال اور سرکاری فنڈز میں بے قاعدگیوں کو کسی صورت برداشت نہیں کرے گی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کے سکولوں زیر تعمیر میوزیم کا دورہ

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول کے کلاس رومز، کمپیوٹر لیب اور درس وتدریس کے انتظامات سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی اور پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری کے انتظامات کا جائزہ لیا

حافظ آباد: ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد مختلف سکولوں کے دوروں کے دوران زیر تعمیر میوزیم اور چھٹہ داد شمالی بائی پاس سڑک کے تعمیراتی کام کا جائزہ لے رہی ہیں۔

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد میڈم سندس ارشاد نے مختلف سکولوں، زیر تعمیر میوزیم اور چھٹہ داد کے قریب شمالی بائی پاس روڈ کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں سٹاف کی حاضری، درس و تدریس، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا جبکہ زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کے تعمیراتی کام کا بھی جائزہ لیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ثمینہ یاسمین، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور عباس سمیت محکمہ بلڈنگز اور ہائی وے کے افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف کلاس رومز، کمپیوٹر لیب کا دورہ کرتے ہوئے درس و تدریس کے انتظامات سٹاف کی حاضری، سکول میں صفائی ستھرائی اور پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری کے سلسلہ میں خاندانوں کی رجسٹریشن کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے واش رومز اور مختلف حصوں کی صفائی ستھرائی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے سٹاف کی حاضری، سکول کی صفائی ستھرائی، پینے کے پانی کی صاف فراہمی، درس وتدریس سمیت دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے سکول میں قائم پنجاب سوشو اکنامک رجسٹریشن کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول ہیڈ مسٹریس کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے انتظامات اور صفائی ستھرائی کو بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ساگر روڈ پر تعمیر کیے جانے والے حافظ آباد کے پہلے میوزیم کے منصوبے کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے میوزیم کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور میوزیم کے مختلف حصوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے میوزیم کے تعمیراتی کام کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے چھٹہ داد کے قریب شمالی بائی پاس سڑک کے منصوبے کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے سڑک کی کارپٹنگ کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے محکمہ ہائی وے کے افسران کو سڑک کی جلد تعمیر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

مصطفائی تحریک ضلع ننکانہ کے الیکشن میں صاحبزادہ سعید احمد انصاری بلا مقابلہ ضلعی صدر محمد جمیل باجوہ جنرل سیکرٹری منتخب

ننکانہ صاحب: مصطفائی تحریک ڈسٹرکٹ ننکانہ کے تنظیمی الیکشن

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مصطفائی تحریک ضلع ننکانہ کے الیکشن میں صاحبزادہ سعید احمد انصاری بلا مقابلہ ضلعی صدر اور محمد جمیل باجوہ جنرل سیکرٹری منتخب۔ تفصیلات کے مطابق مصطفائی تحریک ننکانہ صاحب کے گزشتہ روز الیکشن ہوئے، الیکشن اجلاس کی صدارت رانا جماعت علی معصومی نائب صدر مصطفائی تحریک لاہور ڈویژن نے کی زیر نگرانی محمد اکرم قادری ڈویژنل جنرل سیکرٹری اور ڈاکٹر محمد عارف بھٹی ڈویژنل جوائنٹ سیکرٹری ہوئے۔ الیکشن کی خاص بات یہ تھی کہ ضلع ننکانہ صاحب کے تمام اراکین اور رفقاء کی مکمل حاضری تھی۔ نومنتخب صدر ایوارڈ یافتہ مشہور نعت خواہ صاحبزادہ سعید احمد انصاری کا تعلق ضلع ننکانہ شہر سے ہے جبکہ نومنتخب جنرل سیکرٹری محمد جمیل باجوہ کا تعلق سانگلہ ہل سے ہے۔ الیکشن اجلاس سے قبل ضلع ننکانہ صاحب کی طرف سے ایک شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس کی صدارت غلام قادر علوی (سابق) صدر مصطفائی تحریک نے کی جس میں خصوصی شرکت جناب عبدالحمید کوکب صاحب نے کی اور شاندار خطاب سے شرکاء کو مصطفائی تحریک اور انجمن طلباء اسلام سے وابسطہ یادوں سے نوازا۔ انجمن طلباء اسلام کے ضلعی ناظم جناب آصف جمال اور ضلعی جنرل سیکرٹری نے بھی شرکت کی، نظامت کے فرائض شاہد سلطانی (سابق) فنانس سیکرٹری نے ادا کئے۔ اجلاس کا اختتام پر تکلف ضیافت سے ہوا۔

بارات کے ہمراہ جانے والے نکاح خواں شادی ہال کے قریب سیوریج نالے میں گر کر لاپتہ، امدادی ٹیمیں نکاح خواں کی تلاش میں سرگرداں

وزیرآباد: گوجرانوالہ میں گندے نالے میں گر کر لاپتہ ہونے والے جامع مسجد غوثیہ چیمہ کالونی کے امام مسجد حافظ محمد آصف

وزیرآباد (نامہ نگار) بارات کے ہمراہ جانے والے نکاح خواں شادی ہال کے قریب سیوریج نالے میں گر کر لاپتہ، امدادی ٹیمیں نکاح خواں کی تلاش سرگرداں۔ جامع مسجد غوثیہ چیمہ کالونی وزیرآباد کے 75 سالہ بزرگ امام مسجد و نکاح خواں حافظ محمد آصف گزشتہ رات بارات کے ہمراہ گوجرانوالہ شیخوپورہ روڈ پر واقع ایمان میرج ہال میں بارات کے ہمراہ گئے واپسی پر میرج ہال کے سامنے سیوریج نالے میں اچانک گر گئے اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر تلاش شروع کر دی تاحال حافظ محمد آصف کا کوئی سراغ نہ لگ سکا ہے۔ ریسکیو ٹیموں نے تات کو تلاش کا عمل روک دیا تھا دوبارہ آج صبح پھر آپریشن شروع کیا جو تاحال جاری ہے لیکن حافظ محمد آصف کا کوئی سراغ نہ لگ سکا ہے۔ ذرائع کے مطابق سیوریج نالہ 12 فٹ چوڑا اور 15 فٹ گہرا ہے اور پانی کے ریز بہاؤ کی وجہ سے مشکلات پیش آ رہی ہیں، مقامی پولیس بھی موقع پر موجود ہے۔

انسداد ڈینگی اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کا اجلاس

جہلم میں اس سال ڈینگی کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، ڈی ایچ او

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم انسداد ڈینگی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل جہلم صبا سحر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع جہلم میں اس سال ڈینگی کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، ضلع بھر میں ڈینگی کے خلاف سرویلنس بھرپور انداز میں جاری ہے اور ہر علاقے میں ٹیمیں فعال ہیں جو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کر رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جعلی سرگرمیاں رپورٹ کرنے والے ملازمین کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے تاکہ اس اہم مسئلے پر کوئی کوتاہی نہ ہو۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صبا سحر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موسم برسات میں ڈینگی پھیلنے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے، اس لیے تمام متعلقہ ادارے پوری ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں، ڈینگی کی روک تھام کے لیے عوام میں آگاہی مہم کو بھی مزید تیز کیا جائے اور شہریوں کو احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کی ترغیب دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے گھروں اور آس پاس کے علاقوں کو صاف ستھرا رکھیں اور پانی جمع نہ ہونے دیں تاکہ ڈینگی لاروا کی افزائش کو روکا جاسکے۔

وزیرآباد وگردونواح میں ناقص پانی ملے اور مضر صحت کیمیکل ملے دودھ کی فروخت عروج پر، عوام بیمار، فوڈ اتھارٹی کی پراسرار خاموشی

وزیرآباد (نامہ نگار) وزیرآباد وگردونواح میں ناقص پانی ملے اور مضر صحت کیمیکل ملے دودھ کی فروخت عروج پر، عوام بیمار، فوڈ اتھارٹی کی پراسرار خاموشی، عوامی سماجی حلقوں کا احتجاج، ڈی جی فوڈ اتھارٹی سمیت کمشنر گوجرانولہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ میڈیا کو ذرائع سے ملنے والی خبر کے مطابق وزیرآباد سرکلر روڈ، سیالکوٹ روڈ دھونکل روڈ، نظام آباد، الہ آباد جی ٹی روڈ، ریلوے روڈ، گلی گورو کوٹھا سمیت شہر بھر میں ناقص کیمیکل ملے دودھ کی فروخت جاری ہے۔ یہ کیمیکل اتنا خطرناک ہے کہ دودھ پینے والے بچے جگر و معدہ سمیت کینسر جیسے موذی امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں جبکہ ذرائع سے اس بات کا بھی پتہ چلا کہ اکثر گوالے بھینسوں کو دودھ کی مقدار بڑھانے کیلیے آکسی ٹوسن انجکشن لگاتے ہیں جس سے بچیاں وقت سے پہلے جوان ہو رہی ہیں اور ہارمونز کی خرابی سے مختلف جنسی مسائل کا شکار ہو رہی ہیں جبکہ ذرائع سے اس بات کا بھی پتہ چلا ہے کہ شہر میں دودھ سپلائی کرنیوالے بے رحم گوالے خالص دودھ سے کریم نکلوانے کے بعد اس میں آلودہ پانی شامل کر دیتے ہیں تاکہ دودھ گاڑھا ہو سکے جبکہ ذرائع کے مطابق چند ایسے دوکاندار بھی ہیں جنہوں نے اپنے گھروں میں کیمیکل ملانے والی مشینیں لگا رکھی ہیں جہاں کیمیکل اور پانی ڈال کر اسے گرینڈ کر کے دودھ تیار کیا جاتا ہے اور پھر تھوڑا سا فریش دودھ ملا کر دودھ ادھر بیچا جا رہا ہے اور ذرائع کے مطابق ایسے دکانداروں کی تلاش جاری ھے ان قریب انکی بھی نشاندہی کی جائے گی۔

جہلم سیاستدانوں نے صحافیوں کے خلاف بے بنیاد من گھڑت جھوٹے مقدمات درج کروانا شروع کر دیئے

جہلم صدر پریس کلب مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو سیاستدانوں کی جانب سے صحافیوں کیخلاف بے بنیاد من گھڑت جھوٹے مقدمات درج کروانے پر صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے۔

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سیاستدانوں نے صحافیوں کے خلاف بے بنیاد، من گھڑت جھوٹے مقدمات درج کروانے شروع کر دیئے، سیاستدانوں کو ستر کی دہائی سے باہر نکلنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں بعد ایک مرتبہ پھر مقامی سیاست دانوں نے صحافیوں کے خلاف بے بنیاد، من گھڑت جھوٹے مقدمات درج کروانے شروع کر دیئے ہیں جو کہ سیاست دانوں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو نے کہا کہ سیاست دانوں کو اب جدید دور میں داخل ہونا چاہیے 70 کی دہائی سے باہر نکلنا ہوگا، من گھڑت، جھوٹے مقدمات درج کروانے سے صحافیوں کو کسی صورت کمزور نہیں کیا جاسکتا۔ جہلم کی صحافی برادری متحد ہے۔ صحافیوں نے ہمیشہ حق سچ کا ساتھ دیا اور سچائی کا دامن کسی صورت نہیں چھوڑ سکتے۔ صحافی برادری کسی ناجائز دباؤ میں آنے والی نہیں اور نہ ہی مقدمات سے صحافیوں کو دبایا جاسکتا ہے اس موقع پر صحافیوں کی کثیر تعداد موجود تھی، صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو نے کہا کہ بہت جلد فل ہاؤس اجلاس طلب کیا جائیگا جس میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائیگا۔

تحصیل شرقپور شریف کی حدود میں چارروز قبل روڈ ڈکیتی کے ملزمان تاحال گرفتار نہ ہو سکے

شرقپور شریف (نامہ نگار) تحصیل شرقپور شریف کی حدود میں چارروز قبل روڈ ڈکیتی کے ملزمان تاحال گرفتار نہ ہو سکے۔ متاثرین نے اعلیٰ حکام سے ملزمان کی فوری گرفتاری اور ان سے موٹر سائیکل و دیگر قیمتی سامان کی برآمدگی کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چار روز قبل کوٹ بہادر علی ضلع ننکانہ کا رہائشی محمد طفیل ولد شیر محمد اپنی فیملی کے ہمراہ اپنی نئی موٹر سائیکل ہنڈا 125 پر سوار ہو کر لاہور جا رہا تھا کہ دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلحہ ڈاکو گن پوائنٹ پر تریڈے والی کے قریب محمد طفیل سے اس کا قیمتی موبائل اور اس کی نئی ہونڈا 125 موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے تھانہ شرقپور پولیس نے رپٹ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے جبکہ دوسری جانب محمد طفیل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چار روز گزر نے کے باوجود ہمارے ملزمان گرفتار نہ ہو سکے میری ڈی پی او شیخوپورہ و دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ میرے ساتھ ڈکیتی کرنے والے ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دی جائے اور ہماری موٹر سائیکل، موبائل اور نقدی برآمد کروائی جائے اور علاقہ بھر میں بڑھتی ہوئی چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کو کنٹرول کیا جائے تاکہ عوام سکھ کا سانس لے سکے۔

بچہ بازیابی معاملہ: ایس ایچ او اور 8 کانسٹیبلز کیخلاف مقدمہ درج

ساتھ دینے پر فیروزوالہ بار لاہور ہائیکورٹ بار پنجاب بار کونسل سمیت وکلاء کا شکر گزار ہوں، قمر عباس ایڈووکیٹ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) میاں بیوی کے درمیان علیحدگی اور بچہ بازیاب کروانے کا معاملہ ایس ایچ او تھانہ نارنگ شاہ فیصل انویسٹی گیشن انچارج محمود ورک اور 8 کانسٹیبلز کے خلاف تھانہ نارنگ میں مقدمہ درج کرلیا گیا شوہر کے وکیل قمر عباس ایڈووکیٹ نے ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا ہے کہ عدالت نے خاوند سے بیٹا لے کر بیوی کے حوالے کرنے کا حکم دیا ایس ایچ او تھانہ نارنگ شاہ فیصل انویسٹی گیشن انچارج انسپکٹر محمود ورک نے 8,7 اہلکاروں کے ہمراہ ہر دو سیھول میں میرے گھر پر ریڈ کیا توڑ پھوڑ اور ملازمین کے ساتھ بدتمیزی کی میرے والد کو حراست میں لے کر 5,4 گھنٹے حبس بے جا میں رکھا ہمیں ڈراتے دھمکاتے رہے کہ بچہ آپ کے پاس ہے ہم اسے بازیاب کروائے بغیر نہیں جائیں گے میرے گھر کا تقدس پامال کیا گیا ہے قمر عباس ایڈووکیٹ نے سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نارنگ پولیس کے 10 افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے لیکن ہم اس ایف آئی آر کو مسترد کرتے ہیں جب تک ہماری درخواست کے مطابق دفعات شامل نہیں کی جاتی ہم احتجاج جاری رکھیں گے ہمارا قصور صرف اتنا ہے کہ میں بطور وکیل مقدمے کی وکالت نارنگ پولیس نے اختیارات کا ناجائز استعمال کر کے سخت زیادتی کی ہے ساتھ دینے پر میں فیروزوالہ بار لاہور ہائیکورٹ بار پنجاب بار کونسل سمیت وکلاء کا شکر گزار ہوں۔

نارنگ ریلوے ٹریک: گائے بھینسوں کے ڈیرے پر کسی بڑے حادثے کا خدشہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لاہور نارنگ نارووال ریلوے ٹریک میں گائے اور بھینسوں کے ڈیرے کسی بڑے حادثہ کا خدشہ ریلوے انتظامیہ کا خاموش تماشائی کا کردار اہل حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کے مطابق لاہور نارنگ نارووال سیکشن پر نارنگ ریلوے اسٹیشن کے اردگرد اور ریلوے ٹریک پر ریلوے اراضی پر بنی ہوئی دوکانوں کے مالکان گلی سڑی سبزیاں اور پھل پھینک دیتے ہیں جس وجہ سے درجنوں بھینسیں اور بکریاں ریلوے ٹریک پر ہر وقت موجود رہتی ہیں اور پچھلے تین سالوں میں متعدد بار بھینسیں اور بکریاں علامہ اقبال ایکسپریس ٹرین کے نیچے آ کر ہلاک بھی ہو چکی ہیں متعدد بار ریلوے چوکی انچارج کے نوٹس میں لایا گیا لیکن اس کے باوجود ریلوے چوکی انچارج مبینہ طور پر مالکان سے پیسے لے کر خاموش تماشائی بنا ہوا ہے بھینس مالکان دیدہ دلیری سے بغیر کسی روک ٹوک کے اپنی بھینسیں اور بکریاں ریلوے ٹریک پر روزانہ لے آتے ہیں جو ریلوے کے حفاظتی اصولوں کے منافی ہے۔

تھانہ ساہیانوالہ: پولیس نے وسیم عرف سیما گینگ گرفتار کرلیا

ملزم نشاط آباد، سانگلہ ہل، چنیوٹ میں وارداتیں کرتے رہے ہیں، ایس ایچ او

صل آباد، (مسعود احمد بھٹہ) تھانہ ساہیانوالہ پولیس نے ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ "وسیم عرف سیما" کو اسکے 02 ساتھیوں شہزاد اور فریاد سمیت گرفتار کرلیا۔ سی پی او فیصل آباد ڈی آئی جی کامران عادل کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ ساہیانوالہ محمد افضل نے پولیس ملازمان کے ہمراہ مختلف جگہوں پر چھاپہ مار کر 03 رکنی ڈکیت گینگ کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان سرکل نشاط آباد، سانگلہ ہل اور صدر چنیوٹ کے ایریا میں بھی وارداتیں کرتے رہے ہیں ملزمان کی گرفتاری سے علاقے میں چوری، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں کمی آئے گی۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

قیام پاکستان کے مقاصد کے ٹوٹتے خواب

اور وزیراعظم کا بجلی نرخوں میں جلد کمی کا اعلان

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمیں ماضی کو بھول کر مستقبل کیلئے منصوبہ بندی کرنا ہوگی۔ مہنگائی اور بجلی کے نرخوں میں کمی اور ملک کی معاشی ترقی کیلئے اپنا خون پسینہ بہادوں گا۔ نوجوان فسادی اور انتشاری قوتوں کے آلہ کار نہ بنیں' ملک دشمنوں کی ڈیجیٹل دہشت گردی کا سچائی سے مقابلہ کریں۔ گزشتہ روز یوم آزادی کے حوالے سے منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں آزادی کی نعمت سے سرفراز کیا ہے' ان کا کہنا تھا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں ہمارے اسلاف نے قربانیاں دیکر یہ ملک حاصل کیا۔ میں ان قائدین' غازیوں اور شہیدوں کو سلام عقیدت پیش کرتا ہوں جنہوں نے وہ کام کر دکھایا جس نے خطے کی نہ صرف تاریخ بلکہ جغرافیہ بھی تبدیل کر دیا۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ پاکستان 14 اگست 1947ء کو معرض وجود میں آیا' ملک کے بیٹوں نے قوم کو سنوارا اور پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا۔ ہمارا کوئی دشمن پاکستان کو میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکے گا۔ پاکستان اسی طرح قائم و دائم رہے گا' آج ہمیں بہر صورت فیصلہ کرنا ہے کہ قرضوں اور کشکول والی زندگی گزارنی ہے یا قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال کے فرمودات والی۔ وزیراعظم کے بقول امیر اور غریب کا الگ الگ پاکستان نہیں ہونا چاہیے۔ وہ جلد پاکستان کے معاشی پروگرام کا اعلان کرینگے۔ آج ہمیں اپنی قسمت اور غربت کو خوشحالی میں بدلنا ہوگا اور ملک کو عظیم بنانا ہوگا۔

شہباز شریف کا کہنا تھا کہ بجلی کے بلوں میں کمی کے بغیر ملک کی صنعت' زراعت اور برآمدات میں اضافہ نہیں ہو سکتا۔ حکومت بجلی کے بلوں میں کمی پر کام کر رہی ہے اور چند دنوں میں اسکے نتائج سامنے آجائیں گے۔ قوم کو بجلی کی قیمتوں کے حوالے سے خوشخبری ملے گی کیونکہ اس کے بغیر ہماری معیشت آگے نہیں بڑھ سکتی۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ دشمن پاکستان کی ترقی روکنے کا ہر حربہ استعمال کر رہا ہے جو ہماری جوہری طاقت اور ناقابل تسخیر دفاع سے خائف ہے۔ چنانچہ اب وہ ڈیجیٹل دہشت گردی کا ہتھیار استعمال کر کے پاکستان کے نوجوانوں کے ذہنوں پر جھوٹ مسلط کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انکے بقول شعور اور آگہی انتشار نہیں' ترقی' خوشحالی اور امن لاتی ہے اور دلوں کو جوڑتی ہے۔ آج ہم عہد کرتے ہیں کہ ہم سب مل کر دن رات محنت کریں گے تاکہ آئندہ یوم آزادی پر ہمیں غربت' مہنگائی' بے روزگاری کے مسائل درپیش نہ ہوں۔

یہ مسلمہ تاریخی حقیقت ہے کہ بانیان پاکستان اقبال و قائد نے انگریز اور ہندو کی غلامی میں جکڑے ہوئے، اقتصادی محرومیوں اور مذہبی آزادیوں پر قدغنوں کا شکار برصغیر کے مسلمانوں کو اس غلامی سے نجات دلانے کا خواب دیکھا' عزم کا اظہار کیا اور پھر دو قومی نظریے کی بنیاد پر آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم پر 23 مارچ 1940ء کو منٹو پارک لاہور میں قرارداد لاہور منظور کر کے برصغیر کے مسلمانوں کیلئے پاکستان کی شکل میں ایک الگ خطہ ارضی کی تشکیل کی بے پایاں جدوجہد کا آغاز کیا جو پرامن جدوجہد کے نتیجہ میں سات سال کے عرصے میں کامیابی سے ہمکنار ہوئی اور ایک آزاد و خودمختار ملک خداداد کا قیام عمل میں آیا۔ مگر ہندو اور انگریز کے ٹوڈی ساہوکاروں' استحصالی طبقات اور جاگیرداروں کو یہ تقسیم گوارا نہیں تھی جنہوں نے ہندوستان کی تقسیم کو بادل نخواستہ قبول کر کے خود کو پاکستان کا شہری بنایا مگر انکے اذہان ہندو اور انگریز کے ودیعت کردہ استحصالی نظام کے ساتھ ہی وابستہ رہے اور انکے دل بھی اس نظام کیلئے دھڑکتے رہے۔ قیام پاکستان کی عظیم جدوجہد کا مقصد تو اقبال و قائد کی امنگوں' آدرشوں کے مطابق پاکستان کی شکل میں جدید اسلامی جمہوری فلاحی معاشرے کی تشکیل تھی جس میں نہ صرف مسلمانوں کو مذہبی آزادیاں حاصل ہوں بلکہ انہیں ساہوکارانہ استحصالی نظام سے بھی نجات مل جائے اور انکی بھی زندگیاں خوشحالی سے ہمکنار ہو جائیں۔

بانی پاکستان قائداعظم قیام پاکستان کے بعد مزید کچھ عرصہ حیات رہتے تو یقیناً آزاد' خودمختار' جمہوری اسلامی فلاحی پاکستان کی سمت کا ٹھوس بنیادوں پر تعین کر جاتے مگر وہ قیام پاکستان کے ایک سال بعد ہی اپنی حیات جاوداں کی طرف روانہ ہو گئے جس کے بعد استحصالی نظام کی ذہنیت رکھنے والے ہندو اور انگریز کے ٹوڈیوں نے اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ گٹھ جوڑ کر کے پاکستان کو بانی پاکستان قائداعظم کے متعین کردہ راستوں سے ہٹانے کا عمل شروع کر دیا اور بالآخر ملک کو اس استحصالی نظام کی جانب دھکیلنے میں کامیاب ہو گئے جس سے نجات کیلئے پاکستان معرض وجود میں آیا تھا اور آج ہم قیام پاکستان کے 77 ویں سال کے آغاز پر بھی اسی استحصالی نظام کے شکنجے میں جکڑے نظریہ پاکستان اور قیام پاکستان کے مقاصد کو یاد کر کے بانیان پاکستان کی عظیم محنتوں کو ضائع ہوتا دیکھ کر خون کے آنسو بہا رہے ہیں۔ قوم کو آج آئی ایم ایف کے ناروا قرضوں' ملک کے سنگین توانائی کے اور اقتصادی و مالی بحرانوں اور انکی بنیاد پر قوم کو غربت' مہنگائی' بے روزگاری کی شکل میں جن گھمبیر مسائل کا سامنا ہے۔

کرہ ارض کی بحالی

خصوصی کالم

روبینہ خورشید عالم

کوآرڈینیٹر وزیراعظم برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ

اس سال ماحولیات کے عالمی دن کا تھیم ''کرہ ارض کی بحالی، ویرانی وخشک سالی'' کے خلاف برداشت کا حصول ہمیں بعض اہم محرکات کی یاد دلاتا ہے جو کرہ ارض کے مناظر کو بری طرح متاثر کر رہے ہیں اور ہم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہم اپنے مستقبل کے تحفظ کے لیے ماحولیاتی نظام کی بحالی کے ذریعے کرہ ارضی کی ویرانی سے نمٹنے کے لیے اقدامات کریں۔ آیئے ہم عالمی یوم ماحولیات کو منانے سے ایک قدم آگے اس موضوع کو لیں کہ کرہ ارض پر زندگی کو برقرار رکھنے کی ایک عالمی ضرورت ہے، جو کہ دوسری صورت میں انسانی مداخلت کی وجہ سے رکاوٹ بن رہی ہے۔ خشک سالی سے بچنے کے لیے زمین کی بحالی کو ترجیح دینا پاکستان جیسے ملک کے لیے ضروری ہے کہ وہ ریگستان کا مقابلہ کر کے اپنی زرخیز زمین کی حفاظت کرے تاکہ ہم اپنی خوراک کی حفاظت، حیاتیاتی تنوع اور کمیونٹی کی برداشت کی صلاحیت کو یقینی بنا سکیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ان چیزوں کو سمجھا جائے اور ان پر عمل کیا جائے۔ کمیونٹیز اور ترقیاتی شراکت داروں کو زمین کی بحالی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے حکومت کے ساتھ ہاتھ ملانے کی ضرورت ہے، تاکہ زمین کے انحطاط کو روکنے اور ماحولیاتی نظام کی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کے لیے زمین کے انتظامی طریقہ کار کو پائیدار بنایا جا سکے۔ جنگلات کی کٹائی کو سختی سے روکنے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ ماحولیاتی انحطاط اور موسمیاتی تبدیلیاں ہماری زمین اور اس کی پیداواری صلاحیت پر تباہ کن اثرات مرتب کر رہی ہیں، جس سے ہماری خوراک کی سلامتی خطرے میں پڑ رہی ہے۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف موسمیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات پر تشویش کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ چونکہ شرم الشیخ میں COP27 میں نقصان اور نقصان کے فنڈ کے قیام کے نتیجے میں ان کے مضبوط سفارتی دباؤ کے بعد سے پی ڈی ایم اور ان کی قیادت میں موجودہ حکومت پاکستان کے موسمیاتی ایجنڈے کو سنجیدگی سے آگے بڑھا رہی ہے۔ حکومت خلوص دل سے یقین رکھتی ہے کہ زمین کی بحالی، صحرائی عمل اور خشک سالی سے بچاؤ انتہائی اہم ہے۔ ایک اچھی طرح سے تشکیل شدہ قومی موافقت کا منصوبہ 2023 اور اب آنے والا قومی فلڈ پروٹیکشن پلان (جلد ہی وزیراعظم کے ذریعہ منظر عام پر لایا جائے گا) موسمیاتی تبدیلیوں کے بڑے خطرات جیسے سیلاب، خشک سالی، گرمی کی لہروں، اور اس کے نتیجے میں مٹی کے انحطاط اور اس کے نتیجے میں فطرت پر مبنی ماحولیاتی نظام پر اثرات حل کا مطالبہ کرتے ہیں۔

پاکستان حالیہ دہائیوں میں شدید اور جان لیوا سیلابوں، گرمی کی لہروں اور خشک سالی کے واقعات کا سامنا کر رہا ہے۔ قرضوں کے مسلسل بحران اور یکے بعد دیگرے آفات کے درمیان ملک کو زمینی انحطاط اور آبی انتظام کے نظام میں خامیوں کو دور کرنے کا بھی سامنا ہے۔

پاکستان پالیسی ڈسکورس اور سٹریٹجک فریم ورک کے ذریعے موسمیاتی لچک کا ہراول دستہ بن سکتا ہے۔ تاہم، ان فریم ورک کو عملی جامہ پہنانے کے لیے موسمیاتی مالیات کی ضرورت ہوتی ہے، اور آب وہوا کو آلودہ کرنے والے بڑے ممالک کا آب وہوا کے فنڈز میں اپنا متناسب حصہ فراہم کرنے کے لیے کمزور رویہ اس کام کو مشکل بنا رہا ہے۔ ان رکاوٹوں کے باوجود، حکومت موسمیاتی خطرات کے خلاف لچک پیدا کرنے کے لیے مقامی وسائل مہیا کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

خشکی کی لہریں خشک سالی کی شکل میں ظاہر ہونے والی بدصورت صورتحال میں اضافہ کر رہی ہیں، جس سے زراعت کو خطرہ لاحق ہے اور ملک میں پہلے ہی پانی کے وسائل کی کمی ہے۔ مزید برآں، خشک سالی مزید سماجی واقتصادی چیلنجوں کا سبب بنتی ہے جو موجودہ عدم مساوات کو مزید سنگین کرتی ہے اور اسی وجہ سے غربت کو دوام بخشتی ہے 2025 تک، خشک سالی دنیا کی تقریباً تین چوتھائی آبادی کو متاثر کر سکتی ہے۔

پاکستان ان 23 ممالک میں سرفہرست ہے جہاں خشک سالی کی ایک بڑی ایمرجنسی کا سامنا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کی وزارت تسلیم کرتی ہے کہ زرخیز زمین کا صحرا میں بدلنا انسانی سرگرمیوں اور ماحولیاتی انحطاط سے پیدا ہوا ہے، جس سے پاکستان کو اس کے متعدد اثرات سے داغدار کر دیا گیا ہے، جن میں موسمیاتی خطرات، زمین کی زرخیزی میں کمی، حیاتیاتی تنوع میں کمی، اور زمین کی پیداواری صلاحیت میں کمی شامل ہے، جس سے خطرات میں اضافہ ہوا ہے۔ کمزور مقامی کمیونٹیز ہمیشہ خشک سالی کا شکار رہی ہیں لیکن ان کی موجودگی میں جنگلات کی بڑے پیمانے پر کٹائی اور انتھروپوجنک سرگرمیوں کے ساتھ اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ سے موسمیاتی حالات میں واضح تبدیلی آئی ہے۔ طویل گرمی کی لہروں، بارشوں میں تاخیر، اور پانی کی ناقص تقسیم کے درمیان پانی کی سطح میں کمی اور ملک بھر میں بنیادی طور پر بنجر خصوصیات کے ساتھ دریاؤں کے خشک ہونے کی وجہ سے پانی کا تناؤ لوگوں کو سخت متاثر کر رہا ہے۔ پاکستان میں پانی کی فی کس دستیابی 1951 میں 060,5 کیوبک میٹر سالانہ سے کم ہو کر اب صرف 908 کیوبک میٹر رہ گئی ہے۔ سندھ اور جنوبی پنجاب کے پہلے ہی پانی کی قلت والے علاقوں میں بڑھتی ہوئی گرمی اور پانی کی کمی سے ہمارے مویشی شدید متاثر ہیں۔ UNDP کا کہنا ہے کہ اگر آج کوئی فوری اقدام نہ کیا گیا تو پاکستان 2025 تک (اگلے سال تک) خشک سالی کا شکار ہو جائے گا۔ لہٰذا اب وقت آ گیا ہے کہ پانی کے وسائل کے تحفظ اور سمجھداری سے استعمال پر عمل کیا جائے۔ ایک رپورٹ کے مطابق انڈس ڈیلٹا 1833 میں 000,13 مربع کلومیٹر سے 92 فیصد تک سکڑ کر صرف 000,1 مربع کلومیٹر رہ گیا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کی وزارت کی طرف سے نیا لیونگ انڈس اقدام اس وقت جاری ہے اور سندھ طاس کی صحت کو بحال کرنے کے لیے کام کر رہا ہے۔ پاکستان نے ''فطرت پر مبنی حل'' کے تھیم کے تحت ایک ماحولیاتی نظام کی بحالی کا اقدام بھی شروع کیا ہے تاکہ صحرا بندی، نقصان جیسے اہم مسائل سے نمٹا جا سکے۔ وزارت، موسمیاتی تبدیلی، زمین کی بحالی، اور خشک سالی کی لچک کے واضح تجزیہ کے ساتھ، خشک سالی کی تیاری کو بہتر بنانے اور متعدد اقدامات کے ذریعے خشک سالی کے خلاف برداشت پیدا کرنے پر غور کر رہی ہے۔ حکومت اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے کہ ہم خشک سالی کو ہونے سے نہیں روک سکتے، لیکن ہم اپنے پانی کو محفوظ رکھ کر ان کے لیے تیاری کر سکتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت 2030 تک اپنے اہداف حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ خشک سالی کے خلاف معاشرے کی لچک اور پائیداری صرف آبی وسائل کے مربوط نظام، بہتر اور اختراعی آب وہوا سے متعلق سمارٹ ایگریکلچر کے طریقوں اور کمیونٹی کو بااختیار بنانے کے ذریعے ہی تعمیر کی جا سکتی ہے۔ اگر ہم واقعی چاہتے ہیں کہ ہماری کمیونٹیز لچکدار بنیں، ماحولیاتی نظام بحال ہو، اور کرہ ارض کے مناظر آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ ہوں، تو ہمیں ایک ایسا نظام قائم کرنا ہوگا جو پانی کی کارکردگی، مٹی کے تحفظ، اور خشک سالی سے بچنے والی ٹیکنالوجیز میں سرمایہ کاری میں اضافہ کرے۔

جنگلات کی کٹائی اور زمین کی کٹائی کا براہ راست تعلق ہے، کیونکہ پاکستان کے شمالی علاقوں میں جنگلات کی کٹائی مٹی کے کٹاؤ اور زمین کی تنزلی کا سبب بنتی ہے۔ میں ورلڈ کاؤنٹس کے حوالے سے حیران ہوں، جس میں کہا گیا ہے کہ ہر سیکنڈ میں ایک فٹ بال کے میدان کے برابر جنگل ختم ہو جاتا ہے، اور 2016 سے، دنیا بھر میں اوسطاً ہر سال 28 ملین ہیکٹر جنگلات کاٹ دیے گئے ہیں۔ 2000 کے بعد سے، دنیا نے درختوں کے احاطہ میں 9 فیصد کمی دیکھی۔ بڑے پیمانے پر جنگلات کی کٹائی لکڑی کے لالچ، مویشیوں کے لیے زمین، فصلوں، اور دیگر عالمی سطح پر تجارت کی جانے والی اشیاء، اور مکانات کی تعمیر کے لیے ہوتی ہے۔ حکومت اپنی طرف سے جو کچھ بھی کر رہی ہے، ہو سکتا ہے کہ وہ کافی نہ ہو کیونکہ موسمیاتی تبدیلی، ماحولیاتی نظام کی بحالی، پانی کے تحفظ اور دیگر متعلقہ شعبوں کے لیے پورے معاشرے کے نقطہ نظر کی ضرورت ہے۔ لہٰذا پاکستانی عوام کو قومی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر اہم کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں بحیثیت شہری اور معاشرے کو مزید جنگلات اگانے، کاغذ کے بغیر جانے، لکڑی کی مصدقہ مصنوعات خریدنے اور جنگلات پر مبنی مصنوعات کو ذمہ داری سے استعمال کرنے کی ضرورت ہے تاکہ جنگلات کی پائیداری کو یقینی بنایا جا سکے۔ پالیسیاں، مقامی حقوق کی حمایت کریں، ہمارے کاربن فٹ پرنٹ کو آفسیٹ کریں، قابل تجدید توانائی کا استعمال کریں، اور رضاکارانہ طور پر یا ان لوگوں کو عطیہ کریں جو جنگلات کی کٹائی کو روکنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ ہمیں کرہ ارض کے مستقبل کے لیے جنگلات کا تحفظ کرنا چاہیے۔ جنگل کی مصنوعات عام طور پر دوبارہ قابل استعمال ہوتی ہیں لہٰذا موثر طریقے سے ری سائیکلنگ کی مشق کریں۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کیوں اہم ہے، زکوٰۃ نہ دینے والوں بارے کیا حکم ہے؟؟؟



سائرن

محمد اکرم چوہدری

lahore1947@gmail.com

سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے انہوں نے امابعد کہا پھر کہا رسول اللہؐ ہم کو حکم دیتے تھے کہ ہم ان چیزوں میں سے زکوٰۃ نکالیں جنہیں ہم بیچنے کے لیے رکھتے تھے۔ عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی، اس کے ساتھ اس کی ایک بچی تھی، اس بچی کے ہاتھ میں سونے کے دو موٹے موٹے کنگن تھے، آپؐ نے اس سے پوچھا: کیا تم ان کی زکوٰۃ دیتی ہو؟ اس نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: کیا تمہیں یہ اچھا لگے گا کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ تمہیں آگ کے دو کنگن ان کے بدلے میں پہنائے۔ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کہتے ہیں کہ اس عورت نے دونوں کنگن اتار کر انہیں رسول اللہؐ کے سامنے ڈال دیئے اور بولی یہ اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہیں۔ ام المؤمنین ام سلمہؓ کہتی ہیں میں سونے کے اوضاح پہنا کرتی تھی، میں نے عرض کیا اللہ کے رسول! کیا یہ کنز ہے؟ آپؐ نے فرمایا جو مال اتنا ہو جائے کہ اس کی زکوٰۃ دی جائے پھر اس کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے وہ کنز نہیں ہے۔

حماد کہتے ہیں میں نے ثمامہ بن عبداللہ بن انس سے ایک کتاب لی، وہ کہتے تھے: یہ ابوبکرؓ نے انسؓ کے لیے لکھی تھی، اس پر رسول اللہؐ کی مہر لگی ہوئی تھی، جب آپ نے انہیں صدقہ وصول کرنے کے لیے بھیجا تھا تو یہ کتاب انہیں لکھ کر دی تھی، اس میں یہ عبارت لکھی تھی: یہ فرض زکوٰۃ کا بیان ہے جو رسول اللہؐ نے مسلمانوں پر مقرر فرمائی ہے اور جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی اکرمؐ کو دیا ہے، لہٰذا جس مسلمان سے اس کے مطابق زکوٰۃ طلب کی جائے، وہ اسے ادا کرے اور جس سے اس سے زائد طلب کی جائے، وہ نہ دے: پچیس سے کم اونٹوں میں ہر پانچ اونٹ پر ایک بکری ہے، جب پچیس اونٹ پورے ہو جائیں تو پینتیس تک میں ایک بنت مخاض ہے، اگر بنت مخاض نہ ہو تو ابن لبون دیدے، اور جب چھتیس اونٹ ہو جائیں تو پینتالیس تک میں ایک بنت لبون ہے، جب چھیالیس اونٹ پورے ہو جائیں تو ساٹھ تک میں ایک حقہ واجب ہے، اور جب اکسٹھ اونٹ ہو جائیں تو پچہتر تک میں ایک جذعہ واجب ہوگی، جب چھہتر اونٹ ہو جائیں تو نوے تک میں دو بنت لبون دینا ہوں گی، جب اکیانوے ہو جائیں تو ایک سو بیس تک دو حقہ اور جب ایک سو بیس سے زائد ہوں تو ہر چالیس میں ایک بنت لبون اور ہر پچاس میں ایک حقہ دینا ہوگا۔ اگر وہ اونٹ جو زکوٰۃ میں ادا کرنے کے لیے مطلوب ہے، نہ ہو، مثلاً کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اسے جذعہ دینا ہو لیکن اس کے پاس جذعہ نہ ہو بلکہ حقہ ہو تو حقہ ہی لے لی جائے گی، اور ساتھ ساتھ دو بکریاں، یا بیس درہم بھی دیدے۔ یا اسی طرح کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ ان میں حقہ دینا ہو لیکن اس کے پاس حقہ نہ ہو بلکہ جذعہ ہو تو اس سے جذعہ ہی قبول کر لی جائے گی، البتہ اب اسے عامل (زکوٰۃ وصول کرنے والا) بیس درہم یا دو بکریاں لوٹائے گا، اسی طرح سے کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ ان میں حقہ دینا ہو لیکن اس کے پاس حقہ کے بجائے بنت لبون ہوں تو بنت لبون ہی اس سے قبول کر لی جائے گی۔ ابوداؤد کہتے ہیں: یعنی اگر اسے میسر ہو تو اس سے دو بکریاں یا بیس درہم واپس لے لیں گے، اگر کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں، جن میں بنت لبون واجب ہوتا ہو اور بنت لبون کے بجائے اس کے پاس حقہ ہو تو حقہ ہی اس سے قبول کر لیا جائے گا اور زکوٰۃ وصول کرنے والا اسے بیس درہم یا دو بکریاں واپس کرے گا، جس کے پاس اتنے اونٹ ہوں جن میں بنت لبون واجب ہوتی ہو اور اس کے پاس بنت مخاض کے علاوہ کچھ نہ ہو تو اس سے بنت مخاض لے لی جائے گی اور اس کے ساتھ ساتھ دو بکریاں یا بیس درہم اور لیے جائیں گے، جس کے اوپر بنت مخاض واجب ہوتا ہو اور بنت مخاض کے بجائے اس کے پاس ابن لبون مذکر ہو تو وہی اس سے قبول کر لیا جائے گا اور اس کے ساتھ کوئی چیز واپس نہیں کرنی پڑے گی، اگر کسی کے پاس صرف چار ہی اونٹ ہوں تو ان میں کچھ بھی نہیں ہے سوائے اس کے کہ ان کا مالک اپنی خوشی سے کچھ دیدے۔ اگر چالیس بکریاں چرنے والی ہوں تو ان میں ایک سو بیس تک ایک بکری دینی ہوگی، جب ایک سو اکیس ہو جائیں تو دو سو تک دو بکریاں دینی ہوں گی، جب دو سو سے زیادہ ہو جائیں تو تین سو تک تین بکریاں دینی ہوں گی، جب تین سو سے زیادہ ہوں تو پھر ہر سینکڑے پر ایک بکری دینی ہوگی، زکوٰۃ میں بوڑھی عیب دار بکری اور نر بکرا نہیں لیا جائے گا سوائے اس کے کہ مصلحتاً زکوٰۃ وصول کرنے والے کو نر بکرا لینا منظور ہو۔ اسی طرح زکوٰۃ کے خوف سے متفرق مال جمع نہیں کیا جائے گا اور نہ جمع مال متفرق کیا جائے گا اور جو نصاب دو آدمیوں میں مشترک ہو تو وہ ایک دوسرے پر برابر کا حصہ لگا کر لیں گے اگر چرنے والی بکریاں چالیس سے کم ہوں تو ان میں کچھ بھی نہیں ہے سوائے اس کے کہ مالک چاہے تو اپنی مرضی سے کچھ دیدے، اور چاندی میں چالیسواں حصہ دیا جائے گا البتہ اگر وہ صرف ایک سو نوے درہم ہو تو اس میں کچھ بھی واجب نہیں سوائے اس کے کہ مالک کچھ دینا چاہے۔

ابن شہاب زہری کہتے ہیں یہ نقل ہے اس کتاب کی جو رسول اللہؐ نے زکوٰۃ کے تعلق سے لکھی تھی اور وہ عمر بن خطابؓ کی اولاد کے پاس تھی۔ ابن شہاب زہری کہتے ہیں: اسے مجھے سالم بن عبداللہ بن عمر نے پڑھایا تو میں نے اسے اسی طرح یاد کر لیا جیسے وہ تھی، اور یہی وہ نسخہ ہے جسے عمر بن عبدالعزیز نے عبداللہ بن عبداللہ بن عمر اور سالم بن عبداللہ بن عمر سے نقل کروایا تھا، پھر آگے انہوں نے پوری حدیث ذکر کی اور کہا: جب ایک سو اکیس اونٹ ہو جائیں تو ان میں ایک سو انتیس تک تین بنت لبون واجب ہیں، جب ایک سو تیس ہو جائیں تو ایک سو انتالیس تک میں دو بنت لبون اور ایک حقہ ہیں، جب ایک سو چالیس ہو جائیں تو ایک سو انچاس تک دو حقہ اور ایک بنت لبون ہیں، جب ایک سو پچاس ہو جائیں تو ایک سو انسٹھ تک تین حقہ ہیں، جب ایک سو ساٹھ ہو جائیں تو ایک سو انہتر تک چار بنت لبون ہیں، جب ایک سو ستر ہو جائیں تو ایک سو اناسی تک تین بنت لبون اور ایک حقہ ہیں، جب ایک سو اسی ہو جائیں تو ایک سو نواسی تک دو حقہ اور دو بنت لبون ہیں، جب ایک سو نوے ہو جائیں تو ایک سو ننانوے تک تین حقہ اور ایک بنت لبون ہیں، جب دو سو ہو جائیں تو چار حقے یا پانچ بنت لبون، ان میں سے جو بھی پائے جائیں، لے لیے جائیں گے۔ اور ان بکریوں کے بارے میں جو چرائی جاتی ہوں، اسی طرح بیان کیا جیسے سفیان بن حسین کی روایت میں گزرا ہے، مگر اس میں یہ بھی ہے کہ زکوٰۃ میں بوڑھی یا عیب دار بکری نہیں لی جائے گی، اور نہ ہی غیر خصی (نر) لیا جائے گا سوائے اس کے کہ زکوٰۃ وصول کرنے والا خود چاہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

ایک گرفتاری سے جڑی کہانیاں

برملا

نصرت جاوید

nusrat.javeed@gmail.com

جس گرفتاری کا ان دنوں ہر محفل میں ذکر ہو رہا ہے وہ ہماری تاریخ کی ''اس'' ادارے سے وابستہ رہے کسی فرد کی پہلی گرفتاری نہیں ہے۔ قیام پاکستان کے چند ہی برس بعد اکبر نام کے اعلیٰ ترین افسر کو گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کی اہلیہ بیگم نسیم جہاں بھی ان کے ساتھ گرفتار ہوئیں۔ بعدازاں بریگیڈئر سے میجر تک کے 20 کے قریب افسر بھی گرفتار ہوئے۔ ان میں سے چند وعدہ معاف گواہ بن گئے اور ''پنڈی سازش کیس'' کے نام سے مشہور زمانہ مقدمہ قائم ہوا۔ فوجی افسران کے علاوہ کئی قد آور غیر فوجی بھی مذکورہ سازش میں ملوث ہونے کے الزام میں برسوں اذیت خانوں اور جیلوں میں مقید رہے۔ نمایاں ترین نام ان میں مشہور شاعر فیض احمد فیض کا تھا۔ گرفتاری سے قبل فوج کے شعبہ تعلقات عامہ سے الگ ہو کر لاہور سے میاں افتخار الدین کے پروگریسو پیپرز کی جانب سے نکالے اردو اور انگریزی کے دو اہم اخبارات کے بانی مدیر اعلیٰ ہوئے تھے۔

پنڈی سازش کیس کے علاوہ بھٹو صاحب کے دور میں ''اٹک سازش کیس'' بھی منظر عام پر آیا۔ ایک ''سازش'' محترمہ بے نظیر بھٹو کے دوسرے دور میں بھی ہوئی تھی۔ ملکی تاریخ کا طالب علم ہوتے ہوئے لیکن میں حال ہی میں ہوئی گرفتاری کو ''پنڈی سازش کیس'' کی صورت اختیار کرتا دیکھ رہا ہوں۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ پنڈی سازش کیس محض چند فوجی افسروں کی اپنی کمان یا حکومت وقت کے خلاف ''بغاوت'' ہی شمار نہیں ہوئی تھی۔ اصل الزام یہ تھا کہ مذکورہ سازش میں ملوث افراد پاکستان میں ''کمیونسٹ پارٹی'' کے کلیدی افراد کے ساتھ مل کر ''انقلاب'' برپا کرنا چاہ رہے تھے۔ مقصد اس کا پاکستان کو روس اور چین کی طرح سوشلسٹ ملک بنانا تھا۔

چند فوجی افسروں کو ہم خیال بنا کر ''سوشلسٹ انقلاب'' برپا کرنے کا تجربہ اس سے قبل کسی بھی ملک میں نہیں ہوا تھا۔ چین میں جو سوشلسٹ انقلاب آیا اسے برپا کرنے سے قبل ماؤزے تنگ نے اپنی قیادت میں اگرچہ ایک گوریلا تنظیم بھی بنائی تھی۔ مقصد اس کا چین پر قابض ہوئے جاپان کے خلاف مسلح مزاحمت تھی۔ غیر ملکی قبضے کے خلاف چین کا دایاں بازو بھی متحرک رہا۔ اس کی قیادت چیانگ کائی شیک کے پاس رہی۔ دائیں اور بائیں بازو کے گوریلے کئی برسوں تک غیر ملکی قبضے کے خلاف ''متحدہ محاذ'' کی صورت جنگ آزادی لڑتے رہے۔ جاپان دوسری جنگ عظیم کے نتیجے میں شکست سے دو چار ہوا تو ماؤزے تنگ اور چیانگ کائی شیک نظریاتی بنیادوں پر تقسیم ہو گئے۔ بالآخر ماؤزے تنگ کی سوچ کامیاب وکامران ہوئی۔

اصل موضوع سے بھٹک گیا ہوں۔ واقعات کو تاریخ کے تناظر میں رکھے بغیر بات سمجھانا مگر مشکل ہو جاتا ہے۔ سوشل میڈیا کے دور میں اگرچہ قارئین وناظرین کی اکثریت محض چند لفظوں کے ذریعے ''مکدی گل'' جاننے کا تقاضہ کرتی ہے۔ تاریخ کا ذکر چھڑ گیا تو یہ بھی یاد دلانے میں کوئی حرج نہیں کہ ایک روایتی فوج میں سے ''انقلابی'' ڈھونڈ کر انہیں حریف بنانے کے بعد ''سوشلسٹ انقلاب'' برپا کرنے کی کوشش اپریل 1978ء میں افغانستان میں بھی ہوئی۔ اس کے انجام سے ہم بخوبی واقف ہیں۔ تاریخی تقاضوں کو نگاہ میں رکھتے ہوئے اصرار کرنے کو مجبور ہوں کہ قیام پاکستان کے چند ہی برس بعد انگریز کی تربیت یافتہ فوج میں سے چند افراد کو ساتھ ملا کر ''انقلاب'' لانے کی کوشش اگر کامیاب ہو جاتی تب بھی انجام اس کا افغانستان کے نام نہاد ''ثور انقلاب'' جیسا ہوتا تھا۔

1857ء کے ہولناک واقعات کے بعد برطانوی سامراج نے ہمارے بزرگوں کو قابو میں رکھنے کے لئے جس ریاستی ڈھانچے کو متعارف کروایا وہ بنیادی طور پر افسر شاہی پر مشتمل تھا۔ فوج کو روزمرہ معاملات سے سوچی سمجھی پالیسی کے تحت سختی سے الگ رکھا جاتا تھا۔ روزمرہ زندگی سے کٹی اور چھاؤنیوں تک محدود ہوئی فوج اور اس کے گھرانے ایک مخصوص ''ثقافت'' کے عادی بنائے جاتے تھے۔ پنڈی سے منسوب ہوئی ''سازش'' میں ملوث افراد یہ حقیقت بھی احمقانہ حد تک نظرانداز کرتے رہے کہ برطانیہ کا فوج کے حوالے سے تیار کردہ ماڈل Unity of Command کا مظہر تھا۔ کمان کی تکون کے حتمی نکتے پر جو شخص براجمان ہوتا اس کا حکم بارش کے پانی کی طرح پہاڑ کی چوٹی سے نیچے آتا ہے۔ کمان کی وحدت کمزور کرنے کی کوشش حتمی طور پر ادارے ہی میں خلفشار کو جنم دیتی ہے۔ حالیہ دنوں میں اس کی تازہ ترین مثال سوڈان میں خوفناک حد تک عیاں ہو رہی ہے۔ ''پنڈی سازش کیس'' کی کامیابی کے امکانات محدود تر تھے۔ وہ اگر کامیاب ہو بھی جاتی تو ہمارا حال بھی ان دنوں کے سوڈان جیسا ہوتا۔ اہم ترین بات یہ بھی ہے کہ پنڈی میں پروان ہوئی سازش ان دنوں کے مشرقی پاکستان پر کنٹرول قائم کرنے میں قطعاً ناکام رہتی۔

فروعی معاملات کی جانب بھٹک جانے کے بجائے بنیادی طور پر عرض فقط یہ گزارنی ہے کہ جس گرفتاری کے چرچے ہو رہے ہیں وہ بتدریج پنڈی سازش کیس کی طرح چند غیر فوجی افراد کی گرفتاریوں کی جانب بڑھے گی۔ پنڈی سازش کیس کا ہدف لیاقت علی خان حکومت کے خاتمے کے بعد ''کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان'' کو اقتدار میں لانا تھا۔ وہ جماعت عوامی سطح پر مقبول نہیں تھی۔ اسی باعث اس سے منسوب سازش ناکام ہوئی تو عوام کی بے پناہ اکثریت گرفتار ہوئے افراد کی مصیبتوں سے لاتعلق رہی۔ سرد جنگ کا آغاز ہو جانے کے سبب مذکورہ سازش کی ناکامی امریکی کیمپ کے بھی بہت کام آئی پاکستان کو امریکہ نے روس کے خلاف اہم ترین مہرہ تسلیم کر لیا۔ کمیونزم کے خلاف لڑنے کے لئے ہماری فوج کو جدید ترین بنانے کی کاوشوں کا آغاز ہوا۔ 1950ء کی دہائی میں ہوئی سرمایہ کاری بالآخر 1980ء کی دہائی میں ''افغان جہاد'' کی صورت بارآور ہوئی۔

جس گرفتاری کے چرچے ہو رہے ہیں وہ اگر واقعتاً کسی ''سازش'' سے جڑی ہوئی ہے تو تعلق اس کا بالآخر جس سیاسی جماعت سے جوڑا جا سکتا ہے اس کا نام لکھنے کی ضرورت نہیں۔

حتمی منظوری اور مٹکے والی سرکار

صدائے سحر

شاھد ندیم احمد

sadaaysehar@gmail.com

پاکستان صرف پاکستانی عوام کا ہی نہیں، پوری امت مسلمہ کی امید ہے، پاکستان جب ایٹمی طاقت بنا تو اُمت نے انتہائی خوشی منائی کہ اب ہم طاقتور ہو گئے ہیں، لیکن یہ ایٹمی طاقت ہی معاشی بد حالی کا شکار ہوگی اور اس کے عوام بڑھتی مہنگائی، آضافی بجلی کے بم اور بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں، کیونکہ اس ملک پر لوٹ مار کرنے والے حکمران اشرافیہ قابض ہیں اور اپنے ہی غریب عوام کا بڑی بے دردی سے استحصال کر رہے ہیں، پاکستان نے پوری اُمت مسلمہ کو لیڈ کرنا تھا، لیکن یہ خود کو ہی سنبھال نہیں پا رہا ہے اور آگے جانے کے بجائے پیچھے ہی کی جانب چلا جا رہا ہے، اس کے ذمہ داران سے جان چھڑانا ہوگی۔

اس ملک کی بد حالی کے ذمہ دار کوئی اور نہیں، اس ملک کے اپنے ہی نا اہل حکمران رہے ہیں، لیکن یہ اپنی نا اہلیاں ماننے کیلئے تیار ہیں نہ ہی اپنی کوتاہیوں کا آزالہ کر رہے ہیں، بلکہ اپنی وہی پرانی غلطیاں ہی دہرائے چلے جا رہے ہیں اور اپنا ملبہ ایک دوسرے پر ہی ڈالے چلے جا رہے ہیں، اگر اس طرح بات نہ بنے تو ساری بات نظام پر ڈال دیتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف بھی بوسیدہ ملکی نظام کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ ہمیں 77 سال کی پرانی بیماریوں سے جان چھڑانی پڑے گی 'وزیراعظم بجا فرما رہے ہیں، لیکن ان کی ساری باتوں کا مخاطب نشانہ خود ان کی اپنی پارٹی اور اپنے ہی حلیف رہے ہیں، یہ سارے لوگ خود ہی بوسیدہ نظام کے چلے ہوئے کارتوس ہیں، اس نظام کی بوسیدگی میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کا مساوی حصہ رہا ہے، اس کے بعد اس بوسیدہ نظام سے جان چھڑانے کا صاف اور واضح مطلب ہے کہ ان آزمائے حکمرانوں سے ہی جان چھڑانا ہے۔

یہ انتہائی دلچسپ بات ہے کہ وزیراعظم خود ہی ثبوت دیتے ہوئے دہرائے جا رہے ہیں کہ ہر سال 500 ارب روپے کی بجلی چوری ہوتی ہے اور یہ سب ملی بھگت سے ہی ہو رہا ہے، اس کا مطلب ہے کہ یہ ملی بھگت آپ ہی کے کل پرزوں کی جاری ہے، آپ کے اپنے ہی حواری سب کچھ کر رہے ہیں، کوئی باہر سے تو نہیں آیا ہے، وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ درآمدی ایندھن سے چلنے والے گھسے پٹے منصوبے بند پڑے ہیں، بعض بند پلانٹس اسکریپ ہو چکے ہیں، مگر وہاں بھی تنخواہوں اور مراعات کے نام پر اربوں روپے دیئے جا رہے ہیں، وزیراعظم گزشتہ دو سال سے خود ہی وزیراعظم ہیں اور اس سے قبل تین مرتبہ ان کے بھائی اور چار مرتبہ پیپلز پارٹی حکمراں رہی ہے اور اب بھی حکمرانی کے مزے لوٹ رہی ہے تو پھر درآمدی ایندھن سے چلنے والے گھسے پٹے منصوبے کیوں بند پڑے رہے اور اس میں تنخواہیں اور مراعات کون دیتا رہا ہے، یہ سارے ہی پلانٹ کس نے منظور کیے اور اس کے معاہدے کس نے کیے ہیں، یہ خود ہی سب خرابیوں کے ذمہ دار ہیں تو پھر ان سے ہی جان چھڑانا ہوگی۔

پاکستانی عوام اتنے بھولے نہیں ہیں کہ اس ملک کی بد حالی کے ذمہ داروں کو پہچانتے نہیں ہیں، عوام سب کچھ جانتے ہیں اور پہچانتے ہیں، آزمائے ہوؤں سے جان چھڑانا بھی چاہتے ہیں، انہیں عوام نے مسترد بھی کیا ہے، لیکن عوام کے فیصلے کو مانا جا رہا ہے نہ ہی عوام کی خواہشات کا احترام کیا جا رہا ہے، بلکہ عوام سے بند کمروں کے فیصلوں کو منوایا جا رہا ہے، اس کے خلاف عوام سراپہ احتجاج ہیں اور آواز اُٹھا رہے ہیں، عوام کی آواز کو دبایا جا رہا ہے اور دیوار سے لگایا جا رہا ہے، عوام سارے مظالم برداشت کرتے ہوئے بھی مزاحمت کر رہے ہیں اور ہر پلیٹ فارم پر اپنا احتجاج ریکارڈ کرا رہے ہیں، حکومت اظہار رائے کا ہر راستہ روک رہی ہے، انٹرنیٹ اور میڈیا ز پر پابندیاں لگا رہی ہے، لیکن ان پابندیوں سے عوام کی آواز دبنے والی ہے نہ ہی حکومت مخالف تحریک روکنے والی ہے، اس حکومت کی اظہار رائے پر پابندی اور انسانی حقوق کی پامالی پر جتنی رسوائی اور جگ ہنسائی ہو رہی ہے، شاید کبھی اتنی کسی کی نہیں ہوئی ہے، اس کے باوجود کوئی شرم آ رہی ہے نہ ہی کوئی حیاء کہیں دکھائی دے رہی ہے۔

اتحادی حکومت اپنا اقتدار بچانے اور چلانے کیلئے جو کچھ بھی کر رہی ہے، اس طرح اقتدار چلے گا نہ ہی زیادہ دیر تک اقتدار بچایا جا سکے گا، حکومت سمندر کے آگے بند باندھنے کی احمقانہ کوشش کر رہی ہے، اس سے سمندر تو نہیں رکے گا، البتہ ملک کو ناقابل تلافی نقصان ضرور پہنچ سکتا ہے، حکومت عوام کی زباں بندی کا ہدف حاصل کرنے کے خبط میں پابندیاں لگا کر پتھر کے زمانہ میں دھکیلنے کے بجائے جدید انفرمیشن ٹیکنالوجی انقلاب کی راہ پر گامزن کرے، اس میں ہی ملک وعوام کی بھلائی ہے، ورنہ عوام خود ہی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے آگے بڑھنے کی راہ تلاش کر کے آزمائے ہوؤں کو کسی گہری کھائی میں دھکیلنے سے گریز نہیں کریں گے۔

حتمی منظوری اور مٹکے والی سرکار



وغیرہ وغیرہ

عبداللہ طارق سہیل

ذمہ دار طیور کی زبانی اڑتی سی اک خبر یوں ملی ہے کہ 9 مئی کے روز فوج کے جن 232 اہداف پر حملے کئے گئے تھے۔ ان کا تعین جنرل فیض نے کیا تھا جو اب باضابطہ سرکاری مہمان ہیں اور زیر کورٹ مارشل ہیں۔ اطلاع کے مطابق 9 مئی کے متعلق سارے فیصلے ایک سہ رکنی کمیٹی نے کئے تھے جس کے صدر جنرل فیض، مہمان خصوصی گریٹ خان اور ویٹو پاور ہولڈر مٹکے والی سرکار تھی اور اطلاع میں جو سب سے اہم بات بتائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ فیصلوں کی حتمی منظوری مٹکے والی سرکار کے مٹکے نے دی۔ مٹکے کے اردگرد کالے ماش کا دائرہ بنایا گیا۔ فیصلے اشاروں کی زبان میں کاغذ کی پرچیوں پر لکھے گئے، یہ پرچیاں مٹکے میں ڈالی گئیں، پھر منہ بند کر کے مٹکے کے اوپر لکڑی (یا کوئی اور شے) گھمائی گئی اور بعد ازاں پتہ چلا کہ منکا شریف نے تمام فیصلوں کی منظوری ہمراہ اس بشارت کے دے دی کہ پلان کامیاب ہوگا۔ موکلوں نے ٹھوک بجا کر تخمینہ لگایا کہ فیصلہ سعد گھڑی میں کیا گیا ہے، مہورت بہت ہی شبھ ہے اور شبھ شبھو میں کوئی شبہ، کوئی شائبہ نہیں۔

مٹکے والی سرکار کا اعتبار لیکن 9 مئی کی شام ٹوٹنے لگا اور بعد کے حالات میں پہلے گریٹ خان عرف دولہے میاں جیل پہنچے، پھر مٹکے والی سرکار اور اب قدرے دیر سے صاحب صدر بھی۔ اس سارے منترے میں گھوٹالا کیونکر ہوا، مٹکے والی سرکار بھی حیران ہے کہ ایک کے بعد ایک کے حساب سے سارے سیدھے کام بھی پھر الٹے ہی ہوتے گئے۔ کچھ کا کہنا ہے کہ احکامات کی ساعت کے دوران موکل دھوکہ کھا گئے، بعضوں کا خیال ہے کہ نہیں، خود موکل ہی دھوکے باز تھے، بے وفائی کر گئے یعنی لوٹا ہو گئے۔

جنرل فیض اپنے دور اختیار میں مرد آہن کہلاتے تھے لیکن دوران حراست وہ خمیرہ ابریشم نکلے، یہ مٹکے والی بات بھی انہوں نے اپنے اس ابریشمی مرحلے میں بتائی اور صرف مٹکے والی سرکار ہی نہیں، اس تفتیش کے دوران انہوں نے کتنے ہی پردہ نشینوں کے نام بھی لے دیئے اور یہ بھی بتا دیا کہ کس نے کیا کیا کارنامے کئے۔

سنا ہے درجنوں گرفتاریاں اس تفتیش کی روشنی میں ہوں گی۔ کچھ ریٹائرڈ، کچھ حاضر سروس، کچھ سول بیوروکریٹ، کچھ انقلاب پارٹی کے بڑے عہدیدار، کچھ ورکر، حتیٰ کہ کچھ ٹی وی میزبان اور یوٹیوبر اور مزید حتیٰ کہ بعض ججوں کے نام بھی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ بڑے منصف اور اس کے ساتھی منصفوں نے خان کو دیکھ کر جب ''گڈ ٹو سی یو'' کہا تھا تو ایسے ہی نہیں کہا تھا۔ اس کے پیچھے یہ ''یقین محکم'' تھا کہ بس دو چار دنوں کی بات ہے، انقلاب آیا کہ آیا، پھر ہم تم ہوں گے منگل ہوگا، رقص میں سارا جنگل ہوگا اور اگلے روز جو خان کیلئے ضمانتوں کا جمعہ بازار سجا اور احکامات صادر ہوئے کہ جو مقدمات ابھی بنے ہی نہیں، ان میں بھی ضمانتیں منظور کی جاتی ہیں تو اس ماجرے کے پیچھے بھی یہی ''یقین محکم'' کارفرما تھا اور یہ بھی پتہ چلا ہے کہ چھ نے جو خط لکھا تھا اور ریاست پر الزامات بلا ثبوت لگائے تھے تو اس خط کی علت اولیٰ بھی اسی چشمہ فیض سے پھوٹی تھی۔

خود گریٹ خان اب کیا کہتے ہیں؟۔ کہتے ہیں کہ میرا جنرل فیض سے کیا لینا دینا، میرے تو ان کے ساتھ محض پروفیشنل تعلقات تھے۔ میں وزیراعظم تھا اور وہ ادارے کے سربراہ، بس یہی ورکنگ ریلیشن شپ تھی۔

اس ایک ننھے منے سے فقرے نے پوری داستان یاد دلا دی۔ جب جنرل فیض کا تبادلہ کرنے کا فیصلہ ہوا تو کس طرح گریٹ خان نے زمین پر لیٹ کر ہاتھ پاؤں چلانے شروع کر دیئے تھے اور تب تک چلاتے رہے تھے جب تک تبادلے کا فیصلہ موخر نہیں ہو گیا۔ خان نے اس موقع پر کہا، میری حکومت کے استحکام کیلئے جنرل فیض کا اپنی جگہ رہنا ضروری ہے نیز افغان مسئلے کا بھی تقاضا ہے کہ انہیں اپنی جگہ سے نہ ہٹایا جائے۔

یہ التوا بہرحال عارضی تھا، کچھ عرصہ بعد تبادلہ بالآخر ہو گیا اور خان اور مٹکے والی سرکار دونوں ہاتھ ملتے رہ گئے۔ ایک موقع پر خان نے یہ بھی بتایا کہ کس طرح قانون سازی اور اعتماد کے ووٹ کے مرحلوں پر ہمارے بندے باغی ہو جاتے تھے اور کس طرح فیض صاحب انہیں گھیر گھیر کر پکڑ پکڑ کر لاتے تھے۔ اور پھر وہ ملاقاتوں کے سلسلے، لوگوں کو اس کے علاوہ بھی بہت کچھ یاد ہے۔

بہرحال، خان کہتے ہیں کہ محض ''پروفیشنل'' تعلق تھا تو پھر سچ ہی کہتے ہوں گے۔

مٹکے والی سرکار کے پلو سے بندھی لال حویلی کی سرکار بھی پھر منقار بالائے پر ہوئی ہے اور فرمایا ہے کہ اکتوبر میں ٹیکنو کریٹ حکومت دیکھ رہا ہوں۔

مطلب حتمی طور پر یہ نکلا کہ اکتوبر میں یا مابعد اکتوبر کوئی ٹیکنو کریٹ حکومت نہیں آ رہی۔ لال حویلی والی سرکار جب بھی کہتی ہے کہ میں فلاں شے کو دیکھ رہا ہوں تو مطلب یہی ہوتا ہے کہ وہ چیز کہیں بھی نظر نہیں آ رہی۔

انہوں نے فرمایا، ملک میں خونیں انقلاب دیکھ رہا ہوں۔ سیانے سمجھ گئے تھے کہ شیخ جی دراصل یہ بتا رہے ہیں کہ سب امن رہے گا، کچھ برا نہیں ہونے والا۔ شیخ نے کہا میں ملک کو دیوالیہ ہوتے دیکھ رہا ہوں، سب سمجھ گئے کہ ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا۔

غدار کی بیٹی بھاگ گئی



مکتوب امریکہ

طیبہ ضیا

بے شک اللہ حق ہے۔ آج بنگالیوں کی آنکھیں کھلنا شروع ہو گئیں، جس شخص کے سحر میں آ کر انہوں نے ملک کو دولخت کیا آج اپنے ہاتھوں سے اس کا مجسمہ توڑ رہے ہیں۔ جس کسی نے بھی اس ملک خداداد پاکستان اور اس کی طاقت افواج پاکستان کا نقصان سوچا اس کا انجام دردناک رہا۔ وہ وقت دور نہیں جب پاکستانی قوم دور حاضر کے شیخ مجیب کو جوتے مارے گی اور اپنی قسمت کو کوسے گی۔ بنگلہ دیش میں سیاسی ہلچل اور بحران کے بعد پاکستان کی انتشاری جماعت کے رہنما ذرائع ابلاغ پر اپنی شرمندگی چھپانے کے لیے پھر یوٹرن لے رہے ہیں جو اس جماعت اور اس کے بانی کا خاصہ ہے۔ سب کو یاد ہوگا کہ آج سے کچھ عرصہ قبل اسی جماعت کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ اور اس کے بانی کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے غدار وطن شیخ مجیب الرحمان کو ہیرو بنا کر پیش کیا جا رہا تھا۔ شیخ مجیب الرحمان کی پاکستانی فوج کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ تصاویر لگا کر غداری اور حب الوطنی کے سرٹیفکیٹس بانٹے جا رہے تھے۔ اسی جماعت کو بانی پی ٹی آئی اور اس کے رہنما عوام کی طاقت قرار دے رہے تھے مگر آج جب بنگلہ دیش کے عوام نے اپنی اصل طاقت دکھائی اور ایک غدار کی بیٹی کو معصوم لوگوں کا قتل عام کرنے پر نہ صرف وزارت عظمیٰ چھوڑنے پر مجبور کیا بلکہ شیخ مجیب کے بت بھی توڑے تو یہ اعلان تھا کہ مشرقی پاکستان کا اصل غدار کون تھا۔۔۔۔؟

بنگلہ دیشی عوام کی جانب سے شیخ مجیب اور اس کی بیٹی کو غدار قرار دیے جانے کے بعد اپنی شرمندگی چھپانے کے لیے انتشاری ذہنیت کی پیداوار جماعت کے رہنما اب یہ بیانیہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ جب عوام کی طاقت سامنے آتی ہے تو حال یہ ہوتا ہے جیسا حسینہ واجد کا ہوا۔ حالانکہ اس حسینہ واجد کا غدار وطن والد شیخ مجیب الرحمان کل تک بانی انتشار کا ہیرو تھا اور اس کو آئیڈیل بنا کر پاکستان میں نفرت اور تقسیم کا بیج بو رہا تھا مگر آج جس طرح اس جماعت اور اس کے بانی نے یوٹرن لیا ہے اس کی بھی مثال کم ہی ملتی ہے۔ بانی انتشار کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ عوامی طاقت محب وطن لوگوں کے ساتھ نکلتی ہے، غداروں اور 9 مئی والوں کے ساتھ کبھی باہر نہیں نکلتی۔ جس وقت یہ 1971ء کے حوالے سے منفی بیانیہ لیکر چل رہے تھے تو پورے ملک کے عوام کی جانب سے ان پر لعن طعن کی گئی تھی۔ ان کے اس عمل کو غداری سے تعبیر کیا گیا تھا۔ آج جو انتشاری رہنما ٹی وی چینلز پر بیٹھ کر بنگلہ دیش کی صورتحال کا اپنے ملک سے موازنہ کر کے جو بیانیہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں دراصل اپنی شرمندگی کو چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جس بیانیہ کو لیکر انتشاری چل رہے تھے کہ شیخ مجیب الرحمان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اس بیانیے کو تو آج 49 سال بعد بنگلہ دیش کے غیور عوام نے دفن کر دیا ہے۔ جیسا انجام شیخ مجیب الرحمان کے بیانیے کا ہوا ہے وہی انجام بانی انتشار کا ہونے جا رہا ہے، یہ جو بیانیہ بنانے کی کوشش کرتا رہا ہے کہ عوام باہر نکلیں تو عوام کبھی بھی آپ کے کہنے پر باہر نہیں نکلیں گے کیونکہ باشعور عوام 9 مئی کے وطن دشمن بیانیے کو مسترد کر چکے ہیں۔ مشرقی حسینہ تو بھاگ گئی، مغربی ہینڈسم بھی سلاخیں توڑنے کے لئے پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگانے لگا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے نو مئی سے متعلق پاک فوج کا بیان ایک مرتبہ پھر دہراتے ہوئے کہا ہے کہ 9 مئی کے حوالے سے مخصوص سیاسی ٹولا جب تک صدق دل سے معافی نہیں مانگ لیتا تب تک مذاکرات نہیں ہوں گے، مافیا کو تکلیف ہے کہ پاک فوج اور عوام مل کر ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں، مافیاز عوام کو غربت میں ڈال کر ان کا استحصال کرنا چاہتے ہیں جو پاکستانی عوام کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے مزید کہا ملک میں انتشار پھیلانے والے دشمن عناصر غزہ، فلسطین اور کشمیر میں استحصال پر خاموش ہیں، پاکستان میں انتشار پھیلانے میں ان کو فائدے ہیں مگر پاک فوج اور عوام ان دشمن عناصر سے بخوبی واقف ہیں۔۔ یاد رہے کہ بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ واجد نے گذشتہ ایک ماہ سے جاری پرتشدد احتجاج کے بعد پیر کو اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے اور وہ ملک چھوڑ کر بھارت بھاگ گئی ہے۔

جولائی میں سرکاری نوکریوں میں کوٹہ سسٹم کے خلاف شروع ہونے والی طلبہ کی تحریک میں اب تک مجموعی طور پر 300 سے زیادہ افراد ہلاک ہو چکے ہیں اور ملک بھر میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔

شیخ حسینہ کے استعفے کے بعد ملک کی فوج کے سربراہ نے قوم سے خطاب میں کہا ہے کہ ملک میں عبوری حکومت قائم کی جائے گی جس کے لیے بات چیت جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ 'ہمارے ساتھ تعاون کریں، ہم ساتھ مل کر ایک بہتر مستقبل کی سنگ بنیاد رکھیں گے۔' غدار مجیب الرحمان کی بیٹی کو بھارت میں محفوظ خفیہ مقام پر رہائش دیدی گئی یعنی پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا۔ دشمن نے غداروں کی مدد سے پاکستان کو دولخت کیا مگر آج پاکستان کے بزرگوں کی قربانیوں کا لہو رنگ لایا اور حق کا بول بالا ہوا۔ مشرقی پاکستان کو بنگلہ دیش بنانے والے ننگے ہوئے۔ پاکستان میں آج بھی غدار دشمن سے مل کر نعوذ باللہ پاکستان کے تین ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں مگر پاک فوج کا عزم اور عوام کی سیسہ پلائی دیوار کے سامنے آج کے مجیب الرحمان اور شرپسند ٹولے ڈھیر ہو رہے ہیں۔

ابھی ہمارا کوئی اسٹیڈیم انٹرنیشنل معیار کا نہیں ہے، محسن نقوی

خیبر پختونخوا کی حکومت سے بات چل رہی ہے، اگر وہ ہمیں اسٹیڈیم دیں تو اس میں بھی کام کریں گے، انشاء اللہ، چیمپئنز ٹرافی پاکستان میں ہی ہوگی، میچز کی تاریخیں آگے پیچھے ہوسکتی ہیں، میڈیا سے گفتگو

لاہور (شیروز میاں) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے کہا ہے کہ ابھی ہمارا کوئی اسٹیڈیم انٹرنیشنل معیار کا نہیں ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ انشاء اللہ، چیمپئنز ٹرافی پاکستان میں ہی ہوگی، میچز کی تاریخیں آگے پیچھے ہوسکتی ہیں، پی سی بی سیکیورٹی اداروں کے ساتھ رابطے میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چار پانچ ماہ مشکل ہوں گے کیوں کہ گراونڈز بن رہے ہیں لیکن چیمپئنز ٹرافی سے پہلے کام مکمل کرلیا جائے گا، چیمپئنز ٹرافی سے پہلے ابتدائی کام مکمل کیا جائے گا، بقیہ کام چیمپئنز ٹرافی کے بعد مکمل کرلیا جائے گا۔ محسن نقوی کے مطابق خیبر پختونخوا کی حکومت سے بات چل رہی ہے، اگر وہ ہمیں اسٹیڈیم دیں تو اس میں بھی کام کریں گے، نیویارک کا اسٹیڈیم بھی آخری دس دن میں مکمل ہوا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ کنسٹرکشن کا کام دن رات جاری ہے، اسٹیڈیمز کی رینوویشن بہت بڑا چیلنج ہے، دنیا کے اسٹیڈیمز کے برعکس پاکستان کے اسٹیڈیمز غیر معیاری ہیں، ہمارے اسٹیڈیم دنیا کے مقابلے میں بہت پیچھے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اسلام آباد میں نیا اسٹیڈیم بنایا جائے گا، پشاور اسٹیڈیم کے انتظامات کے لیے خیبر پختونخوا حکومت سے بات چل رہی ہے، ہم گراونڈز کی رینوویشن کے حوالے سے آئی سی سی سے رابطے میں ہے، چیمپئنز ٹرافی کے لیے آئی سی سی وفد کے آنے سے پہلے رینوویشن کا کام مکمل کرلیا۔

سنسناٹی اوپن ٹینس، اٹلی کے جینک سنر مینز سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے

22 سالہ اطالوی ٹینس سٹار نے جرمنی کے الیگزینڈر زویروف کو شکست دی

اوہائیو (این این آئی): اٹلی کے نامور ٹینس سٹار اور عالمی نمبر ایک جینک سنر اور امریکی ٹینس سٹار فرانسز ٹیافو سنسناٹی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میں پہنچ گئے، 22 سالہ اطالوی ٹینس سٹار نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میچ میں جرمنی کے الیگزینڈر زویروف کو شکست دے کر فائنل تک رسائی حاصل کی، 26 سالہ امریکی ٹینس کھلاڑی فرانسس ٹیافو نے دوسرے سیمی فائنل میچ میں ڈنمارک کے حریف کھلاڑی ہولگر رونے کو مات دی۔ امریکی ریاست اوہائیو کے شہر سنسناٹی میں جاری ایونٹ میں کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے، جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پہلے سیمی فائنل میچ میں 22 سالہ اطالوی ٹینس سٹار جینک سنر نے سخت مقابلے کے بعد جرمنی کے الیگزینڈر زویروف 6-7(9-11)، 7-5 اور 6-7(4-7) سے ہرا کر فائنل تک رسائی حاصل کی۔

پاکستان کیخلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل بنگلادیشی کرکٹ ٹیم کو بڑا دھچکا

بنگلا دیش کرکٹ ٹیم کے بیٹر محمود الحسن جوئے کمر میں چوٹ کے باعث 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز سے باہر ہوگئے

راولپنڈی (این این آئی) بنگلا دیش کرکٹ ٹیم کے بیٹر محمود الحسن جوئے پاکستان کے خلاف 21 اگست سے راولپنڈی میں شروع ہونے والی 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز سے باہر ہو گئے۔ 23 سالہ حسن بنگلادیش کی اے ٹیم کا بھی حصہ تھے اور انہوں نے اسلام آباد میں پاکستان شاہینز کے خلاف 4 روزہ میچ میں حصہ لیا تھا جس کے دوران فیلڈنگ کرتے ہوئے انہیں کمر میں چوٹ آئی اور وہ دوسری اننگز میں بیٹنگ نہیں کرسکے۔ حسن نے شاہینز کے خلاف پہلی اننگز میں 65 رنز بنائے۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے چیف فزیشن نے کرکٹ ویب سائٹ کرک بز کو تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں محمود کے حوالے سے ایک ای میل موصول ہوئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ان کی کمر میں چوٹ آئی ہے۔

سیاسی صورتحال نے بنگلہ دیش کیلئے مشکل کھڑی کردی، ویمنز ٹی 20 ورلڈکپ کا انعقاد مشکل

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کی سیاسی صورتحال نے اس کیلئے ایک اور مشکل کھڑی کر دی، آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے انعقاد پر خدشات کے بادل مزید گہرے ہوگئے، 4 ممالک کی ٹریول ایڈوائزری میں اپنے شہریوں کی بنگلہ دیش کے سفر پر پابندی کی وجہ سے ایونٹ کا بنگلادیش میں انعقاد مشکل دکھائی دے رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آئی سی سی نے بنگلادیش کو ایونٹ کی میزبانی کا گرین سگنل نہیں دیا، آئی سی سی ٹریول وارننگ ختم ہونے کا منتظر ہے کیونکہ 4 ممالک کی ٹریول ایڈوائزری میں بنگلادیش کا سفر نہ کرنا شامل ہے۔

فاسٹ باؤلر احسان اللہ نے اپنے باپ کے بیان کو مسترد کردیا

لاہور (شیروز میاں) فاسٹ بولر احسان اللہ نے خود ہی اپنے والد کے بیان کو مسترد کرتے ہوئے مخالفت کردی ہے اور کہا ہے کہ میرا ری ہیب سوات میں اچھا چل رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں فاسٹ بولر احسان اللہ کا کہنا تھا کہ میرا ری ہیب سوات میں اچھا چل رہا ہے، میری کہنی کا خم اور سیدھے بازو کا اینگل ٹھیک ہو رہا ہے، میں جلد کم بیک کروں گا۔ احسان اللہ کا کہنا تھا کہ میڈیا پر خبر آئی کہ میرا ری ہیب اچھا نہیں چل رہا، پی سی بی کو درخواست کرتا ہوں میرا ری ہیب اچھا چل رہا ہے مجھے سوات میں ہی رہنے دیں۔ خیال رہے کہ اس سے قبل احسان اللہ کے والد نے ایک بیان میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے بیٹے کی لاہور میں دیکھ بھال کی درخواست کی تھی اور کہا تھا کہ میرے بیٹے کو این سی اے میں منتقل کرکے علاج کیا جائے، سوات میں سہولیات اچھی نہیں۔

سنسناٹی اوپن، عالمی نمبرون آیگا باہر، بیلارشین حریف آریانا سبالینکا نے شکست دیدی

سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 3-6 سے شکست دے کر نہ صرف ایونٹ سے باہر کردیا

اوہائیو (این این آئی) پولینڈ کی بین الاقوامی شہرہ آفاق ٹینس سٹار، ٹاپ سیڈ اور عالمی نمبرون آیگا سویٹیک سنسناٹی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے پہلے سیمی فائنل میچ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہوگئیں، بیلاروس کی 26 سالہ آریانا سبالینکا نے ویمنز سنگلز سیمی فائنل میچ میں 23 سالہ پولینڈ کی ٹینس سٹار آیگا سویٹیک کو شکست دے کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ امریکی ریاست اوہائیو کے شہر سنسناٹی میں جاری ایونٹ میں کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے۔ سال کے چوتھے گرینڈ سلام یو ایس اوپن سے قبل وارم اپ ٹورنامنٹ کے ویمنز سنگلز کیپہلے سیمی فائنل میچ میں بیلاروس کی 26 سالہ آریانا سبالینکا نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف 23 سالہ پولش ٹینس سٹار آیگا سویٹیک کو سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 3-6 سے شکست دے کر نہ صرف ایونٹ سے باہر کردیا بلکہ فائنل کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل آریانا سبالینکا اور آیگا سویٹیک 2024 میں میڈرڈ اوپن اور اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے فائنل میں دو بار آمنے سامنے ہوئیں۔

کیریبین پریمیئر لیگ کا بارہواں ایڈیشن 29 اگست سے شروع ہوگا

جمیکا (این این آئی) کیریبین پریمیئر لیگ کا بارہواں ایڈیشن 29 اگست سے ویسٹ انڈیز میں شروع ہوگا سی پی ایل میں دنیائے کرکٹ کے مختلف ممالک کے نامور کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے۔ گیانا ایمیزون واریئرز کی ٹیم نے گزشتہ سال فائنل میچ میں ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کو 9 وکٹوں سے شکست دیکر لیگ کا چیمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا تھا اس لئے گیانا ایمیزون واریئرز کی ٹیم ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ لیگ میں 6 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کریں گی جن میں دفاعی چیمپئن گیانا ایمیزون واریئرز، اینٹیگوا اینڈ باربوڈا فالکنز، سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس، بارباڈوس رائلز، گیانا ایمیزون واریئرز، سینٹ لوشیا کنگز اور ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز شامل ہیں۔ جمیکا تلاوہ کی جگہ اینٹیگوا اور باربوڈا فالکنز نے لے لی ہے۔ لیگ میں فائنل سمیت 34 میچز کھیلے جائیں گے۔ سی پی ایل کا ابتدائی میچ اینٹیگوا اینڈ باربوڈا فالکنز اور سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس کی ٹیموں کے درمیان سر ویوین رچرڈز سٹیڈیم، انٹیگوا میں کھیلا جائے گا۔ کیریبین پریمیئر لیگ کا آغاز 2013 میں ہوا تھا۔ کیریبین پریمیئر لیگ کی تاریخ میں اب تک 11 ایڈیشن کھیلے جاچکے ہیں جن میں ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کی ٹیم سب سے زیادہ چار مرتبہ ٹائٹل جیت چکی ہے، جمیکا تلاوا تین، بارباڈوس کی ٹیم دو جبکہ گیانا ایمیزون واریئرز اور سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس کی ٹیم ایک، ایک مرتبہ یہ ٹائٹل اپنے نام کرچکی ہیں۔

راولپنڈی: قومی ٹیم کا کھلاڑی بنگلہ دیش کیخلاف ٹیسٹ سے قبل پریکٹس سیشن میں حصہ لے رہا ہے۔

پاک بنگلہ دیش ٹیسٹ سیریز: فاسٹ بولر عامر جمال پاکستانی اسکواڈ سے باہر

لاہور (این این آئی) بنگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے اسکواڈ سے فاسٹ بولر عامر جمال کو ریلیز کر دیا گیا۔ عامر جمال کی بنگلہ دیش کے خلاف سیریز کے لیے اسکواڈ میں شمولیت فٹنس سے مشروط تھی۔ پی سی بی کے مطابق عامر جمال کو اب نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں فٹنس پر کام کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ پی سی بی نے بتایا ہے کہ عامر جمال کمر کی تکلیف سے ریکور کر رہے ہیں، انہیں کمر کی تکلیف کاونٹی کرکٹ کے دوران ہوئی تھی۔ یاد رہے کہ قومی اسکواڈ سے کامران غلام اور ابرار احمد کو پہلے ہی ریلیز کیا جاچکا ہے۔ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان پہلا ٹیسٹ 21 اگست سے شروع ہوگا۔

جیویلن کھلاڑی ارشد ندیم کی ملکیت میں بڑا اضافہ

میاں چنوں (این این آئی) پاکستان کو بین الاقوامی کھیل کے مقابلوں، پیرس اولمپکس 2024 میں 40 برسوں بعد گولڈ میڈل جتوانے والے جیویلن کھلاڑی ارشد ندیم کی ملکیت میں بڑا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ارشد ندیم سے متعلق جہاں پاکستانی پرجوش دکھائی دے رہے ہیں اپنے قومی ہیرو سے متعلق ہر چھوٹی بڑی معلومات جاننا چاہتے ہیں وہیں بھارت بھی ارشد ندیم اور اپنے جیویلن کھلاڑی، چاندی کا میڈل جیتنے والے نیرج چوپڑا کے درمیان موازنہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ نا صرف پاکستانی میڈیا سائٹس بلکہ بھارت میں بھی ارشد ندیم اور نیرج چوپڑا کی کل مالیت میں اضافے پر بات کی جارہی ہے۔ ان دونوں کھلاڑیوں کو ملنے والے تحائف اور 9 اگست کے بعد ان کی مالیت میں ہونے والے بڑے اضافے کا موازنہ کیا جارہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دنیا کے سرفہرست دو جیولن پھینکنے والوں کا تعلق جنوبی ایشیا سے ہے۔ 'جی کیو انڈیا' کی ایک رپورٹ کے مطابق نیرج چوپڑا کی کل مالیت 5.4 ملین ڈالر (تقریباً 37 کروڑ روپے) ہے۔ دوسری جانب پیرس اولمپکس 2024ء میں گولڈ میڈل جیتنے کے بعد ارشد ندیم کی دولت میں اضافہ دیکھا جارہا ہے۔

گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کی زندگی پر بننے والی فلم کیلئے امیتابھ بچن کا انتخاب

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس 2024 میں بھارت کے لیے سلور میڈل جیتنے والے نیرج چوپڑا نے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کی زندگی پر بننے والی فلم کے لیے امیتابھ بچن کا انتخاب کرلیا۔ سوشل میڈیا پر پیرس اولمپکس کے جیولین تھرو کے مقابلے کے میڈلز کی تقسیم کی تقریب کے بعد ارشد ندیم اور نیرج چوپڑا کی ایک ویڈیو وائرل ہے۔

لیسٹر سٹی اور ٹوٹنہم ہاٹ پور کی ٹیمیں انگلش پریمیئر لیگ میں (آج) پنجہ آزمائی کریں گی

لیسٹر سٹی اور ٹوٹنہم ہاٹ پور کی ٹیمیں کنگ پاور سٹیڈیم، لیسٹر کے مقام پر آمنے سامنے ہوں گی

PREMIER LEAGUE

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر لیگ کے 33 ویں سیزن کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ انگلینڈ میں شروع ہو چکا ہے۔ ای پی ایل میں (آج) منگل کو مزید ایک میچ کا فیصلہ ہوگا، جس میں لیسٹر سٹی اور ٹوٹنہم ہاٹ پور کی ٹیمیں کنگ پاور سٹیڈیم، لیسٹر کے مقام پر آمنے سامنے ہوں گی۔ یہ مجموعی طور پر ٹاپ فلائٹ انگلش فٹ بال کا 126 واں ایڈیشن ہوگا جس کے شیڈول کا اعلان 18 جون 2024 کو کیا گیا تھا۔ مانچسٹر سٹی کی ٹیم ای پی ایل میں اپنے اعزاز کا دفاع کرے گی، یہ ٹیم گزشتہ ایڈیشن کو جیتنے کے بعد انگلش ٹاپ فلائٹ کی تاریخ میں مسلسل چار مرتبہ جیتنے والی پہلی مردوں کی فٹ بال ٹیم بن گئی تھی۔ 20 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کریں گی۔

SHOWBIZ
قوت

کنزہ ہاشمی کی پرنٹڈ جوڑے میں جاذب نظر تصاویر مداحوں کو بھا گئیں

مداحوں کی جانب سے پوسٹ کے کمنٹ سیکشن میں محبت بھرے کمنٹس کا سلسلہ بھی جاری

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ کنزہ ہاشمی کی پرنٹڈ جوڑے میں جاذب نظر تصاویر نے مداحوں کے دل موہ لیے۔ حال ہی میں اداکارہ کنزہ ہاشمی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر چند تصاویر شیئر کیں جو مداحوں کے دلوں پر بجلیاں گرا گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں اداکارہ نے نیلے رنگ کا پرنٹڈ جوڑا زیب تن کررکھا ہے جبکہ کانوں میں انہوں نے پیلے رنگ کے جھمکے پہنے ہوئے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے بالوں کو مہارت کے ساتھ باندھ رکھا ہے جبکہ نازک اداؤں سے مداحوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرارہی ہیں۔ تصاویر پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے پسندیدگی کا اظہار کیا جارہا ہے جبکہ مداحوں کی جانب سے پوسٹ کے کمنٹ سیکشن میں محبت بھرے کمنٹس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

شاہ رخ خان اپنے کامیاب فلمی کیریئر کے دوران، اب تک 300 سے زائد ایوارڈز جیت چکے ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے کنگ شاہ رخ خان نے اپنے کیریئر کے تمام نیشنل اور انٹرنیشنل ایوارڈز رکھنے کی خاص جگہ کے بارے میں بتا دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شاہ رخ خان نے اپنے حالیہ انٹرویو میں ایوارڈ شوز کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ایوارڈ شوز سے بہت محبت ہے اور مجھے ہر ایوارڈ شو میں شرکت کرنا پسند ہے۔ شاہ رخ خان نے کہا کہ یہ سن کر مداح دنگ رہ جائیں گے کہ میرے گھر میں ایوارڈز رکھنے کے لیے کوئی 'ٹرافی کیبنٹ' نہیں بلکہ ایک لائبریری ہے اور میں نے اسے انگلش لائبریری کی طرز پر ڈیزائن کروایا ہے۔ میگا اسٹار نے کہا کہ میں نے اپنی اس انگلش لائبریری میں اپنے تمام نیشنل اور انٹرنیشنل ایوارڈز رکھے ہوئے ہیں، میری اس لائبریری میں میرے 300 سے زائد ایوارڈز موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرا 9 منزلہ دفتر ہے اور دفتر کی ہر منزل پر میرے کچھ ایوارڈز سجائے گئے ہیں، جنہیں دیکھ کر مجھے دلی سکون ملتا ہے کیونکہ یہ ایوارڈز بھارتی سینما کے لیے میری خدمات کو یاد دلاتے ہیں۔ شاہ رخ خان نے مزید کہا کہ مجھے ایوارڈز جیتنے پر بہت خوشی ہوتی ہے اور میں ایوارڈز کے معاملے میں تھوڑا بیشرم بھی ہوں، خاص طور پر انٹرنیشنل ایوارڈز کے لیے، جنہیں وصول کرنے کے لیے میں اپنے مصروف شیڈول کی پرواہ بھی نہیں کرتا۔

ممتاز ہدایتکار شوکت حسین رضوی کو بچھڑے 25 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) ممتاز ہدایت کار شوکت حسین رضوی کو مداحوں سے بچھڑے 25 برس بیت گئے۔ پاکستانی فلمی صنعت کے معمار کہلائے جانے والے معروف فلمساز ہدایتکار شوکت حسین رضوی 1914ء میں اعظم گڑھ (بھارت) میں پیدا ہوئے، انہوں نے کلکتہ کے تھیٹر سے اپنے فنی سفر کا آغاز کیا، مشہور فلمساز سیٹھ دل سکھ پنچولی کے کہنے پر وہ لاہور آگئے اور "گل بکاؤلی" اور "خزانچی" جیسی فلموں کی ایڈیٹنگ کے فرائض انجام دیئے۔ سیٹھ دل سکھ پنچولی نے ہی شوکت حسین رضوی کو فلم "خاندان" کی ہدایت کاری کا موقع فراہم کیا، ملکہ ترنم نور جہاں ان کی ہیروئن تھیں، یہ فلم بہت کامیاب رہی۔ شوکت حسین رضوی نے فلم کی ہیروئن نور جہاں سے شادی کرلی۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں غیر روایتی موسیقی کا عالمی دن 24 اگست کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں غیر روایتی موسیقی کا عالمی دن 24 اگست کو منایا جائے گا۔ اس دن کو عجیب وغریب موسیقی کے عالمی دن کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ اِس دن کے منانے کا مقصد اُن فنکاروں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے جنہوں نے موسیقی کو اپنا رہن سہن بنایا ہوتا ہے، تاہم وہ اس سے خاطر خواہ مالی فوائد حاصل نہیں کرسکتے اور زیادہ تر گمنامی وکسمپرسی کی حالت میں ہی زندگی بسر کرتے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک میں موسیقی کے اس خاص دن کو ہفتہ بھر تقریبات کی صورت بھی منایا جاتا ہے۔ غیر روایتی موسیقی کے عالمی دن کی مناسبت سے ملک بھر میں سرکاری وغیر سرکاری اداروں اور تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ عام آدمی کو اس حوالہ سے آگاہی فراہم کی جاسکے۔

"استری 2" شردھا کپور کی فلم آتے ہی چھا گئی، ریکارڈ بزنس

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ فلموں کی نامور اداکارہ شردھا کپور اور راج کمار راو کی نئی ہارر کامیڈی فلم "استری ٹو" نے باکس آفس پر آتے ہی تہلکہ مچادیا، فلم کا ٹیزر رواں برس جون میں ریلیز کیا گیا تھا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 15 اگست کو ریلیز ہونے والی بھارتی فلم نے پہلے دن ہی 44 کروڑ روپے کا بزنس کرکے فلمی پنڈتوں اور کاروباری تجزیہ کاروں کو حیرت زدہ کردیا۔ مذکورہ فلم استری ون کا سیکوئل ہے جس کی کہانی ایک چھوٹے سے قصبے کے گرد گھومتی تھی جہاں ایک خطرناک بھوت کا بسیرا ہوتا ہے اس فلم میں ڈراؤنے مناظر کے ساتھ ساتھ کامیڈی سین بھی شامل کیے گئے ہیں۔

میری زبان پھسل گئی تھی؛ آغا، حنا کی طلاق سے متعلق بیان پر مدیحہ نقوی کا یوٹرن

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف ٹی وی میزبان مدیحہ نقوی شوبز انڈسٹری کی مقبول جوڑی آغا علی اور حنا الطاف کے درمیان طلاق کی تصدیق کرنے کے بعد اب بیان سے پیچھے ہٹ گئی ہیں۔ حال ہی میں پاکستان کی سینیئر اداکارہ شگفتہ اعجاز اور ویزہ احمد نے مدیحہ نقوی کے مارننگ شو میں بطور مہمان شرکت کی تھی، جہاں ان دونوں اداکاراؤں نے اپنے کیریئر سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی تھی۔ میزبان مدیحہ نقوی نے شو کے ایک سیگمنٹ کے دوران انکشاف کیا تھا کہ آغا علی اور حنا الطاف کے درمیان طلاق ہوچکی ہے اور فی الحال! دونوں ہی تنہا زندگی گزار رہے ہیں۔ مدیحہ نقوی کی اس تصدیق کے بعد، اُن کے شو کا یہ کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا تھا، حنا الطاف اور آغا علی کی طلاق کی خبر سرخیوں کی زینت بن گئی تھی لیکن اب میزبان اپنے بیان سے منکر گئی ہیں۔ میزبان مدیحہ نقوی نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل کی اسٹوری میں معروف سوشل میڈیا پیج کی پوسٹ شیئر کی جس میں بتایا گیا تھا کہ مدیحہ نقوی نے آغا علی اور حنا الطاف کے درمیان طلاق کی تصدیق کردی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ میرے مارننگ شو میں اداکاراؤں کے درمیان ایک گیم کھیلا جارہا تھا اور اس دوران میری زبان پھسل گئی تھی، مجھے سوچ سمجھ کر بولنا چاہیے تھا۔

بھارتی اداکارہ نے پروڈکشن ڈائریکٹر کی 'کمپرومائز' پر آمادہ کرنے کی چیٹ لیک کردی



ممبئی (این این آئی) بھارت کی ٹی وی اداکارہ پریرنا ٹھاکرے نے کاسٹنگ ڈائریکٹر کی جانب سے ماڈلنگ کیلئے ساتھ رات گزارنے کی پیشکش کی چیٹ لیک کردی۔ بھارت کی کئی اداکارائیں پروڈیوسرز اور ہدایتکاروں کی جانب سے کام کے بدلے جنسی تعلقات بنانے کی پیشکش کا انکشاف کرچکی ہیں اور متعدد نے کھل کر اس معاملے پر بات کی ہے۔ اداکارہ ایشا گپتا نے بھی انکشاف کیا تھا کہ جنسی تعلق بنانے سے انکار پر ایک فلم سے نکال دیا گیا تھا۔ اب ایک بار پھر بھارتی اداکارہ پریرنا ٹھاکرے نے کاسٹنگ کاوچ سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ کے ساتھی اداکار موہت پرمار نے بتایا کہ اداکارہ پریرنا میری دوست ہیں اور انہوں نے مجھے میسج کرکے اپنے ساتھ ہونے والے واقعے کا بتایا ہے، باندرہ میں ساڑھی شوٹ کیلئے اداکارہ سے رابطہ کیا گیا جس کیلئے 40 ہزار بھارتی روپے ملنے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اداکارہ نے اسکائی لائن سپری پروڈکشن کے کاسٹنگ ڈائریکٹر کو میسج کیا

تمام بالی ووڈ اسٹارز بیوقوف اور دماغ سے خالی ہیں، کنگنا رناوت

ممبئی (این این آئی) بھارت کی متنازع اداکارہ و سیاستدان کنگنا رناوت نے بالی ووڈ فنکاروں کو بیوقوف اور خالی دماغ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بالی ووڈ پارٹیز کسی صدمے سے کم نہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کنگنا رناوت نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں اُنہوں نے بالی ووڈ فنکاروں کے بارے میں کھل کر بات کی۔ میزبان کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کنگنا رناوت نے کہا کہ بالی ووڈ میں میرا کوئی دوست نہیں کیونکہ بالی ووڈ سے وابستہ ہر شخص خود غرض، بیوقوف، خالی دماغ اور خود پسند ہے۔ کنگنا رناوت نے کہا کہ بالی ووڈ فنکاروں کے پاس بات کرنے کے لیے کوئی موضوع تک نہیں ہوتا، انہیں یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ دُنیا میں چل کیا رہا ہے، تو ایسے لوگوں سے دوستی کرنے کا فائدہ کیا؟ اداکارہ کی بات سُن کر میزبان نے کہا کہ پوری بالی ووڈ انڈسٹری ایک جیسی نہیں ہوسکتی، جس پر کنگنا نے کہا کہ میں نے بالی ووڈ کو بہت قریب سے دیکھا ہے، مجھے معلوم ہے کہ یہاں سب ایک جیسے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر بالی ووڈ فنکار شوٹنگ نہ کر رہے ہوں تو پھر ان کے پاس دوسرا کوئی کام نہیں ہوتا، یہ دُنیا کے فارغ ترین لوگ بن جاتے ہیں، صبح اُٹھتے ہیں، کچھ دیر ورزش کرتے ہیں، پھر سو جاتے ہیں، پھر اُٹھ جاتے ہیں، بس یہی ان کا معمول ہوتا ہے۔ کنگنا رناوت نے کہا کہ بالی ووڈ فنکاروں کی گفتگو صرف برانڈڈ بیگز یا گاڑیوں تک محدود ہوتی ہے، مجھے آج تک بالی ووڈ میں کوئی ایسا فنکار نہیں ملا جو برانڈڈ چیزوں کے بارے میں بات نہ کرتا ہو۔ اداکارہ نے بالی ووڈ پارٹیز کے بارے میں بات کرتے ہوئے مزید کہا کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ بالی ووڈ پارٹیز بہت شاندار ہوتی ہیں لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ ان پارٹیز میں کوئی بھی اپنی شخصیت، ذہانت، یا فن کے بارے میں بات نہیں کرتا، میرے لیے تو بالی ووڈ پارٹیز ایک صدمے جیسی ہوتی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر 5 بجلی کمپنیوں کو خطوط بھجوائے گئے

آئیسکو، میپکو گیپکو، فیسکو، لیسکو 201 سے 500 یونٹ استعمال کرنے والے شہریوں کے بجلی بلوں میں کمی کریں گی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) پنجاب حکومت نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب اور اسلام آباد کے صارفین کو 14 روپے فی یونٹ ریلیف کے لئے 05 بجلی کمپنیوں کو باضابطہ خطوط بجھوا دیئے گئے، تفصیلات کے مطابق سیکرٹری توانائی پنجاب ڈاکٹر نعیم رؤف کے اسلام آباد، لاہور، گوجرانولہ، فیصل آباد اور ملتان کی ڈسکوز کو خطوط بجھوائے گئے ہیں، 14 روپے فی یونٹ کمی کے حکومتی پیکج کی رقم سے آگاہ کیا جائے، آئیسکو، میپکو گیپکو، فیسکو، لیسکو 201 سے 500 یونٹ استعمال کرنے والے شہریوں کے بجلی بلوں میں کمی کریں گی، بجلی کی اصل لاگت اور ریلیف کے درمیان رقم پنجاب حکومت ادا کرے گی، بجلی کمپنیوں کی جانب سے تقاضے پر پنجاب حکومت مطلوبہ رقم ڈسکوز کو منتقل کردے گی۔

دیپالپور رشوت کا بازار گرم، بغیر رشوت کے کوئی کام نہیں کرتا

تو ذرعی بینک کے سی ایم او لوگوں کے چکر سے چکر لگوا رہے ہیں

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپال پور رشوت کا بازار گرم ہے ہر بندہ رشوت کے بغیر کوئی کام نہیں کرتا تفصیل کے مطابق دیپال پور کا اڈا سکھ پور میں زرعی بینک کے سی ایم او عطاء صاحب لوگوں کے چکر سے چکر لگوار ہے ہیں کوئی کام نہیں کرتے رشوت دو اور قرضہ لو غریب کسانوں نے اپنی فصل کے لیے قرضہ لینے کے لیے آتے ہیں تو ذرعی بینک کے سی ایم او لوگوں کے چکر سے چکر لگوار ہے ہیں تفصیل کے مطابق محمد نذیر قوم بھٹی قرضہ لینے کے لیے 10 چکر لگا چکا ہے لیکن ابھی تک ان کو بینک والوں نے قرضہ نہیں دیا 20 ہزار روپیہ دو اور قرضہ لو محمد عطاء صاحب سی ایم او بہت کرپٹ انسان ہیں غریب لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں اے سی کمرے میں بیٹھ جاتا ہے اور کہتا ہے کہ میں یہاں پر نہیں ہوں کل آجائیں جب کل ادمی جاتا ہے تو پھر کہتا ہے کل آجانا محمد عطاء غریب کسانوں کے ساتھ ڈرامہ کیا ہوا ہے بلا وجہ لوگوں کو پریشان کر رہا ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے ادارے سوئے ہوئے ہیں سی ایم او حکومت سے بھاری بھاری تنخواہیں لے رہے ہیں اور کوئی کام نہیں کر رہا ہے محمد عطاء سی ایم او بہت کرپٹ انسان ہیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حامد ناصر گورایہ کے 2 بچوں کو سانپ نے کاٹ لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حامد ناصر گورایہ کے 2 بچوں کو سانپ نے کاٹ لیا جس پر دونوں بچوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال میں لیجایا گیا۔ جہاں سے علاج معالجہ کے بعد انہیں گھر منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس حامد ناصر کے بچے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں واقع رہائشگاہ میں سو رہے تھے کہ رات کے وقت وہاں پر ایک تین فٹ لمبا زہریلا سانپ داخل ہوا جس نے حامد ناصر گورایہ کی سات سالہ بیٹی اور گیارہ سالہ بیٹے کو کاٹ لیا۔

مریدکے: اقبال پارک سمیت شہر بھر میں ملاوٹ شدہ اور مہنگا دودھ فروخت ہونے لگا

کیمیکل و پوڈر ملا دودھ پینے سے شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے

مریدکے (تحصیل رپورٹر) محلہ اقبال پارک سمیت ٹاون مریدکے اور شہر بھر میں دودھ میں ملاوٹ اور سرکاری نرخ سے زائد ریٹ وصولی کا سلسلہ جاری کیمیکل و پوڈر ملا دودھ پینے سے پیٹ درد اور دیگر بیماریوں میں مبتلا بچوں بڑوں بزرگوں کی کثیر تعداد روزانہ کی بنیاد پر ہسپتالوں کا رخ کرنے لگے محکمہ فوڈ اتھارٹی اور تحصیل انتظامیہ مکروہ دھندہ بند کروانے میں ناکام شہریوں کا وزیر اعلیٰ مریم نواز محکمہ فوڈ حکام اور چیف سیکرٹری سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کیمطابق محلہ اقبال پارک ٹاون مریدکے بوھڑ بستی ٹینکی بازار پیراں منڈی کارخانہ بازار محلہ احمد پورہ سمیت شہر بھر میں دودھ کی دوکانوں پر کھلے دودھ میں کیمیکل اور پوڈر اور کوئی خاص قسم کا محلول شامل کر کے دودھ کی فروخت دھڑلے سے جاری ہے ملاوٹ شدہ دودھ سرکاری نرخ نامہ سے زائد ریٹ پر فروخت کر کے بچوں بڑوں اور بزرگوں کو پیٹ درد سمیت مختلف بیماریوں میں مبتلا کر دیا گیا ہے جس سے ہسپتال بھرے پڑے ہیں شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز چیف سیکرٹری پنجاب فوڈ اتھارٹی حکام سے فوری نوٹس لیتے مکروہ دھندہ بند کروانے کا مطالبہ کیا ہے

مصطفی آباد: نعت میری زندگی عبادت سمجھ کر پڑھتے ہوں: مولانا قاری آصف رشیدی

پاکستان کے کونے کونے میں نعت حمد و ثناء بیان کر چکا ہوں، کبھی کسی سے کوئی مطالبہ نہیں کیا

مصطفی آباد: عالمی ایوارڈ یافتہ پاکستان کے مشہور معروف نعت خواں مولانا قاری آصف رشیدی کے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مختلف انداز

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) نعت میری زندگی ہے، ہم نعت کو عبادت سمجھ کر پڑھتے ہیں، 1997 سے حمد وثناء پڑھ رہا ہوں پاکستان کے کونے کونے میں نعت حمد وثناء بیان کر چکا ہوں، کبھی کسی سے کوئی مطالبہ نہیں کیا، ان خیالات کا اظہار عالمی ایوارڈ یافتہ گولڈ میڈیلسٹ پاکستان کے مشہور و معروف نعت خواں مولانا قاری آصف رشیدی نے پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، مولانا قاری آصف رشیدی نے مزید کہا کہ لوگ انتہائی پیار کرتے ہیں اور ان کا پیار ہی مجھے آگے جانے کا سبب بنا، پاکستان کے علاوہ دنیا کے مختلف ممالک میں بھی نعت پڑھ چکا ہوں، جن میں سر فہرست سعودی عرب، انگلینڈ، ساوتھ افریقہ، دبئی شامل ہیں، نعت پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی ذات بھی راضی ہوتی ہے اور اس کے بندے بھی، جو لوگ ہمیں بلاتے ہیں ہم خوشی سے جاتے ہیں، نعت پڑھنے کا مقصد نبی کریم ﷺ کی تعریف کرنا ہے، آپ ﷺ کی سنت پر عمل کرنے کا جذبہ ہمارے اندر پیدا ہو جائے، اللہ نے بڑی عزت دی ہے، عوام کی یہ محبت صرف اور صرف نعت رسول ﷺ پڑھنے کی وجہ سے ہے، نعت خواں حضرات کو چاہئے کہ وہ نعت رسول ﷺ باوضو ہو کر پڑھیں،

مسلم لیگ کے شعبہ خدمتِ خلق کے ریسکیو انچارج نوید قمر کا دورہ

رمتوقع سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے کارکنان اور اہلیان علاقہ کو آگاہ کیا

سیلابی صورتحال آگاہی مہم
پاکستان مرکزی مسلم لیگ

حافظ آباد: پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے شعبہ خدمتِ خلق کے ریسکیو انچارج نوید قمر مقامی لوگوں کو متوقع سیلاب سے نمٹنے کیلئے انتظامات سے متعلق آگاہ کر رہے ہیں۔

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے شعبہ خدمتِ خلق کے ریسکیو انچارج نوید قمر نے حافظ آباد کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور متوقع سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے کارکنان اور اہلیان علاقہ کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر انھوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دریائے چناب پر حافظ آباد سمیت مختلف علاقوں میں 5 بڑے فلڈ ریلیف کیمپ قائم کر دیئے گئے ہیں اور ٹیمیں الرٹ کر دی گئی ہیں، جو کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ اس موقع پر مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی جنرل سیکرٹری محمد ادریس بھی موجود تھے۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ناگہانی صورت حال میں ہم اہلیان علاقہ کے دکھ درد میں شریک ہیں اور ہمارے کارکنان عوام کی خدمت کے جذبے سے

ملک کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کر دی، محکمہ موسمیات کے ذرائع کے مطابق جہلم، چکوال، راولپنڈی، کشمیر، شمال مشرقی پنجاب، خطہ پوٹھوہار، خیبر پختونخوا، شمالی بلوچستان اور گلگت بلتستان میں تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا ہے، اس دوران شمال مشرقی پنجاب اور کشمیر میں چند مقامات پر موسلا دھار بارش ہونے کی بھی توقع ہے۔

ٹریفک ایجوکیشن وقت کی اہم ضرورت ہے، فرحان اسلم

آیئے ہم سب مل کر ایک مہذب معاشرے کی تکمیل میں اپنا مثبت کردار ادا کریں، سیمینار سے خطاب

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ”ٹریفک ایجوکیشن نہ صرف وقت کی اہم ضرورت ہے، بلکہ یہ حادثات سے بچاؤ کے عمل میں کلیدی کردار کی حامل ہے۔ ٹریفک قوانین پر عمل کرنا ہماری قانونی اخلاقی اور معاشرتی ذمہ داری ہے۔ آیئے ہم سب مل کر ایک مہذب معاشرے کی تکمیل میں اپنا مثبت کردار ادا کریں“ ان خیالات کا اظہار چیف ٹریفک آفیسر فیصل آباد فرحان اسلم نے مقامی میڈیکل کالج کے اساتذہ اور طالب علموں کے ساتھ ”ٹریفک آگاہی سیمینار“ کے موقع پر کیا۔ اس ٹریفک آگاہی سیمینار کا انعقاد انچارج ایجوکیشن یونٹ سٹی ٹریفک پولیس، انسپکٹر ارم ناز اور ان کی ٹیم نے کیا۔ سیمینار میں انچارج ایجوکیشن یونٹ اور دیگر یونٹ ممبران نے حاضرین کو ٹریفک قوانین کی افادیت، لائن لین ڈسپلن، ہیلمٹ کے فوائد اور دوران ڈرائیونگ سیٹ بیلٹ استعمال پر آگاہی لیکچرز دیے۔ چیف ٹریفک آفیسر نے اس موقع پر مزید کہا کہ ”ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس ٹریفک، پنجاب مرزا فاران بیگ کے ویژن اور سٹی پولیس آفیسر فیصل آباد، ڈی آئی جی کامران عادل کی ہدایات کی روشنی میں ”ٹریفک ایجوکیشن“، ”ٹریفک انفورسمنٹ“ اور ”پیشہ ورانہ رویوں“ کے عوامل میں عصر حاضر کے تقاضوں کے تناظر میں مزید جدت اور بہتری لانے کا عمل جاری رہے گا۔“

ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد کو حافظ آباد سے تبدیل کر کے انکی جگہ عبدالرزاق کو حافظ آباد کا نیا ڈپٹی کمشنر تعینات کر دیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد کو حافظ آباد سے تبدیل کر کے انکی جگہ عبدالرزاق کو حافظ آباد کا نیا ڈپٹی کمشنر تعینات کر دیا گیا۔ عبدالرزاق اس سے قبل ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر پنجاب کے طور پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے تھے۔

پنجاب حکومت ٹرانسفر ویڈلاک پالیسی میں ان فیمیل ٹیچرز کو بھی شامل کرے، ریاض احمد تارڑ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ریاض احمد تارڑ صدر پنجاب ٹیچرز یونین نے مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب حکومت ٹرانسفر ویڈلاک پالیسی میں ان فیمیل ٹیچرز کو بھی شامل کرے جن کے خاوند آؤٹ اف ڈسٹرکٹ ملازم نہ ہیں۔ غلط ٹرانسفر پالیسی میکر مسائل پیدا کرتے ہیں۔ جن خواتین ٹیچرز کے خاوند ملازم نہ ہیں اور ان کی شادیاں دوسرے ضلع میں ہوئیں ہیں۔ ان کو ویڈلاک پالیسی میں شامل نہ کرنا انوکھا کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ اور وہ دوسرے ضلع میں ویڈلاک پالیسی کے تحت ٹرانسفر کا حق نہیں رکھتی۔ پنجاب حکومت خواتین کے حقوق کو پامال کر رہی ہے۔ ہماری پنجاب حکومت سے استدعا ہے۔ کہ جناب وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز آپ تو خواتین کے حقوق کی آواز ہیں۔

حافظ آباد صدر پولیس نے قلعہ رامکور کے قریب کاروائی کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش قمر زمان کو گرفتار کر لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد صدر پولیس نے قلعہ رامکور کے قریب کاروائی کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش قمر زمان عرف رنگو سکنہ ونگے کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے 5 کلو چار سو گرام چرس برآمد کر لی اور ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ ملزم عرصہ دراز سے مختلف علاقوں میں منشیات فروخت کر رہا تھا۔

دیپالپور تھانہ صدر: نئے تعینات ایس ایچ او و ٹیم کا بھرپور استقبال

مہمان خصوصی حافظ سلیم سکھیرا راؤ طلعت و دیگر شرکاء نے شرکت کی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور تھانہ صدر دیپالپور میں نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او اعظم چشتی صاحب اور اس کی ٹیم چوکی پکلی پہاڑ کے انچارج محمد تنویر بلوچ Asi اور کلیم حسن زاہد عمران جنجوعہ راؤ یامین کی دعوت پر آنے پر پھولوں کی پتیاں اور ڈھول کی تھاپ پر استقبال کیا گیا جس میں مہمان خصوصی حافظ سلیم سکھیرا راؤ طلعت اور بھی لوگوں نے شرکت کی شرکاء کی تعداد بہت زیادہ تھی صحافی زاہد عمران جنجوعہ سے گفتگو کرتے ہوئے تھانہ صدر دیپال پور کے ایس ایچ او اعظم چشتی صاحب نے کہا ہے کہ میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کر رکھا ہے کاروائی ضرور ہوگی اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف خلاف بھی کریک ڈاؤن کر رکھا ہے جو جرائم کرے گا کاروائی ضرور کروں گا جرائم پیشہ عناصر جتنا بھی بے اثر ہو ان کے خلاف کاروائی ضرور کروں گا بجلی کے ٹرانسفارمر اور بجلی کی کیبل چوری ہوئی ہیں چوروں کو پکڑ کر سخت سے سخت سزا دی جائے گی اور لوگوں کی ریکوری واپس کروں گا جو چوری کرے گا ان کو سزا ضرور ملے گی میرا مقصد ہے میرٹ پر کام کروں گا اور ہر غریب آدمی کو انصاف دوں گا میں اپنے علاقے کو چوروں سے مفیز کروں گا۔

ایف ڈی اے کا غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کیخلاف بھرپور آپریشن

مختلف علاقوں میں دو غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کی کوشش ناکام بنادی

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد اصف چوہدری کی ہدایت پر غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بھرپور اپریشن جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں دو غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کی کوشش ناکام بنا دی۔ آپریشن کے دوران غیر قانونی تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر کے موقع پر ان کے دفاتر کو سیل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ افیسر انیب اسلم رندھاوا کی سربراہی میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے اپکشن کی تو چک نمبر 60 ج ب کی اراضی پر شہباز پورولاز اور چک نمبر 61 ج ب میں میثاق سٹی کے نام سے ہاؤسنگ سکیمیں قائم کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی جن کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ان کے دفاتر کو سیل اور غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا۔ ایف ڈی اے انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ باقاعدہ منظوری کے بغیر ہاؤسنگ سکیمیں قائم کرنے سے اجتناب کیا جائے بصورت دیگر مزید خلاف ورزیوں پر قصورواروں کیخلاف فوجداری مقدمات بھی درج کروائے جا سکتے ہیں۔

صدر سیالکوٹ چیمبر عبدالغفور ملک نے سید عارف حسین کو ایوارڈ سے نوازا

سنئیر صحافی کی پیشہ وارانہ خدمات کے معترف ہیں، اویس احمد بٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ عبدالغفور ملک و سنئیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وہب جہانگیر کی زیر صدارت منعقدہ تقریب میں سنئیر صحافی و کالم نویس سید عارف حسین شاہ کو بیسٹ پرفارمنس ایوارڈ دیا گیا۔ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ڈپارٹمنٹل کمیٹی برائے میڈیا کے چیئرمین اویس احمد بٹ کی دعوت پر سنئیر صحافی و کالم نویس سید عارف حسین شاہ کو انکی پیشہ وارانہ خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ ملنے پر پریس کلب کوٹلی لوہاراں کے صحافیوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اس موقع پر اپنے میڈیا بیان میں سید عارف حسین کا کہنا تھا کہ اللہ تعالی کا بے حد شکر گزار ہوں جو عزتوں کا مالک ہے۔ خواہش ہے کہ ملک و قوم کی بہتری کیلئے گرین جرنلزم کو فروغ دینے میں مثبت عملی کاوشیں کی جائیں۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ایلیٹ جوان کی عیادت

دو کمسن بچے تین سالہ محمد علی اور تین سالہ منیزہ گمشدہ بچوں کو چند گھنٹوں میں تلاش کر کے والدین کے حوالے کر دیا

مریدکے: ڈی پی او شیخوپورہ دوران ڈکیتی مزاحمت پر زخمی ہونیوالے اہلکار کی عیادت کرتے ہوئے دوسری طرف ایس ایچ او تھانہ سٹی گمشدہ بچوں کو اہلخانہ سے ملوار ہے ہیں۔

مریدکے (تحصیل رپورٹ) ایک طرف پولیس کا اپنوں سے ملوانے کا سلسلہ جاری تو دوسری جانب ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ایلیٹ کے بہادر جوان کی عیادت کی مثال سے کم نہیں شہریوں نے نے پولیس کے اقدام کو سراہا تفصیل کیمطابق تھانہ سٹی مریدکے نے دو کمسن بچے تین سالہ محمد علی اور تین سالہ منیزہ گمشدہ بچوں کو چند گھنٹوں میں تلاش کر کے والدین کے حوالے کر دیا بحفاظت بچے واپس ملنے پر والدین کا ایس ایچ او ولی حسن پاشا سمیت اے ایس آئی فلک شیر سے اظہار تشکر پیش کیا دوسری جانب ڈکیتی کے دوران ڈکیتی ناکام بناتے ہوئے مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ایلیٹ کے بہادر جوان نوید کی اسپتال میں عیادت کی ڈی پی او بلال ظفر شیخ کا کہنا تھا کہ ایلیٹ فورس کے نوجوان نے جرآت اور بہادری کا مظاہرہ کیا ہے محکمہ ایسے بہادر اور جرآت مندانہ عمل کو خراج تحسین پیش کرتا ہے محکمہ اپنے جوانوں کے ساتھ کھڑا ہے مزید کہا کہ ایس ایچ او ولی حسن پاشا کی اچھی کارکردگی کے حوالے سے سٹی تھانہ مریدکے ضلع بھر میں دوسرے نمبر پر ہے جہاں پر کرائم پر قابو پانے کیساتھ شہریوں سے رابطے خوش آئند ہیں۔

نارنگ منڈی: چوری اور ڈکیتی کا سلسلہ نہ تھم سکا، پولیس بے بس

تھانہ نارنگ کا علاقہ ڈکیتوں کیلئے جنت بن گیا، شہری لٹنے پر مجبور

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوری اور ڈکیتی کا سلسلہ نہ تھم سکا پولیس بے بس ڈاکوؤں کی موجیں لگ گئیں تھانہ نارنگ کا علاقہ ڈکیتوں کیلئے جنت بن گیا بوملکی کا رہائشی اکرم علی دوستوں کے ہمراہ جار ہا نارووال لاہور شاہراہ پر نہرے تھہ دربار کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے 1 لاکھ 5 ہزار روپے نقدی دو موبائل فونز اور ہنڈا 125 موٹر سائیکل مالیت دو لاکھ روپے چھین کر لے گئے نواحی گاؤں ننگل میں سکندر کی حویلی سے 1 لاکھ 70 ہزار روپے مالیت کی کھاد ڈیزل اسپرے مشین وغیرہ سمیت زرعی سامان چوری ہو گیا نارووال کا رہائشی محمد عثمان دوستوں کے ہمراہ ملک پور جھال پر سیر کرنے گئے جھال کے قریب کھڑی کی ہنڈا 70 موٹر سائیکل غائب ہو گئی نامعلوم چور منج نگڈ میں سلیمان علی کی حویلی سے 1 لاکھ روپے مالیت کے بکرے چوری کر کے لے گئے محلہ پیر بخاری میں نواز عاشق کے گھر سے دو موبائل فون چوری ہو گئے نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا

تھانہ سٹی سے چند گز پر مسلح ڈاکوؤں کی میڈیکل سٹور پر ڈکیتی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ سٹی سے چند گز کے فاصلے لاہور روڈ چونگی نمبر تین کے قریب مسلح ڈاکوؤں کی میڈیکل سٹور پر ڈکیتی کی واردات کی ہے اور متاثرین کے مطابق مسلح 3 ڈاکو 1 لاکھ سے زائد مالیت کے نقدی و موبائل لوٹ کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ہیں، عابد میڈیکل سٹور مالک کا کہنا ہے کہ مسلحہ ڈاکوؤں کی جانب سے واردات کے بعد جاتے ہوئے انکے سکیورٹی گارڈ پر بھی فائرنگ کی ہے، جس سے خوف وہراس پھیلا گیا۔

تھانہ بھکھی: نواحی قصبہ باھومان روڈ سے دن دیہاڑے کیری ڈبہ سوار ملزمان نے شادی شدہ عورت کو اغواء کر کے فرار ہو گئے

فیروزوٹواں (نامہ نگار) تھانہ بھکھی کے نواحی قصبہ باھومان روڈ سے دن دیہاڑے کیری ڈبہ سوار ملزمان نے شادی شدہ عورت کو اغواء کر کے فرار ہو گئے باھومان کے رہائشی منیر شاہ ولد ولی شاہ نے تھانہ بھکھی میں دی جانے والی تحریری درخواست میں کہا کہ میں اور میری بیوی شہزادی بانو چونگی پھاٹک سے رکشہ پر سوار ہو کر بھکھی آئے اور وہاں سے تقریباً 15.7 بجے شام پیدل گاؤں باھومان کی طرف جا رہے تھے کہ راستے میں سوئی گیس سڑک چوک کے قریب پیشاب کرنے بیٹھ گیا اسی دوران ایک کیری ڈبہ پیچھے سے آیا جس میں ایک عورت سمیت تین افراد سوار تھے ملزمان نے کیری ڈبہ روک کر میری بیوی کو دبوچ کر کیری ڈبہ میں پھینک لیا اور تیز رفتاری سے فرار ہو گئے واضع رہے کہ بھکھی پولیس نے زیر دفعہ 376A کے تحت مقدمہ درج کر کے مغویہ کی تلاش شروع کر دی ہے

ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد کا تھانہ رجوعہ، تھانہ کوٹ وساوا کا دورہ

پولیس اسٹیشنز کی عمارت حوالات میس فرنٹ ڈیسک اور ریکارڈ کی چیکنگ کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے تھانہ رجوعہ، تھانہ کوٹ وساوا کا وزٹ کیا۔ دوران وزٹ شہریوں کو جدید تقاضوں کے مطابق فراہم کردہ پولیس سروسز کے طریقہ کار کو چیک کیا۔ دوران وزٹ پولیس اسٹیشنز کی عمارت حوالات میس فرنٹ ڈیسک اور ریکارڈ کی چیکنگ کی گئی۔ ڈی پی او نے پولیس اسٹیشنز میں موجود لوگوں کے مسائل سنے اور پولیس سروسز کے حوالے سے فیڈ بیک لیا۔ اس موقع پر ڈی پی او عبداللہ احمد نے پولیس اسٹیشن عملہ کو ہدایت کی کہ جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ پبلک سروس ڈیلوری کو بہتر بناتے ہوئے پولیس سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ پولیس افسران عوام کی خدمت کو نصب العین بنا کر اپنے فرائض نیک نیتی اور محنت سے سر انجام دیں۔ ماڈل پولیس اسٹیشن میں شہریوں کو بروقت راہنمائی اور جدید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ کمیونٹی پولیسنگ کی طرز پر شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ ڈی پی او نے پولیس افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے، گشت کا نظام مزید موثر کیا جائے۔

بڑا انسان بننے کے لئے ضروری ہے کہ انسانیت کی خدمت کی جائے، محمود صادق دھوتھڑ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ممتاز ماہر تعلیم محمود صادق دھوتھڑ نے اسکاؤٹس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ بڑا انسان بننا چاہتے ہیں تو اسکے لئے ضروری ہے کہ انسانیت کی خدمت کی جائے اور ہمارا سب سے بڑا فخر مسلمان اور سرکار نبی کریم ﷺ کا امتی ہونا ہے۔ انہوں نے کہا اسکاؤٹس کے لئے یہ اعزاز کی بات ہے کہ اللہ رب العزت نے انہیں انسانوں کی خدمت کے لئے چن لیا ہے۔ بعد ازاں اسکاؤٹس نے اپنی فن کا مظاہرہ بھی کیا۔

انسپکٹر سید قیصر عباس شاہ نے مسجد میں کھڑے ہو کر لوگوں کے ضمیر کو جھنجھوڑ ڈالا

کشمیر کالونی کے 10،15 منشیات فروش ہزاروں چراغ گل کرنے پر تلے ہیں، سید قیصر عباس شاہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ایس ایچ او تھانہ صدر انسپکٹر سید قیصر عباس شاہ نے مسجد میں کھڑے ہو کر لوگوں کے ضمیر کو جھنجھوڑ ڈالا۔ منشیات فروشوں کی کیا اوقات ہے کے ہماری نسل کو تباہ برباد کریں ہم خود کمزور ہیں کشمیر کالونی کے 15،10 منشیات فروش ہزاروں گھروں کے چراغ گل کرنے پر تلے ہیں اگر 500 بندہ سامنے کھڑا ہو جائے تو ان 10,15 کی جرآت ہی نہیں منشیات فروشی کر جائیں اوقات ہی نہیں انکی ہم سب کو یک جاں ہو کر اس مکرو دھندہ کرنے والے درندوں کو جواب دینا ہو گا تا کہ ہماری نئی نسل تباہ برباد ہونے سے بچ جائے منشیات فروشوں کیخلاف مہم میں ہمارا ساتھ دیں ان منشیات فروشوں کا قلعہ قمع کر کے ہی دم لیں گے۔

جھنگ: پولیس کی آئی ٹی ٹیم نے 44 چوری/گم شدہ موبائل برآمد کر لئے

ڈی پی او کی ہدایت پر منعقدہ تقریب میں برآمد موبائلز شہریوں میں تقسیم کر دیئے گئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس کی محنت و مہارت اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے موثر نتائج، رواں ماہ میں جھنگ پولیس کی آئی ٹی ٹیم نے چوری اور گم شدہ 44 عدد موبائل فونز برآمد کر لئے، ڈی پی او جھنگ محمد راشد ہدایت نے منعقدہ ایک تقریب میں برآمدہ موبائل فونز شہریوں میں تقسیم کئے۔ شہریوں نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے جھنگ پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔ اور ڈی پی او محمد راشد ہدایت کا شکریہ بھی ادا کیا، اس موقع پر ڈی پی او محمد راشد ہدایت کا کہنا تھا کہ جھنگ پولیس شہریوں کی دادرسی اور خدمت و تحفظ کیلئے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے۔ کرائم کے خلاف موثر ترین عملی کاروائیوں کو یقینی بنا کر موثر نتائج حاصل کر رہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کی خدمت کا سفر جاری رکھا جائے گا۔

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت تین سو سے زائد مستحق خواتین کا اندراج

حبیب الرحمن ہراج کی درخواست پر گورنمنٹ پرائمری سکول حویلی لال میں کیمپ لگایا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ کے علاقہ حویلی لال میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت تین سو سے زائد مستحق خواتین کا اندراج کیا گیا۔ سماجی شخصیت حبیب الرحمن ہراج کی درخواست پر گورنمنٹ پرائمری سکول حویلی لال میں کیمپ لگایا گیا جس میں ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ملک احسان اللہ کمبوہ اور فیلڈ آفیسر مہر اعجاز بھوجیہ نے ترجمان لیبر قومی موومنٹ علی سفیان کے ہمراہ تین سو سے زائد خواتین کا اندراج کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام احسان اللہ کمبوہ کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے مستحق خواتین کو امدادی رقوم کے ذریعے کفالت کے پروگرام میں جھنگ کا عملہ پوری ایمانداری اور تن دہی سے کام کر رہا ہے اور خواتین کو مشکلات سے بچانے کے لئے مختلف علاقہ جات میں کیمپ لگائے جا رہے ہیں تا کہ خواتین کو ان کی دہلیز پر تمام تر سہولیات مہیا کی جاسکیں۔ فیلڈ آفیسر مہر اعجاز بھوجیہ کا کہنا تھا کہ اب تک جھنگ میں ہزاروں خواتین کا اندراج کیا جا چکا ہے تاہم ان کی مرکزی دفتر میں جانچ پڑتال کے بعد امدادی رقوم فراہم ہونا شروع ہو جائیں گی

جہلم بھکاریوں کی تعداد میں حد سے زیادہ اضافہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بھکاریوں کی تعداد میں حد سے زیادہ اضافہ، بھیک مانگنے کے بہانے جرائم بھی کرنے لگے، قانون نافذ کرنے والے ذمہ داران خاموش۔ شہر کے مصروف چوک چوراہوں گلی محلوں شہر کی سڑکوں پر جگہ جگہ بھکاری، عورتوں بچوں اور مردوں کی ٹولیاں مٹر گشت کرنے میں مصروف، بھکاریوں و بھکارنوں کی بڑی تعداد چوری چکاری میں ملوث ہونے کی بھی اطلاعات، شہریوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ملحقہ علاقوں میں بھکاریوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہو چکا ہے، بھکاری بھیک مانگنے کے بہانے جرائم کرنے سے بھی گریزاں نہیں کرتے، شہر کے چوک چوراہوں گلی محلوں، اندرون شہر کی سڑکوں اور مصروف ترین کاروباری جگہوں پر بھکاری عورتوں بچوں اور مردوں کی ٹولیاں کھڑی دکھائی دیتی ہیں اور عورتیں مردوں کو زبردستی روک کر بھیک لئے بغیر نہیں چھوڑتیں، یہ بھکاری بھیک مانگنے کے بہانے مختلف جرائم کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے، بازاروں میں رش کا فائدہ اٹھا کر بھکارنیں خواتین کے پرس پیسے اور دیگر اشیاء چرا لیتی ہیں جس کی وجہ سے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ ہو چکا ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذمہ داران بھکاریوں و بھکارنوں کے خلاف کسی قسم کی کاروائی نہیں کر رہے جس کیوجہ سے بھکاریوں نے جہلم شہر کو اپنے شکنجے میں جکڑ رکھا ہے۔

منشیات کا بڑا ڈیلر اروپ پولیس کی گرفت میں، کروڑوں روپے مالیت کی منشیات کی بڑی کھیپ برآمد

میاں، بیوی پولیس کی حراست میں، ملزمان کے قبضہ سے 104 کلو سے زائد منشیات اور 3 لاکھ روپے سے زائد نقدی برآمد

منشیات میں 05 کلو 760 گرام آئس، 23 کلو 670 گرام چرس، 27 کلو 950 گرام ہیروئن، 47 کلو 570 گرام افیون برآمد

نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے، سی پی او

گوجرانوالہ: منشیات کا بڑا ڈیلر تھانہ اروپ پولیس کی حراست میں ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر محمد رضا تنویر، ایس پی انویسٹی گیشن اور ایس پی سول لائنز پریس کانفرنس میں تفصیلات بتا رہے ہیں۔

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن فرحت عباس کی قیادت میں، ڈی ایس پی کینٹ اعجاز احمد کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ اروپ سب انسپکٹر زبیر سیال اور انکی پولیس ٹیم نے پیشہ ورانہ مہارت کی بدولت منشیات فروشوں کے خلاف غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بد رویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات فروشی کے دھندے میں ملوث میاں بیوی کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار کیے گئے ملزمان کے قبضہ سے 104 کلو سے زائد منشیات اور 3 لاکھ سے زائد نقدی برآمد کر لی۔ قبضہ میں لی گئی منشیات میں پانچ کلو سات سو ساٹھ گرام آئس، تئیس کلو چھ سو ستر گرام چرس، ستائیس کلو نو سو پچاس گرام ہیروئن اور سینتالیس کلو پانچ سو ستر گرام افیون شامل ہے۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں ریکارڈ یافتہ منشیات فروش محمد یوسف اور فہمیدہ بی بی شامل ہیں۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرنے پر لوگوں کا مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ضلعی پولیس کی تندہی سے انجام دی جانے والی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ ریکارڈ تعداد میں منشیات فروشوں کی گرفتاری اور ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں منشیات کی برآمدگی قابل تعریف ہے۔ سی پی او نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کے لئے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا موثر کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ایس ایچ او تھانہ اروپ سب انسپکٹر زبیر سیال اور انکی پولیس کی ٹیم کو شاباش دی۔

ڈی پی او محمد راشد ہدایت کا تھانہ کوتوالی اور تھانہ صدر کا سرپرائز وزٹ

ڈی پی او نے تھانہ جات کے جملہ دفاتر، مالخانہ، حوالات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی

ملزمان کو سخت موسم میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے حوالے سے احکامات جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او محمد راشد ہدایت کا تھانہ کوتوالی اور تھانہ صدر کا سرپرائز وزٹ، ڈی پی او نے تھانہ جات کے جملہ دفاتر، مالخانہ، حوالات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی، حوالات میں بند ملزمان کو سخت موسم میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے حوالے سے احکامات جاری کیے۔ پولیس افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے ڈی پی او محمد راشد ہدایت کا کہنا تھا کہ وزیراعلی پنجاب، انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور آر پی او فیصل آباد کے ویژن کے مطابق درخواست ہائے اور تفتیش مقدمات مقررہ وقت میں مکمل کی جائیں، اشتہاری مجرمان، حساس و اہم نوعیت کے مقدمات میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے مقدمات کو میرٹ پر یکسو کیا جائے اور منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کیا جائے۔ سرچ آپریشنز کو مزید وسیع کیا جائے۔ اس موقع پر ڈی پی او نے تھانہ میں آئے درخواست گزار شہریوں سے ملاقات بھی کی اور ان سے پولیس سروسز اور رویے کی بابت استفسار بھی کیا۔

دیپالپور کا گاؤں نہراوالہ میں چوری کی واردات، ٹرانسفارمر کی کوائل چوری

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کا گاؤں نہراوالہ میں چوری کی واردات رات کو چوروں کی ایک اور واردات 24-8-13 چک نہروں والا تحصیل دیپال پور ضلع اوکاڑا کی ابادی نجی والا کھوہ میں محمد اکرم والد نذر محمد رات کو چوری کی ایک اور واردات 24-8-13 چک نہروں والا تحصیل دیپال پور ضلع اوکاڑا کی ابادی نجی والا کھوہ میں محمد اکرم والد محمد جھیڈو کی بجلی ٹیوب ویل پر رات کو تین چار نامعلوم مسلح چور آئے اور رات کے تقریبا دو بجے کھمبے پر چڑھ کر ٹرانسفارمر کی تین کوائل نکال کر لے گئے اور ساتھ موٹر کی کاپر کی تاریں بھی لے گئے ابادی کے لوگوں نے بات کرتے ہوئے بتایا کہ تین سے چار لاکھ کا نقصان کر گئے ہیں۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

نے کہا کہ خدمت میں مصروف تمام ریسکیو ورکرز، ڈاکٹرز، نرسز، امدادی کارکنان کو سلام پیش کرتی ہوں۔ انسانیت کی خدمت کو عبادت سمجھتی ہوں۔ عوام کی خدمت کے لیے تعلیم، صحت اور فلاحی منصوبے اولین ترجیح ہیں۔ انسانیت کی خدمت ہمارا منشور اور نصب العین ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ انسانیت کی خدمت کے لیے پاکستان کا پہلا ائرایمبولینس پراجیکٹ لانچ کیا ہے۔ خدمت کا عزم نبھاتے ہوئے اسپتال اور مراکز صحت کی اپ گریڈیشن شروع کی ہے۔ فیلڈ اسپتال، کلینک آن ویلز اور مفت ادویات دہلیز پر پہنچائی جارہی ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ انسانیت کی خدمت کا مشن پورا کرنے کے لیے ریسکیو 1122 کو موٹرویز پر تعینات کیا جارہا ہے۔ ایسے معاشرے کی تشکیل چاہتے ہیں جہاں ہر انسان کو عزت و وقار کے ساتھ جینے کا حق حاصل ہو۔ انسانیت کے خدمت گار بنیں، جو مشکل میں ہو اس کی مدد کریں، یہ فرض بھی ہے اور ہماری روایت بھی۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کی خدمت سنت نبویﷺ بھی ہے اور اس سے اللہ تعالیٰ بھی راضی ہوتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

تبدیلی کے ارمان پر پانی پھیر دیا، پی پی ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ ن لیگ کامران ٹیسوری کی تبدیلی کی زبان سے مُکر گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ن لیگ نے پی پی قیادت کو کامران ٹیسوری کی یقین دہانی کرائی تھی اور تبدیلی پر اتفاق ہوا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ پی پی قیادت کا کامران ٹیسوری کی تبدیلی کیلئے حکومتی شخصیت سے رابطہ ہوا تھا، جس میں پی پی سندھ کو کامران ٹیسوری کی جلد تبدیلی کی اطلاع دی گئی تھی۔ ذرائع نے کہا کہ ن لیگ سے گورنر کی تبدیلی کی یقین دہانی پر میڈیا کو خبر لیک کی گئی، سندھ حکومت کے کامران ٹیسوری سے اچھے ورکنگ ریلیشن نہیں ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ صوبائی حکومت کامران ٹیسوری کے اوور ایکٹیو ہونے سے نالاں ہے، وہ متعدد بار سندھ حکومت کی ڈانٹ کی وجہ بنے ہیں، وہ کراچی میں سندھ حکومت سے زیادہ ایکٹیو ہیں۔ ذرائع کے مطابق کامران ٹیسوری صوبائی حکومت کے مقابلے زیادہ پروجیکشن لیتے ہیں اور محدود صوابدیدی فنڈز کے باوجود گورنر سندھ متحرک نظر آتے ہیں، پی پی قیادت گورنر سندھ کی وجہ سے پارٹی پر اظہار برہمی کرچکی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

اقبال چنڑ نے قائم مقام اسپیکر پنجاب اسمبلی کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ اس حوالے سے پنجاب اسمبلی سیکریٹریٹ نے نوٹیفکیشن جاری کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 4

معیشت دونوں کو مالی طور پر ناقابل عمل بنا رہا ہے۔ پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ گردشی قرضوں میں اضافے کی بڑی وجوہات میں بھاری لائن لاسز، کم وصولیاں اور بجلی کی چوری شامل ہیں۔ ڈسٹری بیوشن کمپنیاں زیادہ لائن لاسز والے علاقوں میں ریونیو کی بنیاد پر لوڈشیڈنگ کرتی ہیں۔ دوسری طرف، مرکزی پول کے لیے بجلی کی قیمت میں ہوشربا اضافے کے رجحان کے پیش نظر، بعض اوقات صارفین تک پہنچانے کے لیے اتنی مہنگی بجلی خریدنا معاشی اور مالی طور پر ناقص ہوجاتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایک کمیٹی نے اپنی تفصیلی رپورٹ 31 جولائی 2024 کو پیش کی۔ کمیٹی نے نہ صرف نیپرا ایکٹ میں بلکہ نیپرا پرفارمنس اسٹینڈرڈز (تقسیم) رولز 2005 میں بھی ترامیم تجویز کی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاور ڈویژن نے رپورٹ میں ان سفارشات کی توثیق کی ہے۔ نیپرا ایکٹ اور رولز میں تجویز کردہ سفارشات اور ترامیم کی بنیاد پر قانون سازی کے مقدمات کو نمٹانے کی کابینہ کمیٹی (سی سی ایل سی) سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ ان ترامیم کا جائزہ لے اور کابینہ کی منظوری کے لیے ان کی سفارش کرے تاکہ پارلیمنٹ میں آگے غور کیا جا سکے۔ چونکہ نیپرا ایکٹ میں نئے تجویز کردہ اور کارکردگی کے معیارات سی سی ایل سی اور بعد وفاقی کابینہ سے منظور کیے گئے ہیں، انہیں حتمی منظوری کے لیے قومی اسمبلی اور سینیٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق فنانس ڈویژن نے پاور ڈویژن سے ریونیو کی بنیاد پر لوڈشیڈنگ پر مجوزہ ترامیم پر نیپرا اور این ٹی ڈی سی کے خیالات شیئر کرنے کو کہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

لائرز فورم کے وکلاء جواد اصغر، ملک طارق نون، ڈاکٹر علی عمران اور آصف ساہی کی مشکور ہوں جنہوں نے عدالتی کارروائی میں بہترین معاونت اور رہنمائی کی، یہ وکلاء پارٹی کی بے لوث خدمت کررہے ہیں، یہی لوگ پارٹی کا اصل اثاثہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک صحافی کی جانب سے جو الزام عائد کیا گیا ہے میں اس کی سختی سے تردید کرتی ہوں، میں حلف دے کر کہتی ہوں مجھے بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کبھی بھی فیض حمید سے رابطہ کرنے کا نہیں کہا۔ فیض حمید یا عطاء بندیال سے رابطے کیلئے ''اعظم سواتی'' کے نام کو بطور کوڈ ورڈ استعمال کرنے کی جو بات کی گئی وہ صرف مفروضہ ہے، جس روز بانی پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری ہوئی انہوں نے مجھے بالکل بھی فیض حمید سے رابطے کیلئے نہیں کہا۔ انہوں نے کہا کہ صحافی نے ایک مفروضہ بنایا کہ مجھے بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کال کی اور اعظم سواتی سے رابطہ کرنے کا کہا اور کوڈ ورڈ میں اعظم سواتی سے مراد جسٹس (ر) بندیال یا لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید تھا۔ اس روز مجھے بانی پی ٹی آئی عمران خان جسے بھی کال کرکے رابطہ کرنے کا کہتے میں رابطہ کرتی کیونکہ وہ مشکل ترین وقت تھا، میں ان کی ترجمان بھی تھی، وہ مجھ پر اتنا ہی اعتبار کرتے ہیں جتنا اپنی بہنوں پر کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی قیادت میں سب سے پہلی ترجیح بجلی کے بلوں میں ریلیف دینا تھا، وفاقی حکومت نے پورے ملک میں ایک یونٹ سے لے کر 200 یونٹ تک کے تمام بجلی صارفین کو 50 ارب روپے کی سبسڈی دی، یہ رقم ترقیاتی بجٹ سے کٹوتی کرکے بجلی کے بلوں میں ریلیف کے لئے دی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ بعدازاں پنجاب حکومت نے اپنے فنڈز سے 45 ارب روپے کی کٹوتی کرکے 201 یونٹ سے لے کر 500 یونٹ تک کے صارفین کو سبسڈی فراہم کی، وفاق موجودہ حالات میں جو کرسکتا ہے، وہ کررہا ہے، پنجاب حکومت نے بھی ایک احسن اقدام اٹھایا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام سٹیک ہولڈرز ریلیف کے اس ماڈل کو سراہیں، پنجاب حکومت نے جو اقدام اٹھایا وہ دوسرے صوبوں کیلئے ترغیب ہے، پنجاب حکومت نے اپنے ترقیاتی بجٹ میں سے رقم نکال کر ریلیف دیا، دوسری صوبائی حکومتیں بھی اپنے طور پر بجلی کی قیمت میں ریلیف دے سکتی ہیں۔ عطا تارڑ کا مزید کہنا تھا کہ ہم سوچ رہے تھے پنجاب حکومت کے اقدام کو سراہا جائے گا، بدقسمتی سے سندھ حکومت اور جماعت اسلامی نے تنقید شروع کردی۔

بقیہ بقیہ جات 7

آباد کی بجلی کمپنی کے ساتھ لاہور گوجرانوالہ، فیصل آباد اور ملتان کی بجلی کمپنیوں کو خطوط بھیج دیے گئے ہیں۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ 201 ایک سے 500 یونٹ تک استعمال کرنے والوں کو اگست اور ستمبر کے مہینوں میں 14 روپے فی یونٹ سستا دیا جائے گا، یہ ریلیف پنجاب کے بجٹ سے دیا گیا ہے، دیگر صوبوں کو بھی اختیار ہے کہ وہ اپنے بجٹ سے ریلیف دیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صوبے میں 500 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والوں کو 2 ماہ کیلئے 14 روپے فی یونٹ تک ریلیف دینے کا اعلان کیا تھا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھی وزیراعلیٰ پنجاب کے بجلی کی قیمتوں میں ریلیف کے اقدامات کو سراہا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 8

ایک درخواست دائر کی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے نیب کو نوٹس جاری کرتے ہوئے بدھ تک جواب طلب کرلیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے ٹرائل کورٹ کو 190 ملین پاؤنڈ کیس کا حتمی فیصلہ سنانے سے روکتے ہوئے سماعت بدھ تک ملتوی کردی۔ یاد رہے کہ 16 اگست کو سابق وزیراعظم عمران خان نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں 190 ملین روپے کرپشن کیس میں ٹرائل روکنے کے لیے درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 9

مریم نواز نے اپنے صوبے کے فنڈز سے اپنے عوام کو ریلیف دیا ہے، آپ حسد نہ کریں ہمت کریں اور سندھ کے عوام کو ریلیف دیں، عوامی ریلیف کے اقدام پر فضول قسم کی سیاست کرنا باعث تعجب ہے، مریم نواز نواز شریف کی بیٹی ہے اور نواز شریف نے ہمیشہ عوام کی بات کی ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے مزید کہا کہ عوامی جماعت ہونے کے دعویدار کے تمام وزرا اور ترجمان تین دن سے عوامی ریلیف کے ہی خلاف بیانات دے رہے ہیں، جب آپ عوام کے دعویدار بنتے ہیں تو مشکل کی گھڑی میں عوام کو ریلیف دینے سے گھبرا کیوں رہے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہمت کریں آپ بھی سندھ کے عوام کو ریلیف دیں، تحریک انصاف کی لائن فالو مت کریں۔

بقیہ بقیہ جات 10

مینڈیٹ چوروں کیا انٹرنیٹ سلو کرنے کے غیر آئینی اقدام سے عوام رُل رہے ہیں۔ سلو انٹرنیٹ نے ای کامرس انڈسٹری کو اربوں روپے کا نقصان پہنچادیا۔ ملک میں سلو انٹرنیٹ نے ڈیجیٹل اور آئی ٹی سیکٹر کو تباہ کرکے رکھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسرے ممالک میں سرکار شہریوں کو فائیو جی اور جدید انٹرنیٹ سروس فراہم کررہی ہے جب کہ یہاں پاکستان میں نااہل ٹولے نے ہر شعبے کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ نااہل وفاقی مینڈیٹ چور ٹولے نے مملک کو پتھر کے زمانے میں دھکیل دیا ہے۔ بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ فارم 47 ٹولے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر بھی پابندی لگائی ہے۔ ڈیجیٹل رائٹس اور انسانی حقوق کی تنظیمیں پاکستان میں فائر وال، سوشل میڈیا بندش اور سلو نیٹ پر آواز بلند کریں۔

بقیہ بقیہ جات 11

پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دادو میں 45 بچیوں کی کم عمری میں شادی کی خبر کا وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے نوٹس لیا ہے۔ شرمیلا فاروقی کا کہنا ہے کہ سندھ سب سے زیادہ سیلاب سے متاثر ہوا ہے، سیلاب کی وجہ سے بھی غربت میں اضافہ ہوا ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ طبی سہولتیں سب سے بہترین سندھ میں ہیں، سندھ میں سب سے زیادہ ووٹ پیپلز پارٹی کو ملتے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما و ایم این اے ڈاکٹر شرمیلا فاروقی نے یہ بھی کہا ہے کہ سندھ حکومت واحد حکومت ہے جس نے بڑھ چڑھ کر متاثرین سیلاب کے لیے کام کیا۔

بقیہ بقیہ جات 12

پختونخوا میں بجلی کے نرخوں میں کمی نہ کی گئی تو ہم ایک ماہ بعد اسلام آباد کا رخ کریں گے اور دھرنا دیں گے۔ ایمل ولی نے کہا کہ جس صوبے میں آئی پی پیز کی بھرمار ہے وہاں ووٹ بینک کی خاطر بلوں میں کمی کی جارہی ہے، خیبرپختونخوا میں آئی پی پیز سے ایک میگاواٹ بجلی بھی پیدا نہیں ہورہی تو یہاں عوام ان کا بوجھ کیوں برداشت کریں؟ انہوں نے کہا کہ پیداواری لاگت کے حساب سے پختونخوا میں بجلی کے نرخوں کا تعین صوبے کا حق ہے، بجلی اور گیس کی مد میں پختونخوا کے بقایاجات کی ادائیگی کیلئے وفاقی حکومت ہنگامی اقدامات کرے۔

بقیہ بقیہ جات 13

نے کہا کہ کراچی کی خرابی میں بہت لوگ شامل ہیں۔ کراچی کے بارے میں جو گمان پیدا ہوگیا ہے اس میں حقیقت نہیں ہے۔ کراچی میں اس سال 200 ارب روپے سے زائد خرچ ہوں گے۔ مراد علی شاہ کا کہنا تھا سیلاب زدگان کے لیے گھر بنانے کا بڑا منصوبہ شروع کیا، ہم سیلاب زدگان کو 21 لاکھ گھر بنا کر دے رہے ہیں۔ پانی، ٹرانسپورٹ، کھیلوں کے میدان اور دیگر منصوبوں پر کام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تھر کے کوئلے کی دریافت اور اس کی ڈویلپمنٹ میں اہم رول رہا ہے۔ تھر کول کے پلانٹس کی انرجی کی قیمت 5 روپے فی یونٹ آرہی ہے، تھر کول پلانٹس سے 2640 میگاواٹ بجلی پیدا ہورہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

دوسرے سال یہ تنخواہ 11 لاکھ 29 ہزار، تیسرے سال 12 لاکھ 42 ہزار، چوتھے سال 13 لاکھ 66 ہزار روپے ہو جائے گی۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ضیاالقیوم کے جاری کردہ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ تنخواہ کا پیکج تمام وائس چانسلرز/ ریکٹرز/ سربراہوں کے لیے قابل قبول ہوگا، جن کا تقرر بالترتیب ان کے ایکٹ/ آرڈیننس میں بیان کردہ سرچ کمیٹی کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا۔ تنخواہ کا پیکج متعلقہ حکومتوں کے فنانس ڈویژن کی رضامندی سے اور پاکستان کی پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے چانسلرز کے ذریعے منظور شدہ ہوگا، جس کی حتمی منظوری صدر پاکستان دیں گے۔ وفاقی حکومت کی طرف سے ٹینور ٹریک سسٹم پر پروفیسر کی تنخواہ میں نظرثانی کے بعد تنخواہ کے پیکج میں اضافہ کیا جائے گا، مکان کا کرایہ اور یوٹیلیٹیز صرف اس صورت میں قابل قبول ہونگے جب یونیورسٹی کے زیر انتظام رہائش موجودہ وائس چانسلر/ ریکٹر/ سربراہ کے ذریعے حاصل نہیں کی گئی ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ چونکہ یہ تنخواہ پیکج تمام الاؤنسز پر مشتمل ہے اس لیے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز/ ریکٹرز/ سربراہوں کو کوئی اور الاونس نہیں دیا جائے گا۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے بجٹ میں اضافہ پر اس تنخواہ پیکج پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، کمیشن کی طرف سے وقتاً فوقتاً تنخواہ کے پیکج پر نظرثانی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ وفاقی جامعات میں وائس چانسلر کی مدت پانچ برس، سندھ میں چار برس اور خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں تین برس ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

کے مطابق عرس کے موقع پر لاہور ہائیکورٹ سمیت تمام ماتحت عدالت بند رہیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 16

تلاش جاری ہے۔ پی ڈی ایم اے حکام نے یہ بھی بتایا ہے کہ ڈوبنے والے بچوں کی عمریں 11 اور 12 سال ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

کی عزت و توقیر اور حفاظت ہم سب پر لازم ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے پارلیمنٹ پر حملے کے 10 سال مکمل ہونے پر اپنے پیغام میں کہا کہ 19 اگست 2014 کا دن ملکی تاریخ میں یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائے گا، 10 سال قبل آج کے دن پارلیمنٹ ہاؤس کا گھیراؤ اور اس پر حملہ کیا گیا، یہ جمہوریت کے خلاف گھناؤنی سازش تھی اس حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ سپیکر نے کہا کہ پارلیمنٹ ملک کا اعلیٰ ترین ادارہ، جمہوریت کی بنیاد اور عوامی امنگوں کا ترجمان ہے، ملک کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود پارلیمان کی مضبوطی سے جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کی عزت و توقیر اور حفاظت ہم سب پر لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ 19 اگست 2014 انتشار پسند عناصر نے پارلیمنٹ پر ہلہ بول کر اس کے تقدس کو پامال کیا، کسی کو بھی ایسے اقدام کی اجازت نہیں دی جاسکتی، یہ حملہ نہ صرف جمہوریت بلکہ ریاست کے بنیادی ستونوں پر بھی کاری ضرب تھی۔ سپیکر نے اس وقت کی حکومت اور پارلیمان کے دفاع کے لئے کھڑی ہونیوالی سیاسی جماعتوں کے کردار کو سراہا اور کہا کہ 2014 کے پرتشدد مظاہروں نے دنیا بھر میں پاکستان کے تشخص کو نقصان پہنچایا اور اس کی وجہ سے چین کے صدر کو اپنا طے شدہ دورہ ملتوی کرنا پڑا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ ملکی مسائل کو حل کرنے کا واحد راستہ جمہوریت اور پارلیمنٹ سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ اور جمہوریت کو مستحکم کرنے کی ہمیشہ کوشش کرتا رہوں گا، عوام کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے اور پارلیمان یہ فریضہ سرانجام دینے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

برسے، فیصل چوک، کوئنز روڈ، قرطبہ چوک، شمع چوک، سمن آباد، اچھرہ اور اطراف میں بھی موسلادھار بارش ہوئی۔ کینال روڈ، ٹاؤن شپ، جیل روڈ، فیروزپور روڈ، چونگی امرسدھو، کاہنہ، گجومتہ اور اطراف میں بھی بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا، ایم اے او کالج، سانڈہ، اسلام پورہ، بند روڈ، گلشن راوی میں بارش سے جل تھل ایک ہوگیا۔ اسی طرح مغلپورہ، دھرم پورہ، عامر روڈ، باغبانپورہ، تاجپورہ، پانی والا تالاب اور کینٹ ایریا میں بھی بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا۔ شہر بھر میں موسلادھار بارش کے باعث بجلی کا ترسیلی نظام بری طرح متاثر ہوا، کئی علاقوں میں بارش سے متعدد فیڈرز ٹرپ ہونے کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ادھر محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ 20 اگست سے پنجاب میں بارش کے نئے نظام کی آمد ہوگی، مغربی ہواؤں کے باعث بننے والا نظام خوب بارشیں برسائے گا، بارشوں کے باعث جنوبی پنجاب کی رودکوہیوں میں فلیش فلڈنگ کا بھی خدشہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

دیئے۔ عرفان نواز میمن نے کہا کہ کوئی بھی شہری اپنے مسائل لیکر ڈی سی آفس آسکتا ہے، اوپن ڈور پالیسی کا اطلاق ضلعی انتظامیہ کے تمام افسران پر کیا گیا ہے۔ ڈی سی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد کے مسائل حل کرنے کے لیے شہری اپنی تجاویز بھی دیں، ضلعی انتظامیہ شہریوں کے ساتھ مل کر شہر کے مسائل حل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

مختلف حادثات میں 10 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ پنجاب میں مون سون بارشیں، ندی نالے بپھر گئے، کئی مکانات گرگئے، 24 گھنٹوں کے دوران مختلف حادثات میں 10 افراد جاں بحق ہوگئے اور متعدد زخمی ہوئے، پنجاب میں مون سون کے طاقتور اسپیل سے تباہی مچ گئی، طوفانی بارشوں اور سیلاب سے ندی نالے بپھر گئے، کئی مکانات گر گئے جبکہ زمینی رابطے کٹ گئے۔ رائیونڈ میں بارش سے سڑکیں زیرآب آنے سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوگئی جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کوہ سلیمان کے پہاڑی علاقوں میں شدید بارشوں سے نالوں میں طغیانی آگئی، احمد پور شرقیہ میں فصلیں تباہ ہونے سے پانی قریبی رہائشی بستیوں میں داخل ہوگیا۔ راجن پور میں دھندی قطب کینال میں 10 فٹ چوڑا شگاف پڑگیا، سرگودھا کی تحصیل کوٹ مومن میں دریائی کٹاؤ کے باعث فصلیں اور متعدد گھر دریا برد ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 21

ریونیو کا 50 فیصد قرضوں کی شکل میں ادا کرنا پڑرہا ہے، سیاسی استحکام و پالیسیوں کے تسلسل کے بغیر ملکی ترقی ممکن نہیں، دنیا تیزی سے تبدیل ہورہی ہے، ہمیں ٹھوس اور جامع اقدامات کرنا ہوں گے ورنہ ہم دنیا سے بہت پیچھے رہ جائیں گے، وزیراعظم شہباز شریف کے حالیہ دورہ چین کے ثمرات آنا شروع ہوگئے ہیں، 1000 افراد پر مشتمل وفد ٹریننگ کیلئے ستمبر میں چین روانہ ہوگا، اگلے پانچ سال کے لیے ویژن 2024-29 پر کام کررہے ہیں، عالمی سطح پر موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے فوڈ سکیورٹی کے چیلنجز درپیش ہیں، ہمیں بھی ان خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل سکول آف پبلک پالیسی کے زیر اہتمام فوڈ سکیورٹی کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے ملک کو تمام وسائل سے مالا مال کیا ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وسائل کو بروئے کار لایا جائے، اختلافات کو بھلا کر ملکی ترقی کے لیے ہم سب کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا، نوجوان ملکی آبادی کا 60 فیصد حصہ ہیں، نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنا کر غربت کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے، زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، ملکی آبادی میں تیزی سے اضافہ موجودہ درپیش مسائل کی سب سے بڑی وجہ ہے، موسمیاتی تبدیلیوں کے خطرات سے نمٹنے اور پیداوار میں اضافے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کو اپنانا ہوگا، حکومت فوڈ سکیورٹی کو اولین ترجیح دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے فوڈ سکیورٹی کے چیلنجز درپیش ہیں، ہمیں بھی ان خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار رہنا ہوگا، میں نیشنل سکول آف پبلک پالیسی کو اس اہم موضوع پر کانفرنس منعقد کروانے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے آئیڈیاز کے تبادلے، بہترین عملی اقدامات کے اشتراک، اور شراکت داری کے قیام کے لیے ایک قیمتی پلیٹ فارم فراہم کیا، یہاں ہونے والی بات چیت اور بصیرت یقیناً ہمارے ملک کی فوڈ سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے موثر پالیسیوں کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرے گی

بقیہ بقیہ جات 22

ٹی انڈسٹری کو 30 کروڑ ڈالرز کا نقصان ہورہا ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو میں سینئر وائس چیئرمین پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن علی احسان نے یہ بات بتائی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئی ٹی سیکٹر میں بڑی کمپنیوں کی شکایات ہیں کہ ان کی لائنیں متاثر ہوئی ہیں، فائر وال سے متعلق ہم سے کوئی مشاورت نہیں کی گئی۔ علی احسان کا کہنا ہے کہ ہم مشاورت کرنا چاہتے ہیں، کام کرنا چاہتے ہیں، ہم ملک میں ڈالرز لے کر آتے ہیں۔ سینئر وائس چیئرمین پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن نے مزید کہا کہ کل تک تو انٹرنیٹ کا مسئلہ حل نہیں ہوا تھا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ شاید کوئی تنصیب کی جارہی ہے جو ٹھیک طریقے سے اینٹی گریٹ نہیں ہورہا

بقیہ بقیہ جات 23

مقامات پر بند ہوگئی۔ ڈی سی غذر کے مطابق گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں گوپس کے گاؤں یانگل میں لینڈ سلائیڈنگ سے 15 مکانات مکمل تباہ ہوگئے اور 59 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا جبکہ لینڈ سلائیڈنگ سے 45 مویشی خانے مکمل اور 20 جزوی طور پر متاثر ہوئے ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق اشکومن، ہاتم اور یاسین میں بھی 11 گھر لینڈ سلائیڈنگ کی زد میں آگئے اور مویشی خانوں کو بھی نقصان پہنچا، شدید بارشوں اور سیلابی ریلوں سے کھڑی فصلیں تباہ ہوگئیں اور درخت بھی جڑوں سے اکھڑ گئے۔ بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ گلگت، غذر، شندور روڈ ٹریفک کے لیے بحال کردیا گیا تاہم ہنزہ میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کے بعد شاہراہ قراقرم مختلف مقامات پر لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے بند ہوگئی جبکہ متعدد بالائی علاقوں کا زمینی رابطہ منقطع ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 24

زہریلا دودھ پینے سے جاں بحق افراد میں 2 بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زہریلا دودھ پینے سے 2 بچوں سمیت 6 افراد اسپتال میں زیرِ علاج ہیں۔ پولیس نے کہا کہ تفتیش کی جارہی ہے زہریلا دودھ کہاں سے آیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

(ر) فیض حمید کی گرفتاری اپنی نوعیت کا غیر معمولی معاملہ ہے جسے فوج خود پروسیڈ کررہی ہے، جنرل فیض کیخلاف الزامات پبلک کر دیے گئے، پروسیڈنگ کو بھی پبلک کیا جائے۔ ایک انٹرویو میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نواز شریف کی اقتدار سے بے دخلی سمیت ملک میں ماضی میں پیش ہونے والے واقعات کے اگر ہمیں جواب چاہئیں تو ٹروتھ کمیشن بنایا جائے، اس ملک میں جو کچھ ہوا ہے اور ہورہا ہے اس کو ڈاکیومنٹ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ فیض حمید صاحب کو گرفتار کرلیا گیا ہے، انہوں نے کیا کیا، کیا نہیں کیا مجھے اس کا علم نہیں ہے، باتیں بہت سی ہم نے بھی سنی ہیں، جب فیض صاحب پر لگے الزامات سامنے آئیں گے تو ہی بات ہوسکے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں بتایا گیا کہ ان پر ہاؤسنگ اسکیم کے حوالے سے الزامات ہیں، اگر 9 مئی کے واقعات میں ان کا کوئی کردار ہے تو اس کے لیے پراسیکیوشن بہت ضروری ہے کیونکہ یہ عام واقعہ نہیں ہے اور آپ نے بہت وقت ضائع کردیا ہے، 9 مہینے ہونے لگے ہیں۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ 9 مئی میں جو بھی لوگ شامل تھے آپ کو ان کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی، ان دنوں برطانیہ میں فسادات جاری ہیں لیکن انہوں نے پراسیکیوشن شروع کرکے سزائیں بھی دینا شروع کردی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب 9 مئی کا واقعہ ہوا تو جنرل فیض اس وقت فوج میں نہیں تھے تو اگر کچھ کیا ہے تو بطور ریٹائرڈ افسر کیا ہے، اگر وہ بھی کیا ہے تو فوج کے نظام کو دیکھتے ہوئے ان کا کورٹ مارشل وہ سکتا ہے، ابھی الزامات سامنے آنے دیں اور اس پر قیاس آرائیاں مناسب نہیں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عام طور پر فوج میں چلائے جانے والے مقدمات کی سماعت کا احوال اور الزامات کی تفصیل سامنے نہیں آتی، آئی ایس پی آر کا بیان آچکا ہے اور وزرا بھی اس پر باتیں کررہے ہیں تو یہ معاملہ کافی پیچیدہ بن جائے گا۔ ایک سوال کے جواب میں عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر نے کہا کہ نواز شریف کو سپریم کورٹ نے نکالا، اس ملک کا سپریم کورٹ ٹرائل کورٹ بنا، چلتی ہوئی حکومت کے وزیراعظم کو اس بات پر نکالا کہ جب چھ سات سال پہلے وہ حکومت میں نہیں تھے تو وہ متحدہ عرب امارات میں ایک کمپنی کے ڈائریکٹر بنے اور وہ کمپنی ان کے بیٹے کی تھی، ویزہ لینے کے لیے آپ ڈائریکٹر شپ ظاہر کرتے ہیں تو ویزہ مل جاتا ہے، تو نواز شریف نے وہ ڈائریکٹر فیس انہوں نے نہیں لی۔

بقیہ بقیہ جات 26

منسوخ ہوئی ہیں۔ اس کے علاوہ عراق کے شہر بغداد سے کراچی کی دو پروازوں کی آمد اور روانگی میں 6 گھنٹے کی تاخیر بتائی جارہی ہے جبکہ ترکیہ کے شہر استنبول سے کراچی کی پروازوں کی آمد و روانگی میں بھی 2 گھنٹے کی تاخیر ہے۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق لاہور سے جدہ کی پروازوں میں بھی ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر ہے جبکہ پشاور سے جدہ کی پرواز 3 گھنٹے سے زائد تاخیر کا شکار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت وکیل درخواستگزار ایمان مزاری نے بتایا کہ درخواست پر رجسٹرار آفس نے اعتراض عائد کررکھا ہے، چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ تین اعتراضات کو جوڈیشل سائیڈ پر دیکھیں گے، چوتھا اعتراض درخواست میں نامناسب زبان کے استعمال کا ہے۔ اس پر وکیل نے بتایا کہ ہم نے صرف ٹویٹ ساتھ لگایا ہے، اس میں نامناسب زبان استعمال نہیں کی گئی، ہماری عدالت سے استدعا ہے کہ کل ہی سماعت کے لیے مقرر کیا جائے۔ بعدازاں عدالت نے استدعا منظور کرتے ہوئے کیس سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کردی، ساتھ ہی عدالت نے رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کردیے۔ یاد رہے کہ 16 اگست کو فائر وال کی تنصیب و انٹرنیٹ بندش کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کردی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 28

کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے واقعے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ بارشوں کے باعث مختلف حادثات میں ہونے والے جانی و مالی نقصان پر انتہائی افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ اس مشکل وقت میں انہیں صبر اور ہمت عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 29

درخواست پر سماعت کی۔ وفاقی حکومت کے وکیل نے درخواست کی مخالفت کی جبکہ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ ایکٹ کے ذریعے سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے فیصلے کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی ہے، الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کا اطلاق ماضی سے نہیں ہوسکتا، ایکٹ کو غیر آئینی قرار دیا جائے۔ درخواست میں حتمی فیصلے تک پی ٹی آئی کے علاوہ کسی دوسری جماعت کو مخصوص نشستیں دینے سے روکنے کی استدعا بھی کی گئی ہے۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے موقف اختیار کیا کہ الیکشن ترمیمی ایکٹ کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواست بطور اعتراض موجود ہے جبکہ لاہور ہائیکورٹ میں درخواست قابل سماعت ہے۔ الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کے خلاف دائر متفرق درخواست پر لاہور ہائیکورٹ نے وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے 23 اگست تک جواب طلب کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 30

کی اس موقع پر پاکستان کی سالمیت استحکام اور ترقی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی اور ملی نغمے بھی سنائے گئے، پاکستان کے معروف گلوکار محمد اشرف ملک (ملکو) اور سارہ الطاف نے روایتی نغمے اور مشہور گانا تک داکو کا اور قیدی نمبر 804 سنا کر داد وصول کی اور میلہ لوٹ لیا۔ تفصیلات کے مطابق تقریبات اور میلے کے چیئرمین معروف بزنس مین نوید انور چوہدری اور دیگر نے خطاب کیا جنہوں نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ ہمیں امریکہ میں رہتے ہوئے پاکستان کے استحکام، ترقی کے لیے بڑھ چڑھ کر کام کرنا ہوگا اور پاکستان کے مفادات کے تحفظ کے لیے امریکی مقامی سیاست میں بھی حصہ لینا چاہیے۔ قونصل جنرل طارق کریم نے اپنے خطاب میں کہا کہ امریکہ میں مقیم پاکستانی پاکستان میں زرمبادلہ بھجواتے ہیں حکومت کی اور سفارت خانے کی ہر ممکن کوشش ہوتی ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں قونصل جنرل کا دفتر 24 گھنٹے عوام کی خدمت کے لیے کھلا ہوتا ہے پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کے وسیع مواقع موجود ہیں اور حال ہی میں پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے ماحول کو سازگار بنا دیا گیا ہے

بقیہ بقیہ جات 31

کے ساتھ پیسفک ریجن کے صدر ایلکس ہینگ نے معاہدے پر دستخط کیے۔ صوبائی وزیر شافع حسین نے اس موقع پر کہا کہ ''چینی کمپنی پنجاب میں پہلی ''سولر پینلز'' بنانے والی فیکٹری لگائے گی جو اپنی مصنوعات مقامی مارکیٹ میں فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ برآمد بھی کرے گی۔'' انکا کہنا تھا کہ صنعتوں اور گھروں کو مہنگی بجلی سے بچانے کا واحد حل شمسی توانائی کا فروغ ہے، گزشتہ پانچ مہینوں میں سولر انرجی کے فروغ کے لیے 21 غیر ملکی کمپنیوں کے نمائندوں سے ملاقات بھی کی گئی ہے۔ پنجاب میں کئی کمپنیوں نے اس شعبے میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی ہے جبکہ حکومت نے بھی شمسی توانائی کے شعبے میں کمپنیوں کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

پوائنٹس پر سکریننگ اور سرویلنس کا موثر نظام موجود ہے، پمز ہسپتال میں آئسولیشن وارڈ مختص کردیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے دورہ کے موقع پر کیا۔ وزارت صحت کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ ایم پاکس کے انتظامات کی نگرانی وہ خود کررہے ہیں۔ انہوں نے پیر کو اسلام آباد ایئرپورٹ پر منکی پاکس کی سرویلنس کا جائزہ لیا۔ ایئرپورٹ پر بارڈر ہیلتھ سروسز کے عملے نے ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ کو متعلقہ اقدامات پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ تمام ایئرپورٹس اور انٹری پوائنٹس پر سکریننگ اور سرویلنس کا موثر نظام موجود ہے۔ انٹرنیشنل ہیلتھ ریگولیشنز کی سفارشات پر عمل درآمد کو یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایم پاکس کی صورتحال تسلی بخش ہے، پیشگی اقدامات کی بھرپور نگرانی جاری ہے۔ ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا کہ اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں آئسولیشن وارڈ مختص کردی گئی ہے۔ وزارت صحت صورت حال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ وفاق اور صوبے مل کر تمام تر ضروری اقدامات کو یقینی بنارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وباؤں اور بیماریوں سے عوام کو محفوظ رکھنے کا پختہ عزم کررکھا ہے

بقیہ بقیہ جات 33

رپورٹ جاری کردی۔ این ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں یکم جولائی سے جاری بارشوں کے دوران سب سے زیادہ صوبہ پنجاب میں 68 شہری جاں بحق ہوئے، خیبرپختونخوا میں 65 اور سندھ میں مختلف حادثات میں 32 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ صوبہ بلوچستان میں شدید بارشوں کے باعث مختلف حادثات میں 15 افراد جاں بحق ہوئے، گلگت بلتستان میں 4 اور آزاد کشمیر میں 5 افراد جاں بحق ہوئے۔ این ڈی ایم اے نے رپورٹ میں بتایا کہ بارشوں اور سیلاب کے باعث 645 گھر مکمل تباہ ہوئے اور ایک ہزار 419 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ ملک بھر میں بارشوں کے باعث 8 اسکول اور 35 پل بھی متاثر ہوئے، جب کہ بارشوں اور سیلاب کے باعث 323 مویشی بھی ہلاک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 34

راز گیرون فارمیشن میں تیسرے کنویں سے یومیہ 153 بیرل خام تیل ملے گا، کنویں سے یومیہ 9.17 ایم ایم سی ایف ڈی گیس بھی حاصل ہوگی۔ کوہاٹ ٹل بلاک کے تین کنوں سے مجموعی طور پر یومیہ 562 بیرل خام تیل ہو رہا ہے، تین کنوں سے مجموعی طور پر یومیہ 3.54 ایم ایم سی ایف ڈی گیس مل رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

ان کے ہمنوا ایم پی ایز کی جانب سے ایوان میں ممکنہ احتجاج کے باعث اسپیکر کو اجلاس ملتوی کرنا پڑا۔ وزارت سے برطرف شکیل احمد نے سوموار کو اسمبلی اجلاس میں موقف پیش کرنے کا عندیہ دیا تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایوان میں شکیل احمد اور ان کے ہمنوا ممبران اسمبلی کے ردعمل کے پیش نظر اسپیکر نے اجلاس ملتوی کیا گیا ہے۔ ذرائع کا یہ بھی بتانا ہے کہ بانی چیئرمین سے ملاقاتوں کے بعد شکیل احمد کو سمجھایا جائے گا کہ وہ میڈیا کے سامنے اور اسمبلی میں وزیراعلیٰ کے خلاف بات نہ کریں، اسپیکر نے اس لئے اسمبلی اجلاس میں ایک ہفتے کا وقفہ ضروری سمجھا اور اجلاس کو ملتوی کردیا۔ اسپیکر بابر سلیم سواتی سے اس معاملے پر موقف جاننے کی کوشش کی گئی تاہم انہوں نے سوال کا کوئی جواب نہیں دیا۔

بقیہ بقیہ جات 36

بھی شامل ہیں۔ موٹروے پولیس کے مطابق حادثے میں تمام زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے، لاشوں اور زخمیوں کو تحصیل اسپتال گھوٹکی منتقل کردیا گیا ہے۔ موٹروے پولیس کے مطابق بارش کے باعث ریسکیو میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ بقیہ جات 37

اظہار انہوں نے شہر میں مختلف تقاریب اور وفود سے 28 اگست کی ہڑتال کو کامیاب بنانے کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 38

ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے تمام سنٹرز پر فیملی پلاننگ کی کموڈیٹیز بھی موجود ہیں۔ خواجہ عمران نذیر نے پولیو کی صورتحال کے حوالہ سے کہا کہ پنجاب میں 4 سال بعد پولیو کا کیس سامنے آنا بہت بڑا صدمہ ہے۔ انسداد پولیو سمیت تمام متعدی اور وبائی امراض کے لئے ویکسینیشن مہم مزید کامیاب بنانے کے لئے نیا سسٹم لایا جارہا ہے۔ خواجہ عمران نذیر کا کہنا ہے کہ تمام رورل ہیلتھ سنٹرز اور بنیادی مراکز صحت پر چند ہفتوں میں تمام آسامیوں پر ڈاکٹرز بھرتی کرلئے جائیں گے۔ اس موقع پر چیئرمین جینڈر اکیوالٹی بی ایم جی ایف ڈاکٹر امتیاز زیدی نے کہا کہ عورتوں میں غذائیت پوری ہوگی تو بچوں کی پرورش بہتر ہوگی۔ ڈاکٹر امتیاز زیدی نے نیوٹریشن، فیملی پلاننگ اور ویکسینیشن مہم کو سراہا۔ فیملی پلاننگ پر سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر سلمان اعجاز اور بچوں کی نیوٹریشن پر پراجیکٹ ڈائریکٹر آئی آر ایم این سی ایچ نے بریفنگ دی۔ اس موقع پر سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر سلمان اعجاز، ڈی جی پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے، سپیشل سیکرٹری صحت محمد اقبال، ڈی جی ہیلتھ سروسز ڈاکٹر الیاس گوندل، کنسلٹنٹ نیوٹریشن سائرہ افتخار، ڈاکٹر راشدہ بانو، ڈاکٹر شبانہ اور دیگر ماہرین موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 39

ہوئے کیا، اس موقعہ پر مولانا محمد مشتاق لاہوری، مولانا حافظ ابوسفیان حنفی، مولانا محمد شعیب صدیقی، مولانا سمیع اللہ ربانی، مولانا حبیب الرحمن ضیاء، مولانا محمد اعظم فاروق، مولانا مظفر حمید وٹو، مولانا محمد عامر اشرف، بیرسٹر محمد افضل سراء سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی جارحیت کے مقابلے میں اقوام عالم کی خاموشی ایک بڑے سوالیہ نشان کے طور پر موجود ہے۔ اسرائیلی مظالم اور بربریت کی جو داستان فلسطینیوں کے خلاف رقم ہوئی ہے، اس کی مثال انسانی تاریخ میں نایاب ہے۔ اسرائیل کی جانب سے فلسطینیوں پر کیے گئے ظلم اور بربریت کی بدولت نسل کشی کی صورت حال پیدا ہوچکی ہے۔ 320 دنوں سے فلسطینیوں پر اسرائیل کے ظلم وستم اور دنیا بھر کی خاموشی یہ ثابت کرتی ہے کہ غیر مسلم طاقتیں اسلام کے خلاف متحد ہیں۔ مسلم قیادت کو اپنی ایمانی غیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے فلسطینیوں کی حمایت میں اسرائیل کو عبرت کا نشان بنانا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 40

مسافروں کے ساتھ حراست میں لیا گیا، ملزمان غیر قانونی طریقے سے ایران کے راستے رومانیہ اور اٹلی جانا چاہتے تھے۔ ایف آئی اے نے بتایا کہ انسانی اسمگلر نے ایران میں مقیم ایجنٹ کی مدد سے 18 لاکھ روپے فی کس ادائیگی کا مطالبہ کیا، 3 سے 5 لاکھ روپے فی کس پیشگی وصول کیے گئے جبکہ باقی رقم رومانیہ اور اٹلی پہنچنے پر دینی تھی۔ ترجمان کے مطابق انسانی اسمگلر تنویر احمد اور آصف علی 8 مسافروں کیلیے سربیا کا ویزا حاصل کررہے تھے، سربیا پہنچنے کے بعد مسافروں کو سڑک کے راستے رومانیہ اور اٹلی اسمگل کیا جانا تھا، انسانی اسمگلر تنویر احمد کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

حکموں کی پیروی کی ان کے اعمال اور کردار امت مسلمہ کے لیے ایک مثال ہیں۔ قرآن و سنت میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں بار بار تعریف کی گئی ہے اور ان کے لیے جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے ''ایمان کے جوان'' کے لقب سے نوازا گیا آپ کی شہادت کے بعد بھی ان کی قربانیوں اور ایمان کی مثالیں دی جاتی تھیں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کا کردار اور ان کی قربانیاں اسلامی تاریخ میں ایک عظیم مقام رکھتی ہیں اور ان کی زندگی امت مسلمہ کیلئے بہترین مثال ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

سبزی منڈی و فروٹ منڈی کا اچانک دورہ کرکے ریٹ لسٹ آویزاں جگہ نمایاں نہ کرنے پر ریڑھی بانوں کو جرمانہ عائد کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار نے ایک دوکاندار کو بھی بھنڈی زائد نرخوں پر فروخت کرنے پر جرمانہ عائد کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کینٹ نبیل میمن نے چڑرگاؤں اور آر اے بازار کے علاقے میں متعدد تندوروں کی انسپکشن کے دوران 2 تندور مالکان کو روٹی و نان کی قیمتوں میں خلاف ورزی پر وارننگز جاری کردی۔ اسسٹنٹ کمشنر ماڈل ٹاؤن صاحبزادہ یوسف نے پاک عرب سوسائٹی میں تندوروں و ریسٹورنٹس میں پرائس انسپکشن کے دوران قیمتوں کی خلاف ورزی پر 02 دکانوں کو سیل کروایا جبکہ ریٹ لسٹ نمایاں جگہ آویزاں نہ کرنے پر 50 ہزار روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر رائیونڈ زینب طاہر نے علی ٹاؤن، اعوان سنٹر میں متعدد تندوروں کی چیکنگ کے دوران 02 تندور مالکان کو خلاف ورزی پر جرمانہ عائد کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی رائے بابر کی اسلام پورہ بازار اور مزنگ کے علاقے میں متعدد دکانوں و تندوروں کی چیکنگ کے دوران 02 تندور مالکان کو وارننگز اور جرمانہ عائد کیا جبکہ پھل فروشوں کو بھی نمایاں جگہ ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا نے کہا کہ انتظامی افسران پرائس کنٹرول پر سخت کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، لاہور: پھل و سبزی فروشوں کو وارننگز دی جارہی ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی اشیا خوردونوش میں ریلیف فراہم کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

پارکنگ پلان مرتب کیا جائے، تعلیمی اداروں کے باہر روڈ کراس کرنے کے لیے زیبرا کراسنگ کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے باہر نوپارکنگ، سپیڈلیمٹ، کیٹ آئیز کا استعمال کرکے ٹریفک مینجمنٹ کو بہتر کیا جائے، اداروں کی انتظامیہ ٹریفک پولیس کے ساتھ مل کر انتظامات کو بہتر بنائیں، والدین، سکول وینز، پک ان ڈراپ مہیا کرنے والی دوسری وہیکلز نامزد جگہوں پر پارکنگ کریں۔ ٹریفک ایجوکیشن یونٹس تعلیمی اداروں میں اپنی سرگرمیاں دوبارہ بحال کریں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ ہماری آنے والی نسلوں میں ٹریفک کا شعور اجاگر ہونا چاہیے، ٹیچرز کی بھی ذمہ داری ہے کہ بچوں میں ٹریفک قوانین کا شعور اجاگر کریں۔ بہترین معاشرے کی تشکیل کے لیے ہم سب کو ٹریفک قوانین کا احترام کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 44

کالج انتظامیہ سے میٹنگ کی بھی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ چھٹی کے اوقات میں صرف ایک لائن میں پارکنگ کی اجازت ہوگی، ڈبل پارکنگ کی صورت میں کارروائی کی جائے، سکول و کالجز کے باہر کسی ریڑھی وٹھیلے کو نہ لگنے دیا جائے۔ انہوں نے ایجوکیشن یونٹ کو ٹریفک اسکاؤٹس پروگرام دوبارہ شروع کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ سکول و کالجز، یونیورسٹیز میں روڈ سیفٹی لیکچرز کا شیڈول مرتب کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 45

کالج انتظامیہ سے میٹنگ کی بھی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ چھٹی کے اوقات میں صرف ایک لائن میں پارکنگ کی اجازت ہوگی، ڈبل پارکنگ کی صورت میں کارروائی کی جائے، سکول و کالجز کے باہر کسی ریڑھی وٹھیلے کو نہ لگنے دیا جائے۔ انہوں نے ایجوکیشن یونٹ کو ٹریفک اسکاؤٹس پروگرام دوبارہ شروع کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ سکول و کالجز، یونیورسٹیز میں روڈ سیفٹی لیکچرز کا شیڈول مرتب کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 46

مساجد پر حملے قابل مذمت ہیں، مسلمانوں کی عبادت گاہوں اور گھروں پر حملے قابلِ مذمت ہیں اور ان کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے، برطانیہ میں مسلمانوں کی کمیونٹی کے خلاف تشدد اور حملے انسانی حقوق کی بھی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوسروں پر انتہا پسندی کا الزام لگانے والے برطانیہ کا اپنا اسلاموفوبیا سے لتھڑا بدنما چہرہ بری طرح بے نقاب ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح برطانیہ میں بڑی تعداد میں انتہا پسند بلکہ دہشت گرد جتھوں نے گزشتہ چند دنوں کے دوران مسلمانوں کی مساجد، گھروں اور دکانوں کا جلاؤ گھیراؤ کیا اور بدترین غنڈہ گردی کا مظاہرہ کیا وہ مغربی ممالک میں بسنے والے تمام مسلمانوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یورپ کے اکثر ممالک اسلام اور مسلمانوں کے خلاف منظم نفرت انگیزی، نسلی تعصب اور تفریق کی پالیسی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مغربی ممالک کا میڈیا اور کئی سیاست دان اسلاموفوبیا کے بدترین داعی بن چکے ہیں۔ حجاب سمیت دیگر شعائر اسلام کو نشانہ بنائے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

کے ذریعے ہی ہم سیاسی اور معاشی بحرانوں سے موثر طریقے سے نمٹ سکتے ہیں، ملکی مسائل ومشکلات کی بڑی وجہ یہی ہے کہ ملک کے اجتماعی اور ملکی نظام پر سیکولر قوتیں قابض ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

48 ہوا ہے، صالح پٹ کی مین شاہراہ پر بعض جگہ پانی جمع ہے، سکھر میں 36 گھنٹوں میں پانچواں اسپیل آچکا ہے، گاج ڈویژن میں صورتحال ٹھیک ہے۔ سعید غنی نے کہا کہ مختلف شہروں میں نکاسی کا کام جاری ہے، جو بھی مختلف شاہراہوں پر پانی جمع ہے، بارش رکنے کے بعد پانی کی نکاسی شروع کریں گے۔ وزیر بلدیات سندھ نے کہا کہ کچھ لوگ عجیب بیتکی باتیں شروع کردیتے ہیں، کسی بھی ضلع میں کوئی بڑا مسئلہ درپیش نہیں ہے، سستی اور مہنگی بجلی صوبائی حکومت کا دائرہ اختیار نہیں، سستی بجلی کی فراہمی وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

صوبائی حکومتوں کے اقدامات عوام دشمنی پر مبنی ہیں، کئی ممالک میں بلدیاتی حکومتوں کے پاس زیادہ اختیارات ہوتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ٹاؤن اور یوسیز کی سطح پر جو اختیارات منتقل ہونے چاہیے وہ نہیں ملے، سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ٹھیکیداری نظام کے تحت چل رہا ہے، میئر اور وزیر بلدیات کا اختیار ہے، ٹاؤن والوں کو اختیار نہیں دیا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ 160 بلین سے زیادہ وفاقی حکومت سے صوبائی حکومت کو ملتا ہے، فارم 47 پر آجاؤ، بندے غائب کرواؤ اور کہو کہ ہم جمہوری ہیں، 230 ملین ڈالر کا کلک ادارہ بنایا گیا، کام کہاں نظر آرہا ہے؟ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اپنے حصے کا کام کررہی ہے، ہمارے پاس 9 ٹاؤن ہیں، پی پی نے جو کچھ کیا وہ سب کے سامنے ہے، غیر جمہوری طریقے سے بلدیاتی نظام پر قبضہ کیا گیا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی نے آخر وقت تک کوشش کی کہ بلدیاتی انتخابات نہ ہوں، ایم کیو ایم کو لوگوں نے انتخابات میں مسترد کردیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں دو ماہ کے لیے 14 روپے فی یونٹ کم کرنے کا اعلان کیا گیا، پورے پاکستان کے لیے بجلی کا ٹیرف کم کیا جائے۔ لاڈلے تمہارے آئی پی پیز والے اور بوجھ ہم اٹھائیں ایسا نہیں ہوگا، بلوچستان سے گیس نکل رہی ہے تو بلوچستان ترجیح ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ کی سہولت فائر وال کی وجہ سے خراب ہوچکی ہے، دنیا میں بدنامی ہورہی ہے اور فری لانسرز کو مسائل کا سامنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

الے پاکستان کا حصہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں بجلی کی قیمتوں میں ریلیف دیا گیا، صرف پنجاب کو ریلیف دینا امتیازی سلوک ہے، نواز شریف صاحب اپنی بیٹی کے ساتھ بیٹھ کر پنجاب کے لئے اشرفیاں لٹا رہے ہیں۔ فاروق ستار نے کہا کہ جبر کی چکی میں کراچی والوں کو پیسا جارہا ہے، کراچی والوں سے 60 سے 64 روپے فی یونٹ بجلی بل لیا جارہا ہے۔ ایم کیو ایم کے رہنما نے کہا کہ بجلی کی قیمت کو ساتویں آسمان سے اوپر پہنچادیا گیا ہے، کراچی کے شہریوں پر ناانصافی، ظلم اور جبر قائم ہو گیا، لوگوں کو مجبور کیا جارہا ہے کہ اسٹریٹ کرائم کریں، مجبور کیا جارہا ہے کہ لوگ سڑک پر بیٹھ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ لوڈشیڈنگ سے شہریوں کی نہیں جان چھوٹ رہی ہے، لوگوں کو خودکشی کی جانب دھکیلنے کی کوشش کی جارہی ہے، بلوں میں کمی نہیں کرپارہے فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز کی مد میں اضافہ اونٹ کی کمر میں تنکا ہے۔ فاروق ستار نے کہا کہ ڈسکوز کے لیے 31 پیسے فی یونٹ کی کمی کی گئی، اس ملک کے پالیسی ساز اداروں کو ہوش کے ناخن لینا ہونگے، ہوش کے ناخن نہ لیے تو کراچی کی شاہراہوں پر انتشار نظر آئے گا۔

بقیہ بقیہ جات 51

گئی، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی نے کارپورلز کی ترقی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ ترمیم شدہ رولز کے مطابق سی ٹی ڈی کارپورلز گریڈ 19 تک ترقی کی منازل طے کرسکیں گے۔ آئی جی پنجاب کی ترقی پانے والے تمام کارپورلز کو مبارکباد، مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی دلچسپی سے سی ٹی ڈی کارپورلز کی ترقیوں کا عمل پایہ تکمیل تک پہنچا۔ سی ٹی ڈی کارپورلز ان ترقیوں کا جواب پہلے سے زیادہ محنت اور فرض شناسی سے فرائض کی ادائیگی کی صورت دیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، فرقہ واریت اور شدت پسندی میں ملوث شرپسند عناصر اور انکے سہولت کاروں کا مستقل صفایا یقینی بنایا جائے، امن وامان کے دشمن شرپسند عناصر کا تعاقب جاری رکھا جائے اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز سے انہیں کیفر کردار تک پہنچانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 52

کارروائیاں شروع کردیں، ضلع کورنگی پولیس نے 51 مقدمات درج کرکے 121 کرائے داروں کو گرفتار کرلیا۔ ضلع کورنگی پولیس کے مطابق سال 2015 ایکٹ کے تحت کرائے دار کرایہ نامے کی رجسٹریشن تھانے میں کروانے کا پابند ہے، سندھ پولیس کے ٹینینٹ سافٹ ویئر پر کرائے دار کی دستاویزات کے ساتھ مکمل تصدیق کی جاتی ہے، کرائے پر مکان حاصل کرنے والے شخص کا فنگر پرنٹ کے ذریعے ریکارڈ بھی چیک کیا جاتا ہے۔ پولیس کے مطابق جرائم پیشہ افراد ماضی میں اس طرح کی وقتی رہائش پر پکڑے جاچکے ہیں، کرائے داروں کے ساتھ مکان مالک پر بھی مقدمات درج ہوچکے ہیں، ڈسٹرکٹ کورنگی کے شہری کسی بھی وقت تھانے میں اپنا کرایہ نامہ جمع کروا سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

تشویش کا اظہار کرتے ہوئے نوٹس لے لیا ہے اور کمشنر حیدرآباد سے اس سارے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ کی جانب سے کمشنر حیدرآباد کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان تمام معاملات کی سماجی، معاشی اور قانونی وجوہات بتائیں اور کمیٹی بنا کر مذکورہ گوٹھ کا تفصیلی دورہ کریں اور جو حقائق سامنے آئیں اس کی رپورٹ انہیں پیش کریں۔ انہوں نے کمشنر حیدرآباد سے یہ بھی کہا کہ بتایا جائے کیا بیاہی گئی لڑکیاں سیلاب متاثرہ خاندانوں سے تھیں۔ اگر ان کا تعلق سیلاب متاثرہ خاندانوں سے تھا تو ان کی کتنی امداد کی گئی اور اس وقت لڑکیاں کس حال میں ہیں، اس کی بھی مکمل رپورٹ دی جائے۔ واضح رہے کہ گزشتہ مون سون سے اب تک 45 کم عمر لڑکیوں کی شادی ہوچکی ہے۔ ان میں سے 15 کی رواں سال مئی اور جون میں ہوئی۔ ان ہی میں 14 سالہ شمائلہ اور اس کی 13 سالہ بہن آمنہ کی رقم کے عوض شادی ان سے دگنی سے زائد عمر والے مردوں کی گئی اور شمائلہ کی ساس سچل بی بی کے مطابق اس نے نوجوان دلہن کے والدین کو 2 لاکھ روپے نقد دیے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 54

ہمراہ مختلف علاقوں میں ڈکیتی کی درجنوں وارداتوں میں ملوث ہونے کا اعتراف کیا ہے۔ جنوری 2022 میں ملزم سید جواد شاہ نے اپنے دیگر ساتھیوں وحید اور وقاص کے ہمراہ ناظم آباد نمبر 2 کے علاقے میں پیٹرول پمپ پر ڈکیتی کی تھی جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی۔ ملزم سردار محمد عرف کانیا افغانی اپنے دیگر ڈکیت ساتھیوں امیر، سخی اور جابر افغانی کے ہمراہ شہریوں کو اسلحے کے زور پر لوٹتے اور تشدد کا نشانہ بناتے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 55

اینکر قتل کیس میں ڈیڑھ سال بعد ملزم عاطف زمان پر فرد جرم عائد کی گئی تھی تاہم ملزم نے صحت جرم سے انکار کردیا تھا۔ عدالت نے ملزم عادل زمان کا شناختی بلاک کرنے کے ساتھ ساتھ منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد ضبط کرنے کا حکم دیا تھا جبکہ ملزم کا بھائی عادل زمان سپریم کورٹ سے ضمانت خارج ہونے پر تاحال فرار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کہا ہے کہ سندھ کے عوام بھی بجلی کے زائد بلوں کی وجہ سے بہت پریشان ہیں۔ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا یہ بھی کہنا ہے کہ سندھ کے عوام اور تاجروں کے لیے موجودہ نرخ پر بجلی کے بل بھرنا ناممکن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے اسٹیٹ بینک اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے جاری کی ہے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ اے ٹی ایم کی بندش اور آن لائن بینکنگ سے متعلق اب تک کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، بینکنگ انفرااسٹرکچر بشمول تمام اے ٹی ایم درست طریقے سے کام کررہے ہیں، عوام جھوٹی افواہوں پر کان نہ دھریں اور جاری کردہ ہدایات پر عمل کریں۔ کہا گیا ہے کہ عوام اے ٹی ایم استعمال کرتے وقت اپنے اردگرد کے ماحول کا سختی سے مشاہدہ کریں، اپنی مالی معلومات، پن، پاس ورڈز، یوزر آئی ڈی اور او ٹی پیز کسی غیر متعلقہ شخص سے شیئر نہ کریں، کسی بھی مشکوک لنکس پر کلک کرنے سے پرہیز کریں، اپنے مالی تحفظ کے لیے سرکاری ذرائع اور تصدیق شدہ معلومات پر بھروسہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 58

کاروں کا حملہ ہوسکتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پولیس ترجمان نے کہا کہ واقعے کی تصدیق بم دھماکے کے طور پر ہوئی ہے۔ دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا جس کی شناخت تاحال معلوم نہیں ہے اور دوسرا شخص معمولی زخمی ہوا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ تمام تحقیقاتی طریقے استعمال کیے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 59

پہنچے۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن کے دورے کا مقصد غزہ میں جنگ بندی کے معاہدے کے لیے سفارتی دباؤ بڑھانا ہے۔ بلنکن اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سمیت سینئر اسرائیلی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن تل ابیب سے مصر جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 60

ہونے والے صدارتی انتخابات میں ان کا مقابلہ بزدل امیدوار سے ہے جس کی سیاست کا محور مخالفین کو نیچا دکھانا ہے۔ اپنے خطاب میں کملا ہیرس کا کہنا تھا کہ گزشتہ کچھ سالوں سے غلط روایت چل پڑی ہے کہ کسی لیڈر کی طاقت اور اہلیت کا اندازا اس بات سے لگایا جائے گا کہ اس نے کسے گرایا ہے جبکہ ہمیں پتا ہے کہ پرکھنے کا اصل معیار یہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیڈر کو پرکھنے کا معیار یہ نہیں کہ اس نے کس کو گرایا یا نیچا دکھایا بلکہ اصل معیار یہ کہ آپ کے لیڈر نے کسے اٹھایا۔ کملا ہیرس نے براہ راست ڈونلڈ ٹرمپ کا نام لینے سے گریز کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی شخص جو دوسروں کو نیچا دکھانے یا گرانے کی کوشش میں مصروف رہتا ہے وہ بزدل ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

نیٹ ورک میں دراندازی کے علاوہ ایک ٹیلی فون کال بھی شامل رہی جس نے فاد کو مذکورہ عمارت کی ساتویں منزل پر پہنچا دیا۔ وہ اسی عمارت میں رہتا اور کام کرتا تھا۔ امریکی اخبار نے فادشکر کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل نے ایک بھوت کو قتل کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 62

وضاحت کی کہ لیبیا کے مرکزی بینک کے لیے نئے گورنر کے انتخاب کے حوالے سے ایوان نمائندگان کی قرارداد نمبر 3/2018 پر عمل درآمد کرنے اور ایک نیا بورڈ آف ڈائریکٹرز بنانے کا متفقہ فیصلہ کیا گیا۔ یہ قرارداد الصدیق الکبیر کی جگہ محمد عبدالسلام شکری کی مرکزی بینک کے گورنر کے طور پر تقرری سے متعلق ہے۔ صدارتی کونسل نے کہا کہ مرکزی بینک کی انتظامیہ کی سربراہی میں کی جانے والی ان تبدیلیوں کا مقصد ملک میں مالی اور اقتصادی حالات کے استحکام کو یقینی بنانا ہے۔ اس اقدام کا مقصد مرکزی بینک کی اپنے کاموں کو بہتر اور مؤثر طریقے سے انجام دینے کی صلاحیت کو بڑھانا بھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

سٹیٹسٹکس نے ابتدائی تخمینے میں کہا ہے کہ گھریلو پیداواری جی ڈی پی میں ماہ اپریل سے ماہ جون میں سالانہ 1.2 فیصد اضافہ ہوا۔ تاہم برطانوی اخبار کے مطابق سہ ماہی کے دوران جی ڈی پی میں فی کس اعتبار سے 0.4 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ جاری ہونے والے ابتدائی تخمینے کے مطابق صارفین کے اخراجات میں 12 فیصد اضافہ ہوا۔ مقررہ اثاثوں میں سرمایہ کاری کا تناسب 1.1 فیصد رہا۔ جبکہ حکومتی اخراجات 2.8 فیصد رہے۔ جس سے برآمدات میں 8.3 فیصد کمی واقع ہوئی۔ سال 2024 کی پہلی سہ ماہی میں جی ڈی پی 17.3 فیصد رہا جو کہ گزشتہ سال 14.4 فیصد تھا۔ جبکہ سال 2023 کی چوتھی سہ ماہی میں جی ڈی پی 20.6 فیصد تھا۔ رپورٹ کے مطابق 2024 کی پہلی ششماہی میں اسرائیل کی معیشت میں 5.2 فیصد اضافہ ہوا۔ گزشتہ سال اسی دورانیے میں 5.4 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ لیڈر کیپیٹل مارکیٹ کے چیف اکنامسٹ جوناتھن کاٹز نے کہا ہے کہ جنگ کی وجہ سے معیشت کی بحالی میں مشکلات کا سامنا ہے۔ نیز طلب و رسد میں پیش آنے والے مسائل سے مشکلات بڑھ رہی ہیں۔ جنگ کے آغاز سے ہی فلسطینی کارکنوں کے نہ ہونے کے باعث رہائشی تعمیرات میں سرمایہ کاری کی بحالی میں بھی مسائل کا سامنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

شہید اسپتال منتقل کیا جسے فائرنگ کرکے قتل کیا گیا۔ ایس ایچ او چکل انسپکٹر اورنگ زیب خٹک نے بتایا کہ جاں بحق شخص کی شناخت 35 سالہ عبدالخالق بروڑو ولد عبدالستار بروڑو کے نام سے ہوئی، مقتول کا آبائی تعلق اندرون سندھ کنڈی عطا محمد خان روڈ محلہ ٹھارو پور شکارپور سے تھا، مقتول کو سینے پر ایک گولی مار کر قتل کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 65

ڈے خاتمے کے لیے زیرو ٹالرینس کے تحت مسلسل کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ شہری اپنے اردگرد ملاوٹ کرنیوالوں کی اطلاع پنجاب فوڈ اتھارٹی کو 1223 پر دیں۔

بقیہ بقیہ جات 66

پیٹرول پمپ پر پیٹرول بھروانے آیا تھا۔ اس دوران پیٹرول پمپ ملازم اور ملزمان کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ ملزمان نے واپس جاتے ہوئے پیٹرول پمپ پر فائرنگ کی جس سے وہاں موجود بائیکیا رائیڈر ذیشان گولی لگنے سے جاں بحق ہوگیا تھا جبکہ پمپ کا ملازم عمیر زخمی ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 67

مسافر میں منکی پاکس یا اس کے علامات کا کوئی بھی کیس سامنے نہیں آیا۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ صحت سندھ کی جانب سے ایئرپورٹ پر 20 سے زائد ڈاکٹر اور پیرا میڈیکل عملہ اپنے فرائض انجام دے رہا ہے۔ مشتبہ مسافر کی جانچ کیلئے علیحدہ روم بھی بنائے گئے ہیں، بارڈر ہیلتھ اور محکمہ صحت سندھ کی ٹیمیں 24 گھنٹے اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 68

ایجنسی نے بتایا کہ شکاگو میں 4 روزہ ڈیموکریٹک کنونشن آج سے شروع ہورہا ہے۔ آرڈرن تقریب میں شرکت کے ساتھ ساتھ امریکی ڈیموکریٹ سے منسلک تھنک ٹینک اور ایڈووکیسی آرگنائزیشن سینٹر فار امریکن پروگریس ایکشن فنڈ کے زیر اہتمام پینل میں بھی شامل ہوں گی۔ شکاگو میں منعقد ہونے والی 4 روزہ تقریب میں کاملہ ہیرس کی بطور پارٹی صدارتی امیدوار نامزدگی کی باقاعدہ توثیق کی جائے گی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور/ ریونیو آفیسر حلقہ

عنوان: انتقال وراثت

دین محمد (متوفی) ولد فتح محمد ساکن موضع قلعہ ہری چندوالا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع قلعہ ہری چندوالا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ دین محمد (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکا ہے۔ جس کے تمام وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ کنیز (بیوہ)، ذیشان احمد تبسم، محمد عماز تبسم، محمد عمران، نثار احمد، مہوش کنول پسران و دختر متوفی دین محمد ساکنان قلعہ ہری چندوالا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت دین محمد (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کردیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

28 اگست کی ملک گیر ہڑتال کو ہر حال میں کامیاب بنائیں گے، ضیاء الدین انصاری

جماعت اسلامی کی تحریک آگے بڑھے گی اور عوام کو ریلیف ضرور ملے گا، 2 ماہ کیلئے بجلی کا ریلیف لالی پاپ کے سوا کچھ نہیں، عوام کو مستقل ریلیف فراہم کیا جائے۔

آئی پی پیز کے کیپیسٹی چارجز اور تنخواہ دار طبقے پر ظالمانہ ٹیکس عوام کو کسی صورت قبول نہیں ہے، مختلف تقاریب اور وفود سے گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ 28 اگست کی ملک گیر ہڑتال کو ہر حال میں کامیاب بنائیں گے۔ حکومت کا دو ماہ کے بجلی کے بلوں میں ریلیف ناکافی ہے، 2 ماہ کیلئے بجلی کا ریلیف لالی پاپ کے سوا کچھ نہیں، عوام کو مستقل ریلیف فراہم کیا جائے۔ آئی پی پیز کے کیپیسٹی چارجز، تنخواہ دار طبقے پر ظالمانہ ٹیکس عوام کو کسی صورت قبول نہیں ہے۔ حکمرانوں کو مجبور کریں گے عوام کو مستقل بنیادوں پر ریلیف فراہم کیا جائے۔ پہیہ جام ہڑتال عوام کو ریلیف دلوانے کیلئے ہماری جدوجہد کا حصہ ہے جس کی کامیابی کیلئے رابطہ عوام مہم کے ذریعے اہل لاہور کو منظم کر رہے ہیں۔ لاہور کے تاجر، وکلاء، ڈاکٹر، اساتذہ اور ٹرانسپورٹرز عوام کے ریلیف کیلئے پہیہ جام ہڑتال میں قلیدی کردار ادا کریں گے۔ امیر لاہور نے مزید کہا کہ قوم قائد حافظ نعیم الرحمن کا ساتھ دے۔ قوم کو حکمرانوں کی ظالمانہ پالیسیوں سے نجات دلوا کر دم لیں گے۔ موجودہ حالات میں اگر کوئی سیاسی پارٹی یا لیڈر عوام کے حقوق کی بات کر رہا تو وہ صرف جماعت اسلامی اور حافظ نعیم الرحمن ہیں۔ قوم کو اپنی خیر خواہ قیادت کو پہنچانا ہوگا اور بھرپور ساتھ دینا ہوگا، تب ہی موجودہ حالات میں بہتر آئے گی۔ ان خیالات کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

پنجاب سب سے زیادہ خوراک پیدا کرنے کے باوجود ہمارے بچے کم وزن اور خوراک کی کمی کا شکار ہیں، خواجہ عمران نذیر

ماں، بچے کی غزائیت کی کمی کے عوامل دور کرنے کے لئے نیوٹریشن بورڈ، آئی آر ایم این سی ایچ جدید میکانزم وضع کرے گا

ہمارے سنٹرز پر سالانہ 30 لاکھ سے زائد بچوں کی نیوٹریشن سکریننگ ہو رہی ہے، خواجہ عمران نذیر کی بل اینڈ ملنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد سے گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ پنجاب سب سے زیادہ خوراک پیدا کرنے کے باوجود ہمارے بچے کم وزن اور خوراک کی کمی کا شکار ہیں۔ غزائیت کی کمی کے بنیادی عوامل دور کرنے کے لئے ماں بچے کی صحت پر پنجاب نیوٹریشن بورڈ، آئی آر ایم این سی ایچ ایک جلد میکانزم وضع کرے گا۔ ہمارے 2000 سے زائد سنٹرز پر سالانہ 30 لاکھ بچوں کی نیوٹریشن سکریننگ کی جا رہی ہے۔ صوبہ میں 42000 سے زائد لیڈی ہیلتھ ورکرز کے ذریعے بچوں کی نیوٹریشن سکریننگ کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے ان خیالات کا اظہار محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں بل اینڈ ملنڈا گیٹس فاؤنڈیشن (BMGF) کے وفد کی ملاقات کے دوران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کے دوران بچوں، ماؤں کی نیوٹریشن، فیملی پلاننگ، پولیو ویکسینیشن سمیت صحت عامہ کے امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بل اینڈ ملنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد کی قیادت چیر مین جینڈر ایکوالٹی ڈاکٹر امتیاز زیدی نے کی۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ پنجاب میں صحت مند معاشرہ کے قیام کے لئے بچوں کی نیوٹریشن کو کریکلم کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔ ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی اور وسائل کا توازن پیدا کرنے کے لئے بھرپور عوامی آگہی مہم چلانا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری گرین پاکستان مہم کے تحت ریلوے گرلز ہائی سکول مغلپورہ میں پودا لگا رہے ہیں

اسرائیلی ہٹ دھرمی کے سامنے دنیا کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے' مرکزی علماء کونسل

اسرائیل انسانیت سوز مظالم کے ذریعے فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے' صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا ہے کہ اسرائیلی ہٹ دھرمی کے سامنے دنیا کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے، اسرائیل نے فلسطینیوں پر ظلم اور بربریت کی جو داستان رقم کی ہے اس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی، اسرائیل انسانیت سوز مظالم کے ذریعے فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

حضرت عمار بن یاسرؓ جلیل القدر صحابی رسولؐ تھے' سنی علما کونسل

رحمت والے نبی پاک ﷺ کا ایک ایک شاگرد صحابی امت مسلمہ کا محسن ہے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حضرت عمار بن یاسرؓ جلیل القدر صحابی رسولؐ تھے، حضرت عمار بن یاسرؓ وہ مرد مجاہد ہیں جنہوں نے ابتدا میں اسلام قبول کیا اور شہادت کا رتبہ حاصل کیا، رحمت والے نبی پاک ﷺ کا ایک ایک شاگرد صحابی امت مسلمہ کا محسن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنی زندگیاں اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں گزاریں اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

2 کروڑ کی ڈکیتی، زخمی گارڈ جاں بحق ہونے کے بعد تفتیش ایس آئی یو منتقل کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں رواں سال کی سب سے بڑی ڈکیتی کے واقعے کی تفتیش اسپیشل انویسٹیگیشن یونٹ) ایس آئی یو (کو منتقل کی جا رہی ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ کراچی میں چند دن قبل اسٹاک ایکسچینج کے قریب شہری سے ہونے والی 2 کروڑ روپے کی ڈکیتی کیس میں زخمی گارڈ جاں بحق ہو گیا ہے، جس کے بعد تفتیش ایس آئی یو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق اس کیس میں موجود سی سی ٹی وی فوٹیجز سمیت تمام شواہد آج ایس آئی یو کے حوالے کیے جائیں گے، تاہم کیس پر ایس آئی یو کے ساتھ ضلع پولیس بھی تفتیش جاری رکھے گی۔

کراچی میں انسانی اسمگلنگ میں ملوث گینگ کا اہم رکن گرفتار

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے کراچی میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث گینگ کا اہم رکن گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 8 مسافروں کو حراست میں لیا گیا جبکہ کراچی ایئرپورٹ پر ایران جانے والے 2 مسافروں کو آف لوڈ کیا گیا۔ ملزمان کی نشاندہی پر ماڈل کالونی کے قریب چھاپہ مارا گیا جہاں انسانی اسمگلر محمد آصف کو دیگر 8

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کی تعلیمی اداروں کے باہر ٹریفک کے بہترین انتظامات کی ہدایت

صبح سکول لگنے اور چھٹی کے اوقات پر اضافی نفری لگا کر بچوں کو محفوظ سفر مہیا کیا جائے' مرزا فاران بیگ

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے تعلیمی اداروں کے باہر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کے لئے بہترین انتظامات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تمام سی ٹی او اور ڈی ٹی او صاحبان اپنے اپنے اضلاع میں تعلیمی اداروں کے باہر بہترین انتظامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ صبح سکول لگنے اور چھٹی کے اوقات پر اضافی نفری لگا کر بچوں کو محفوظ سفر مہیا کیا جائے، تعلیمی اداروں کی انتظامیہ سے مل کر بہترین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

ضلعی انتظامیہ لاہور کا گراں فروشوں کے گرد گھیرا مزید تنگ، 15 گرفتاریاں

2138 مقامات کی چیکنگ، 119 خلاف ورزیوں پر 04 لاکھ روپے کے جرمانے عائد

لاہور (این این آئی) ضلعی انتظامیہ لاہور کا گراں فروشوں کے گرد گھیرا مزید تنگ، 15 گرفتاریاں، 2138 مقامات کی چیکنگ کے دوران 119 خلاف ورزیوں پر 04 لاکھ روپے کے جرمانے عائد کر دیئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے ٹاؤن شپ مدینہ مارکیٹ فروٹ اور سبزی منڈی کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ماڈل ٹاؤن صاحبزادہ محمد یوسف بھی ہمراہ موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار انعم فاطمہ نے سنگھ پورہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

لاہور، شہر میں موسلا دھار بارش کے دوران گاڑی مزنگ کے علاقہ میں سڑک پر جمع پانی سے گزر رہی ہے

تعلیمی سرگرمیاں مکمل بحال، سکولوں کے باہر 200 اضافی وارڈنز تعینات

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے حکم پر سکول و کالجز کے باہر ٹریفک کی روانی کیلئے جامعہ ٹریفک پلان مرتب کرتے ہوئے مصروف اور اہم شاہراہوں پر واقع 200 سے زائد سکولوں کے باہر اضافی پٹرولنگ آفیسرز تعینات کر دیئے گئے۔ ڈی ایس پیز سکول ٹائم اور چھٹی کے اوقات میں خود فیلڈ میں موجود رہیں گے۔ مال روڈ، جیل روڈ، فیروزپور روڈ، مین بلیوارڈ گلبرگ، علاقہ اقبال روڈ، وحدت روڈ، مولانا شوکت علی روڈ، کینال روڈ پر اضافی نفری تعینات کی گئی ہے۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے سرکل افسران کو سکول و

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

میئر سکھر کا ریکارڈ بارشوں کا دعویٰ، محکمہ موسمیات نے تردید کردی

سکھر (این این آئی) میئر سکھر ارسلان شیخ نے شہر میں 300 ملی میٹر بارش کا دعویٰ کر دیا جبکہ محکمہ موسمیات نے ان کے دعوے کی تردید کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سکھر میں گزشتہ 2 روز سے جاری بارش نے انتظامیہ کی کارکردگی کا پول کھول دیا ہے، شہر کی سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں جبکہ ریلوے اسٹیشن اور اطراف کے علاقے تاحال پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے میئر سکھر ارسلان شیخ نے دعویٰ کیا کہ شہر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

PRIMARY AND SECONDARY HEALTHCARE
DEPARTMENT

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر سے بل اینڈ ملنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

برطانوی مسلمانوں کے گھروں، مساجد پر حملے قابل مذمت ہیں' متحدہ علما کونسل

مسلمانوں کی کمیونٹی کے خلاف تشدد، حملے انسانی حقوق کی بھی سنگین خلاف ورزی ہیں

لاہور (این این آئی) تمام مکاتب فکر کے مشترکہ دینی فورم متحدہ علما کونسل پاکستان کے صدر مولانا زاہد الراشدی، مولانا عبدالمالک، مولانا عبدالرف ملک، مولانا ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، حافظ عبدالغفار روپڑی، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا سردار محمد خان لغاری، صاحبزادہ قمر الحق سیالوی، ر، ڈاکٹر محمد سرفراز اعوان، ڈاکٹر حافظ عاطف وحید اور سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر حافظ محمد سلیم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ برطانوی مسلمانوں کے گھروں اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

سیاسی و معاشی بحران سے نجات کا واحد راستہ اسلامی انقلاب ہے' جے یو آئی

اسلامی انقلاب کے ذریعے ہی ہم سیاسی، معاشی بحرانوں سے موثر طریقے سے نمٹ سکتے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیاسی و معاشی بحران سے نجات کا واحد راستہ اسلامی انقلاب ہے، اسلامی انقلاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

25 سی ٹی ڈی کارپورلز کی گریڈ 14 میں بطور انڈر آفیسر ترقی

ترمیم شدہ رولز کے مطابق سی ٹی ڈی کارپورلز گریڈ 19 تک ترقی کی منازل طے کر سکیں گے

دہشت گردی، فرقہ واریت، شدت پسندی میں ملوث شر پسند عناصر، سہولت کاروں کا مستقل صفایا یقینی بنایا جائے' عثمان انور

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) میں محکمانہ پروموشن بورڈ کے اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں پروموشن بورڈ نے 25 سی ٹی ڈی کارپورلز کو گریڈ 14 میں بطور انڈر آفیسر ترقی دے دی۔ 13 کارپورلز کو ریگولر جبکہ 12 کو آفیشیٹنگ بنیادوں پر اگلے عہدے پر ترقی دی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

بجلی بلوں پر صرف پنجاب کو ریلیف دینا امتیازی سلوک ہے، فاروق ستار

نواز شریف اپنی بیٹی کے ساتھ بیٹھ کر پنجاب کے لئے اشرفیاں لٹا رہے ہیں

بجلی کا استعمال کرنے والے صارفین کی صورتحال سامنے ہے

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ بجلی بلوں پر صرف پنجاب کو ریلیف دینا امتیازی سلوک ہے۔ ایم کیو ایم رہنما فاروق ستار نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کا استعمال کرنے والے صارفین کی صورتحال سامنے ہے، گزشتہ دنوں مصطفیٰ کمال بھائی نے بات کی تھی کیا سندھ میں رہنے و

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

45 دن میں ریلیف نہیں دیا تو ہر قصبے سے لانگ مارچ ہوگا، حافظ نعیم الرحمن

پورے پاکستان کی معیشت کا آدھا حصہ کراچی کا ہے

صوبائی حکومت کا 97، 98 فیصد ریونیو کراچی سے ہوتا ہے، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ 45 دن مین ریلیف نہیں دیا تو ہر قصبے سے لانگ مارچ ہوگا۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پورے پاکستان کی معیشت کا آدھا حصہ کراچی کا ہے، صوبائی حکومت کا 97، 98 فیصد ریونیو کراچی سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

بجلی کی قیمتوں میں ریلیف مستقل ہونا چاہیے، سعید غنی

2 مہینے کے بعد کیا ہوگا؟ بجلی مزید مہنگی ہونے پر شہریوں کو مہنگی بجلی خریدنا پڑے گی

سندھ کے کچھ اضلاع میں شدید بارشیں ہوئیں، ضلع دادو میں ابھی بھی بارشیں ہو رہی ہیں

کراچی (این این آئی) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ بجلی کی قیمتوں میں ریلیف مستقل ہونا چاہیے۔ وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کے کچھ اضلاع میں شدید بارشیں ہوئیں، ضلع دادو میں ابھی بھی بارشیں ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں بارشوں سے میہڑ سب سے زیادہ متاثر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

لاہور، لاہور کا رہائشی بابر سہیل مبینہ طور پر کیمپ جیل میں اپنے زیر حراست بیٹے کی تشدد سے ہلاکت کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہا ہے

کرایہ نامہ تھانے میں رجسٹرڈ کیوں نہیں کروایا؟ کورنگی میں 121 کرائے دار گرفتار

کراچی (این این آئی) کرایہ نامہ تھانے میں رجسٹرڈ کیوں نہیں کروایا؟ ضلع کورنگی پولیس نے 51 مقدمات درج کر کے 121 کرائے داروں کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کورنگی پولیس نے بنا تصدیق کے رہائشی کرائے داروں کے خلاف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

رقم کے عوض 45 کم عمر لڑکیوں کی شادی، وزیراعلی سندھ نے نوٹس لے لیا

تمام معاملات کی سماجی، معاشی اور قانونی وجوہات بتائیں

کمیٹی بنا کر مذکورہ گوٹھ کا تفصیلی دورہ کریں، کمشنر حیدرآباد کو ہدایت

کراچی (این این آئی) دادو کے خان محمد ملا گوٹھ میں رقم کے عوض 45 کم عمر لڑکیوں کی شادی پر وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے سخت نوٹس لے لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق دادو ضلع کے خان محمد ملا گوٹھ میں اب تک رقم کے عوض 45 کم عمر لڑکیوں کی شادی کرائی جا چکی ہے، جس کے بارے میں کہا جا رہا ہے کہ یہ لڑکیاں دو سال پہلے آنے والے سیلاب متاثرہ خاندان کی ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کم عمر لڑکیوں کی شادی کے واقعے پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

رینجرز اور پولیس کی مشترکہ کارروائی میں لیاری سے 2 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) سندھ رینجرز اور ضلع سٹی پولیس نے لیاری میں مشترکہ کارروائی کے دوران ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم میں ملوث 2 ملزمان سید جواد شاہ اور سردار محمد عرف کانیا کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا ہے۔ ترجمان رینجرز کے مطابق دوران تفتیش ملزم سید جواد شاہ نے اپنے دیگر ساتھیوں کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

لاہور، پولیس اہلکار بغیر ہیلمٹ کے موٹر سائیکل پر سفر کے دوران موبائل فون پر بات کرتے جا رہا ہے

اینکر مرید عباس قتل کیس میں 4 سال بعد بڑی پیش رفت

ملزم عاطف زمان کیخلاف گواہ نے سیشن عدالت میں بیانات ریکارڈ کرا دیئے

کراچی (این این آئی) اینکر مرید عباس قتل کیس میں ملزم عاطف زمان کیخلاف گواہ نے سیشن عدالت میں بیانات ریکارڈ کرا دیے۔ تفصیلات کے مطابق اینکر مرید عباس سمیت 2 افراد کیقتل کیس میں 4 سال بعد پیش رفت سامنے آئی، ملزم عاطف زمان کیخلاف گواہ نے سیشن عدالت میں بیانات ریکارڈ کرا دیے۔ گواہ نے بیان میں کہا کہ ملزم عاطف زمان نے بھائی عادل زمان کیساتھ مل کر 2 افراد کو قتل کیا۔ عدالت میں سی سی ٹی وی فوٹیج اور استعمال اسلحے کی فرانزک رپورٹ کا جائزہ لیا گیا اور ملزمان کے وکیل نے گواہوں کے بیانات پر جرح مکمل کر لی، جس کے بعد ایڈیشنل سیشن جج نے آئندہ سماعت سرکاری گواہوں کو طلب کر لیا ہے۔ یاد رہے ملزم عاطف زمان نے 2019 میں مرید عباس اور خضر حیات کو قتل کیا تھا جبکہ ملزم کا بھائی عادل زمان سپریم کورٹ سے ضمانت خارج ہونے پر تاحال فرار ہے۔ جولائی 2019 میں کراچی کے پوش علاقے ڈیفنس میں پیسوں کے لین دین کے تنازع پر ملزم عاطف زمان نے ٹی وی اینکر مرید عباس اور ان کے دوست خضر حیات کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ ملزم عاطف زمان نے اس دہرے قتل کے بعد خود کو بھی گولی مار کر خودکشی کی کوشش کی تھی تاہم اسے بچا لیا گیا تھا۔ بعد ازاں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی سربراہی میں ٹیموں کے قصور روڈ پر 6 معروف ریسٹورنٹس، بیکریوں پر چھاپے

2 لاکھ کے جرمانے عائد، 3 کو اصلاحی نوٹس جاری، بھاری مقدار میں حشرات زدہ مٹھائیاں، ممنوعہ ایکسپائر اشیا تلف

لاہور (سپیشل رپورٹر) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیموں کے قصور روڈ پر واقع 6 معروف ریسٹورنٹس اور بیکریوں پر چھاپے، 3 معروف ریسٹورنٹ اور سویٹس یونٹ کو 2 لاکھ کے جرمانے عائد، 3 کو اصلاحی نوٹس جاری جبکہ بھاری مقدار میں حشرات زدہ مٹھائیاں اور ممنوعہ ایکسپائر اشیا تلف کر دی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ پروسیسنگ ایریا میں صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، انتہائی لازم ریکارڈ، ملازمین کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود پائے گئے۔ پروسیسنگ سیکشن میں بدبودار ماحول، کھلی نالیاں اور فروخت کے لیے تیار مٹھائی میں مکھیوں کی بھر پائی گئی۔ زنگ آلود فریز کی خستہ حالت، فریزر میں بال بھی موجود پائے گئے۔ معروف ریسٹورنٹ میں تیار کھانے بغیر ڈھانپے رکھے پائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر تمام فوڈ پوائنٹس اور یونٹس کی چیکنگ عمل میں لائی جا رہی ہے، جعل سازی کرنے والے باز رہیں، کاروبار جڑ سے اکھاڑ دیا جائے گا۔ صحت دشمن عناصر کے جڑ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65

لاہور، لیسکو کے برطرف ملازمین پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سندھ کے عوام کو بھی بجلی کے بلوں میں 14 روپے فی یونٹ ریلیف دیا جائے: کراچی چیمبر

سندھ کے عوام اور تاجروں کے لیے موجودہ نرخ پر بجلی کے بل بھرنا ناممکن ہے' بیان جاری

کراچی (این این آئی) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ سندھ کے عوام کو بھی بجلی کے بلوں میں 14 روپے فی یونٹ ریلیف دیا جائے۔ یہ مطالبہ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے کے ذریعے کیا گیا ہے۔ کراچی چیمبر کا اپنے اعلامیے میں کہنا ہے کہ وفاق پنجاب کی طرح سندھ کے لیے بھی بجلی کے بلوں میں فوری ریلیف کا اعلان کرے۔ اعلامیے میں کراچی چیمبر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

پشاور، صوبائی وزیر تعلیم فیصل خان ترکئی ای ٹرانسفر پالیسی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اے ٹی ایم کی بندش اور آن لائن بینکنگ سے متعلق گمراہ کن معلومات پر ایڈوائزی جاری

کراچی (این این آئی) سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اے ٹی ایم کی بندش اور آن لائن بینکنگ سے متعلق گمراہ کن معلومات پر ایڈوائزی جاری کر دیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ اے ٹی ایم کی بندش اور آن لائن بینکنگ سے متعلق اب تک کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔ تفصیلات کے مطابق یہ ایڈوائزری نیشنل کمپیوٹر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

اسرائیلی پولیس کی تل ابیب میں دھماکے کی تحقیقات جاری

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج کے ترجمان نے کہا ہے کہ اسرائیلی پولیس تل ابیب میں ہونے والے دھماکے کی تحقیقات کر رہی ہے جس میں ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ بظاہر لگتا ہے کہ یہ مزاحمت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

اسرائیل پہنچنے والے امریکی وزیرِ خارجہ کا سعودی ہم منصب سے رابطہ

دونوں رہنماؤں نے غزہ، یمن اور سوڈان کی صورتِ حال پر تبادلہ خیال کیا، غیر ملکی میڈیا

ریاض (این این آئی) سعودی وزیرِ خارجہ فیصل بن فرحان اور امریکی وزیرِ خارجہ انٹونی بلنکن کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹیلیفونک رابطے کے دوران دونوں رہنماؤں نے غزہ، یمن اور سوڈان کی صورتِ حال پر تبادلہ خیال کیا۔ امریکی وزیرِ خارجہ انٹونی بلنکن مشرقِ وسطیٰ کے دورے پر اتوار کو تل ابیب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

کملا ہیرس نے ٹرمپ کو بزدل قرار دیدیا

دوسروں کو نیچا دکھانے یا گرانے کی کوشش کرنیوالا بزدل ہوتا ہے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر اور ڈیموکریٹک پارٹی کی صدارتی امیدوار کملا ہیرس نے اپنے مخالف ریپبلکن صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ کو بزدل قرار دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پینسلوینیا میں اپنی انتخابی مہم کے دوران خطاب میں ٹرمپ کو بلاواسطہ تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کملا ہیرس نے کہا کہ 5 نومبر کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

حزب اللہ رہنما فادشکر کی ہلاکت سے متعلق نئی تفصیلات جاری

فادشکر نے ہلاکت سے محض چند گھنٹے پہلے حزب اللہ بانی سے بات چیت کی تھی، امریکی اخبار

بیروت (این این آئی) گذشتہ ماہ 30 جولائی کو لبنان کے دار الحکومت بیروت کے جنوبی نواحی علاقے 'ضاحیہ' میں ایک رہائشی عمارت پر اسرائیلی فضائی حملے کے کے بارے میں نئی تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ اس کارروائی میں حزب اللہ کا سینئر رہنما فادشر ہلاک ہو گیا تھا۔ امریکی اخبار کے مطابق ہلاکت کی اس کارروائی میں حزب اللہ کے اندرونی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

لیبیا، مرکزی بینک کے لیے نیا گورنر مقرر کرنے کا فیصلہ

الصدیق الکبیر کی جگہ عبدالسلام شکری کو نیا گورنر مقرر کیا جائیگا، صدارتی کونسل

طرابلس (این این آئی) لیبیا کی صدارتی کونسل نے نئے گورنر کی تقرری اور مرکزی بینک کے لیے نئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل کی منظوری کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اس کا مقصد ملک کی صلاحیتوں کی حفاظت کرنا اور انہیں کسی بھی قسم کے نقصان سے بچانا ہے۔ صدارتی کونسل نے ایک بیان میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

معاشی ترقی کی بڑھوتری اسرائیلی توقع سے کم ہوگئی

غزہ جنگ کے دوران معیشت میں اتار چڑھاؤ دیکھنے میں رہا ہے، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) سال 2024 کی دوسری سہ ماہی میں اسرائیلی معیشت میں اضافہ توقع سے کم رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق غزہ میں جاری اسرائیلی جنگ کے دوران معیشت میں اتار چڑھاؤ دیکھنے میں رہا ہے۔ تاہم افراط زر کے پیش نظر مرکزی بنک کی شرح میں کمی کا سامنا اچھا نہیں سمجھا جا رہا۔ سنٹرل بیورو آف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

کراچی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ڈکیتی مزاحمت پر دو شہری زخمی

کراچی (این این آئی) فائرنگ کے واقعات میں ایک شخص جاں بحق اور دو افراد زخمی ہو گئے، پولیس کا کہنا ہے کہ شبہ ہے کہ ہلاک ہونے والے شخص کا جرائم پیشہ شخص سے تعلق تھا۔ تفصیلات کے مطابق سچل کے علاقے سپر ہائی وے مدراس چوک جیوانی علی کمپلیکس کے قریب سے ایک شخص کی لاش ملی، اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لے کر پولیس کارروائی کے لیے عباسی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کراچی: بائیکیا رائیڈر کے قتل کا ملزم گرفتار

بائیکیا رائیڈر کو قتل کرنے والے 1 ملزم کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ دوسرا ملزم فرار ہو گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں گزشتہ ماہ اسکیم 33 غازی گوٹھ میں پیٹرول پمپ پر فائرنگ کر کے بائیکیا رائیڈر کو قتل کرنے والے 1 ملزم کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ دوسرا ملزم فرار ہو گیا۔ فائرنگ کے واقعے میں پیٹرول پمپ کا 1 ملازم بھی زخمی ہوا تھا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت طفیل کے نام سے ہوئی ہے جو کہ نشے کا بھی عادی ہے، ملزم کے دوسرے ساتھی کی تلاش جاری ہے۔ گرفتار ملزم اپنے فرار ہونے والے ساتھی کے ہمراہ گزشتہ ماہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66

کانگو اور منکی پاکس کی روک تھام؛ جناح ٹرمینل پر 22 پروازوں کے مسافروں کی اسکریننگ

کراچی (این این آئی) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کانگو اور منکی پاکس وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام کے تناظر میں 24 گھنٹوں کے دوران 22 سے زائد پروازوں کی اسکریننگ کے ذریعے طبی جانچ پڑتال کی گئی۔ فوکل پرسن جناح ٹرمینل ایئرپورٹ ڈاکٹر سید ظفر مہدی کے مطابق کسی بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67

امریکا، سابق وزیرِ اعظم نیوزی لینڈ جیسینڈا آرڈرن ڈیموکریٹک کنونشن میں شرکت کرینگی

ویلنگٹن (این این آئی) سابق وزیرِ اعظم نیوزی لینڈ جیسینڈا آرڈرن امریکا میں ڈیموکریٹک کنونشن میں شرکت کریں گی۔ اس حوالے سے غیر ملکی خبر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68

لاہور، محسن نقوی کو قذافی اسٹیڈیم اپ گریڈیشن منصوبے پر پیشرفت بارے بریفنگ دی جا رہی ہے

ABC CERTIFIED
قوت

اعلان تقرری

علی شیر چدھڑ

تحصیل رپورٹر پنڈی بھٹیاں

0342-0182950

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ

ABC CERTIFIED
قوت

اعلان تقرری

مہر اے ڈی نسیم سپرا

ڈسٹرکٹ رپورٹر ساہیوال

0300-6939929
0342-6939929

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ